اس کتاب کو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے ناشر سے پرنٹ لائسنس حاصل
کر کے سرکاری سکولوں میں مفت تقسیم کے لیے بھی طبع کیا ہے۔
ناشر کی تحریری اجازت کے بغیر اس کتاب کا کوئی حصہ کسی امدادی کتاب،
خلاصہ، ماڈل پیپر یا گائیڈ وغیرہ میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔

# جنرل ریاضی

# 9

ناشر: علی برادران
پنجاب پلازہ اردو بازار لاہور
فون: 042-37242233 فیکس: 042-37361302
ویب سائٹ www.alibrotheran.com ای میل info@alibrotheran.com

جملہ حقوق بحق ناشر علی برادران لاہور محفوظ ہیں۔
بمطابق قومی نصاب 2006ء اور نیشنل ٹیکسٹ بک اینڈ لرننگ میٹریلز پالیسی 2007ء
منظور کردہ: وفاقی وزارتِ تعلیم حکومت پاکستان، اسلام آباد
بذریعہ مراسلہ نمبر F.1-23/2010-Math تاریخ 5 جنوری 2011

# فہرست


| یونٹ نمبر | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | فی صد۔ نسبت اور تناسب | 3 |
| 2 | زکوۃ۔ عشر اور وراثت (ترکہ) | 31 |
| 3 | کاروباری حساب | 43 |
| 4 | مالیاتی ریاضی | 67 |
| 5 | صارفین کی ریاضی | 117 |
| 6 | قوت نما اور لوگارتھم | 135 |
| 7 | اعداد کے جمعی اور ضربی سلسلے | 175 |
| 8 | سیٹ اور تفاعل | 195 |
| 9 | خطی گراف | 221 |
| 10 | بنیادی شماریات | 249 |
| 11 | جوابات | 291 |
| 12 | فرہنگ | 308 |
| 13 | اشارات | 312 |
| 14 | انڈیکس | 313 |
| 15 | لوگارتھم | 316 |


مصنفین: ڈاکٹر محمد اسلم ملک (ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل، پی ایچ ڈی) پوسٹ ڈاکٹریٹ (برمنگھم یونیورسٹی یوکے)
مقصود رضا احمد (ایم ایس سی، ایم فل)

ایڈیٹر: محمد جعفر (ایم ایس سی)

ترجمہ: محمد اقبال باقر (ایم ایس سی)
جاوید اقبال (ایم ایس سی)

کوآرڈینیٹر: محبوب علی عاصم

کمپوزنگ اینڈ ڈیزائنگ: محمد ارسلان سلیم

ناشر: علی برادران پنجاب پلازہ اردو بازار لاہور

مطبع: علی برادران پبلشرز اینڈ پرنٹرز لاہور

| تاریخ اشاعت | ایڈیشن | بار | تعداد | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| مارچ 2019ء | پنجم | اول | 27200 | 150.00 |

یونٹ

1

# فی صد۔ نسبت اور تناسب
# PERCENTAGE, RATIO AND PROPORTION

- فی صد
- نسبت
- تناسب
- مرکب تناسب

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- فی صد بطور کسر (نسب نما 100 کے ساتھ)
- تبدیلی:
  - فی صد کی کسر میں تبدیلی بلحاظ نسب نما 100 کے ساتھ
  - کسر کو 100 فی صد سے ضرب دے کر فی صد میں تبدیل کرنا
  - فی صد کو اعشاریہ اور اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کرنا
- روزمرہ زندگی میں فی صد کا استعمال
- نسبت
  - اینٹی سی ڈینٹ اور کانسی کوئنٹ
  - نسبت کی کوئی اکائی نہیں ہوتی
  - نسبت کا آرڈر
- نسبت میں جب ایک عدد کو بڑھایا یا کم کیا جائے تو کیا ہوتا ہے۔
- روزمرہ زندگی میں تناسب کے مسائل
- تناسب
- تناسب (راست اور معکوس)
- روزمرہ زندگی سے تناسب کے مسائل
- مرکب تناسب
- مرکب تناسب سے متعلقہ مسائل

## 1.1- فی صد Percent

لفظ پرسنٹ (Percent) لاطینی لفظ پرسنٹم کی مختصر شکل ہے۔ فی صد عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کا مطلب ''سو میں سے'' یا ''سو پر'' ہے۔ فی صد کے لیے علامت % استعمال ہوتی ہے۔

### 1.1- فی صد بطور کسر (نسب نما 100 کے ساتھ)

40% کا مطلب 100 میں سے 40 $= \frac{40}{100}$

60% کا مطلب 100 میں سے 60 $= \frac{60}{100}$

85% کا مطلب 100 میں سے 85 $= \frac{85}{100}$

### 1.1.2- فی صد کی کسر میں تبدیلی بلحاظ نسب نما 100

ہم فی صد کو کسر میں نسب نما 100 کے ساتھ تبدیل کرنے کا طریقہ درج ذیل مثالوں سے دیکھتے ہیں۔

30% کا مطلب 100 میں سے 30 $= \frac{30}{100}$

55% کا مطلب 100 میں سے 55 $= \frac{55}{100}$

**مثال:-** $45\frac{1}{2}\%$ اور $22\frac{1}{2}\%$, $70\%$ کو بطور کسر آسان شکل میں واضح کریں۔

**حل:-** $70\% = \frac{70}{100}$

$= \frac{7}{10}$

$$22\frac{1}{2}\% = \frac{45}{2\times 100}$$
$$= \frac{9}{2\times 20}$$
$$= \frac{9}{40}$$

$$45\frac{1}{2}\% = \frac{91}{2\times 100}$$
$$= \frac{91}{200}$$

## کسر کو **100%** سے ضرب دے کر فی صد میں تبدیل کرنا۔

کسر کو 100% سے ضرب دے کر فی صد میں تبدیل کرنے کے لیے ہم درج ذیل مثالوں کو دیکھتے ہیں۔

**مثال:-** دی گئی کسروں کو فی صد میں تبدیل کیجئے۔

(i) $\frac{7}{20}$  (ii) $\frac{9}{20}$  (iii) $\frac{7}{5}$  (iv) $\frac{1}{3}$

**حل:-**

(i) $\frac{7}{20} = \frac{7}{20}\times 100\%$
$= 7\times 5\%$
$= 35\%$

(ii) $\frac{9}{20} = \frac{9}{20}\times 100\%$
$= 9\times 5\%$
$= 45\%$

(iii) $\frac{7}{5} = \frac{7}{5}\times 100\%$
$= 7\times 20\%$
$= 140\%$

(iv) $\frac{1}{3} = \frac{1}{3}\times 100\%$
$= \frac{100}{3}\%$
$= 33\frac{1}{3}\%$

## فی صد کو اعشاریہ اور اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کرنا۔

فی صد کو اعشاریہ میں تبدیل کرنے کے لیے ہم درج ذیل مثالوں کو دیکھتے ہیں۔

**مثال 1:-** اعشاریہ میں تبدیل کیجئے۔

(i) $54\%$ (ii) $16\frac{1}{2}\%$ (iii) $27\frac{1}{3}\%$

**حل:-**

(i) $54\% = \frac{54}{100}$

$= 0.54$

(ii) $16\frac{1}{2}\% = \frac{16.5}{100}$

$= \frac{165}{1000}$

$= 0.165$

(iii) $27\frac{1}{3}\% = \frac{82}{3 \times 100}$

$= \frac{27.3}{100}$

$= \frac{273}{1000}$

$= 0.273$

> سطح زمین کا %71 پانی ہے۔
> سطح زمین پر خشکی کتنے فی صد ہے؟ ☐

**مثال 2:-** اسلم نے انگلش میں 50 میں سے 35 نمبر حاصل کیے، اردو میں 75 میں سے 60 اور مطالعہ پاکستان میں 75 میں سے 72 نمبر حاصل کیے۔ اس کی کس مضمون میں کارکردگی بہتر رہی۔

**حل:-**

انگلش میں حاصل کردہ نمبر فی صد میں $= \frac{35}{50} \times 100\%$

$= 35 \times 2\%$

$= 70\%$

$$\text{اردو میں حاصل کردہ نمبر فی صد میں} = \frac{60}{75} \times 100\%$$
$$= 20 \times 4\%$$
$$= 80\%$$

$$\text{مطالعہ پاکستان میں حاصل کردہ نمبر فی صد} = \frac{72}{75} \times 100\%$$
$$= 24 \times 4\%$$
$$= 96\%$$

پس اسلم کی بہترین کارکردگی مطالعہ پاکستان کے مضمون میں رہی۔

**مثال 3:-** درج ذیل کو فی صد کی شکل میں واضح کیجئے۔

(i) 0.7 (ii) 0.13 (iii) 1.26

**حل:-**

$$(i)\ 0.7 = 0.7 \times 100\%$$
$$= \frac{7}{10} \times 100\%$$
$$= 7 \times 10\%$$
$$= 70\%$$

$$(ii)\ 0.13 = 0.13 \times 100\%$$
$$= \frac{13}{100} \times 100\%$$
$$= 13\%$$

$$(iii)\ 1.26 = 1.26 \times 100\%$$
$$= \frac{126}{100} \times 100\%$$
$$= 126\%$$

# مشق 1.1

**-1** درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کیجیے۔

(i) 95%  (ii) 65%  (iii) 75%  (iv) 25%  (v) 56%  (vi) 48%

(vii) 8%  (viii) $33\frac{1}{2}\%$  (ix) $37\frac{1}{2}\%$  (x) $87\frac{1}{2}\%$  (xi) $5\frac{1}{4}\%$  (xii) $42\frac{1}{2}\%$

**-2** درج ذیل کسور کو فی صد کی شکل میں لکھیے اور جہاں ضروری ہو جواب ایک درجہ اعشاریہ تک درست ہو لکھیے۔

(i) $\frac{3}{4}$  (ii) $\frac{3}{5}$  (iii) $\frac{4}{25}$  (iv) $\frac{13}{20}$  (v) $\frac{31}{25}$  (vi) $\frac{21}{40}$

(vii) $\frac{23}{60}$  (viii) $\frac{8}{3}$  (ix) $\frac{8}{5}$  (x) $\frac{7}{8}$  (xi) $\frac{5}{8}$  (xii) $\frac{3}{8}$

**-3** دی گئی فی صد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجیے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔

(i) 47%  (ii) 58%  (iii) 92%  (iv) 8%  (v) 12%  (vi) 120%

(vii) 180%  (viii) 145%  (ix) $5\frac{1}{2}\%$  (x) $5\frac{1}{3}\%$  (xi) $48\frac{2}{3}\%$  (xii) $58\frac{1}{3}\%$

**-4** درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کیجیے۔

(i) 0.5  (ii) 0.9  (iii) 1.25  (iv) 1.39  (v) 1.72  (vi) 0.22

(vii) 2.64  (viii) 3.41  (ix) 0.845  (x) 1.78  (xi) 1.58  (xii) 0.065

**-5** درج ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

| کسر | فی صد | اعشاریہ |
|---|---|---|
| I. $\frac{3}{4}$ | 75% | 0.75 |
| II. $\frac{4}{5}$ | | 0.8 |
| III. | 40% | |
| IV. | | 0.62 |
| V. | 44% | |

## 1.1.3- روزمرہ زندگی میں فی صد کا استعمال

درج ذیل روزمرہ زندگی کی مثالوں پر غور کیجیے جن میں فی صد کو استعمال کیا گیا ہے۔

**مثال 1:-** اگر ایک کار پارکنگ میں 800 کاریں ہوں اور ان میں سے 80% کاریں پاکستان میں بنی ہوئی ہوں تو پاکستانی کاروں کی تعداد معلوم کیجیے۔

**حل:-**

کار پارکنگ میں کاروں کی کل تعداد $= 800$

80 فی صد $= \frac{80}{100}$

پاکستانی کاروں کی تعداد $= \frac{80}{100} \times 800$

$= 640$

**مثال 2:-** اگر ایک اسکول میں کل طلبہ کا $\frac{4}{5}$ چھٹی پر ہوں تو ہر سو میں کتنے طلبہ چھٹی پر تھے۔

**حل:-**

ہر سو میں چھٹی پر طلبہ کی تعداد $= \frac{4}{5} \times 100$

$= 4 \times 20$

$= 80$

پس ہر سو میں سے 80 طلبہ چھٹی پر تھے۔

**مثال 3:-** اگر ایک کالونی کے 56% گھروں میں سے ہر گھر میں ایک کار موجود ہو تو کالونی کے کتنے فی صد گھروں میں کار نہیں ہوگی۔

**حل:-**

گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود ہے۔ $= 56\ \%$

گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود نہیں ہے۔ $= (100 - 56)\ \%$

$= 44\ \%$

پس 44% گھروں میں کار موجود نہیں ہے۔

اگر دو اشیا کی فیصد میں سے ایک کی فیصد دی گئی ہو تو ہم دوسری کی فی صد معلوم کر سکتے ہیں۔

## مشق 1.2

**1-** اگر ایک اسکول کے طلبہ میں سے 45% لڑکیاں ہوں تو لڑکوں کی تعداد فی صد میں کیا ہوگی؟

**2-** اگر 82% گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟

**3-** ایک ہاکی ٹیم نے کھیلے گئے میچوں میں سے 62% جیتے جبکہ 26% برابر رہے۔ ہاکی ٹیم نے کل کتنے فی صد میچ ہارے؟

**4-** ایک ہوائی جہاز میں 400 مسافر سوار تھے جن میں سے 52% مسافر پاکستانی ، 17% چائنیز، 12% ایرانی اور بقیہ برطانیہ سے تھے۔

*(i)* ہر ملک سے کتنے مسافر جہاز میں سوار تھے؟

*(ii)* برطانیہ کے مسافر کتنے فی صد تھے؟

**5-** آمنہ نے ریاضی کے امتحان میں 50 میں سے 46 نمبر حاصل کیے جبکہ کیمسٹری میں 75 میں سے 64 اور فزکس میں 80 میں سے 72 نمبر حاصل کیے۔ اس نے کس مضمون میں بہترین کارکردگی دکھائی؟

**6-** ایک ترکھان کی ایک میز بنانے پر 720 روپے لاگت آئی۔ اگر اس نے یہ میز 920 روپے میں بیچی ہو تو اس کا منافع فیصد میں بتائیے۔

**7-** اگر کسی کتاب کا 84% حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟

**8-** حمزہ اپنی کل آمدنی میں سے 20% مکان کے کرایہ پر خرچ کرتا ہے اور بقیہ میں سے 70% گھریلو اخراجات پر۔ اگر اسے 1800 روپے کی بچت ہو تو اس کی کل آمدنی کیا ہوگی؟

**9-** راحیل کی آمدنی رؤف کی آمدنی سے 25% زیادہ ہے۔ رؤف کی آمدنی راحیل کی آمدنی سے کتنے فی صد کم ہے؟

## 1.2- نسبت

پچھلی جماعتوں میں ہم نسبت سے متعلق پڑھ چکے ہیں اور ان سے متعلقہ مسائل حل کر چکے ہیں۔ آیئے یاد دہانی کیجیے:

ہماری روزمرہ زندگی میں ہمیں ہمیشہ اشیاء کی قیمتوں یا مقداروں کے موازنہ کی ضرورت رہتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر ایک ٹوکری میں 6 انڈے اور دوسری ٹوکری میں 24 انڈے ہیں تب دونوں ٹوکریوں میں انڈوں کی تعداد کا موازنہ ہمیں نسبت کو سمجھنے میں راہنمائی کرتا ہے۔

اس لیے ایک جیسی اکائیوں والی ایک جیسی مقداروں کے موازنہ کو نسبت کہتے ہیں۔

نسبت کے لیے علامت ': ' ہے۔

### 1.2.1-(i) نسبت بطور تعلق

ذیل میں 6 گیندیں ہیں۔



6 میں سے 2 گیندیں سرخ ہیں۔

$$\text{سرخ گیندوں کی کسر} = \frac{2}{6} = \frac{1}{3} = 1 : 3$$

اوپر دکھائی گئی 6 گیندوں میں سے 2 سفید اور 4 گیندیں کالے رنگ کی ہیں۔

$$\text{سفید گیندوں اور کالی گیندوں کے درمیان نسبت} = 2 : 4 = 1 : 2$$

نسبت 1:2 ہمیں یہ ظاہر کرتی ہے کہ ایک سفید گیند کے لیے 2 کالی گیندیں ہیں۔

یہاں نسبت، سفید گیندوں کی تعداد اور کالی گیندوں کی تعداد کا موازنہ کرتی ہے۔

اگر $a$ اور $b$ دو مقداروں کو ظاہر کرتے ہوں جبکہ $b$ غیر صفر ہو تو $a$ کی $b$ سے نسبت کو $a:b$ اور کسر کی شکل میں $\frac{a}{b}$ لکھتے ہیں۔

اگر ایک مقدار 2 اور دوسری 3 ہو تو دونوں مقداروں میں نسبت 2:3 یا $\frac{2}{3}$ ہوگی۔

اگر دو مقداریں جن کا موازنہ کیا جانا ہو ایک ہی اکائی میں نہ ہوں تو ان کے درمیان نسبت معلوم کرنے کے لیے پہلے ہم ان کو ایک ہی اکائی میں تبدیل کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر دو لمبائیاں 50 سینٹی میٹر اور 3 میٹر ہوں تو ان کے درمیان نسبت:

| | |
|---|---|
| 100 سینٹی میٹر = 1 میٹر<br>300 سینٹی میٹر = 3 میٹر | $50:300$<br>$= 1:6$ |

(’1‘ کے علاوہ) اگر $a$ اور $b$ صحیح اعداد ہوں اور ان کے درمیان کوئی مشترک جز نہ ہوں تو نسبت $a:b$ اپنی آسان ترین شکل کہلاتی ہے۔

**مثال 1:-** نسبت $8:12$ کو آسان ترین شکل میں لکھئے۔

**حل:-**

$$8:12 = \frac{8}{4}:\frac{12}{4} = 2:3$$

**مثال 2:-** نسبت $24:12$ کو آسان ترین شکل میں لکھئے۔

**حل:-**

$$24:12 = \frac{24}{12}:\frac{12}{12} = 2:1$$

### 1.2.1- (ii) اینٹی سی ڈینٹ اور کانسی کوئنٹ Antecedent and Consequent

نسبت $a:b$ میں "$a$" کو اینٹی سی ڈینٹ (پہلا یا پہلا آنے والا) کہتے ہیں اور "$b$" کو کانسی کوئنٹ (بعد میں آنے والا) کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر $2:5$ میں 2 اینٹی سی ڈینٹ ہے اور 5 کانسی کوئنٹ ہے۔

### 1.2.1- (iii) نسبت کی کوئی اکائی نہیں ہوتی

آیئے ایک جگ اور ایک گلاس کو دیکھتے ہیں جن میں بالترتیب 1500 ملی لٹر اور 200 ملی لٹر جوس ہے۔

$$\text{دو اشیاء میں جوس کے حجم کا موازنہ} = \frac{\text{گلاس میں جوس کا حجم}}{\text{جگ میں جوس کا حجم}} = \frac{200\ \text{ملی لٹر}}{1500\ \text{ملی لٹر}} = \frac{2}{15}\ \text{یا}\ 2:15$$

ہم ان دونوں مقداروں کا موازنہ کر سکتے ہیں کیونکہ شمار کنندہ اور نسبت نما میں اکائیاں ایک جیسی ہیں۔اس لیے نسبت 15 : 2 کی کوئی اکائی نہیں۔

## 1.2.1- (iv) نسبت کا آرڈر

اگر دو مقداروں کو $a$ اور $b$ سے ظاہر کیا جائے تو $a$ سے $b$ کی نسبت کو $a : b$ لکھتے ہیں۔

ہم اس نسبت کو $b : a$ نہیں لکھ سکتے، کیونکہ: $\frac{a}{b} \neq \frac{b}{a}$ یا $a:b \neq b:a$

اس لیے نسبت میں مقداروں کی ترتیب کو برقرار رکھنا ضروری ہوتا ہے۔مثال کے طور پر 5 : 2 اور 2 : 5 دو مختلف نسبتیں ہیں

کیونکہ: $\frac{5}{2} \neq \frac{2}{5}$ یا $2:5 \neq 5:2$

## 1.2.2- نسبت میں جب ایک عدد کو بڑھایا یا کم کیا جائے

اگر ایک سکول کی لائبریری میں ریاضی کی کتب کی تعداد کو 75 سے بڑھا کر 95 کیا جائے تو:

پہلی کتب کی تعداد اور موجود کتب کی تعداد میں نسبت $= 75 : 95$

$= 15 : 19$

یعنی کتب کی تعداد میں اضافہ 19 : 15 کی نسبت میں ہے۔

**مثال 1:-** ایک طالب علم 70 روپے روزانہ خرچ کرتا ہے، لیکن اتوار کو وہ صرف 20 روپے خرچ کرتا ہے۔اتوار اور ہر روز خرچ کیے گئے روپوں کی تعداد میں نسبت معلوم کیجئے۔

**حل:-**

مطلوبہ نسبت $= 20 : 70$

$= 2 : 7$

**مثال 2:-** 4 : 5 کی نسبت میں 40 کتب کا اضافہ کیا جائے تو اضافہ کی گئی کتب کی تعداد کیا ہوگی؟

**حل:-**

اضافہ کی گئی کتب کی تعداد $= 40$

دی گئی نسبت $= 5:4 = \frac{5}{4}$

کتب کی تعداد میں اضافہ $= 40 \times \frac{5}{4}$

$= 10 \times 5$

$= 50$

پس کتب کی تعداد میں 50 کتب کا اضافہ ہوگا۔

**مثال 3:-** کس نسبت میں 60 مربع میٹر کو 24 مربع میٹر کم کیا جا سکتا ہے؟

**حل:-**

پرانی مقدار : نئی مقدار = مطلوبہ نسبت

$= 24 : 60$

$= \frac{24}{60}$

$= \frac{2}{5}$

$= 2 : 5$

## مشق 1.3

**1-** پہلی مقدار کی دوسری مقدار سے آسان شکل میں نسبت معلوم کیجیے۔

(i) Rs. 24 , Rs. 6 (ii) 20 kg , 5 kg

(iii) 20cm , 80cm (iv) 5m , 5m

(v) 1500 km , 1200 km (vi) Rs. 150 , Rs. 275

**2-** درج ذیل میں سے ہر نسبت کو آسان شکل میں لکھیے۔

(i) $\frac{2}{3} : \frac{3}{5}$ (ii) $\frac{4}{5} : \frac{3}{4}$ (iii) $\frac{5}{6} : \frac{7}{10}$

(iv) $\frac{13}{40} : \frac{3}{20}$ (v) $\frac{2}{3} : \frac{1}{6}$ (vi) $\frac{4}{10} : 20$

(vii) $\frac{15}{10} : 2$ (viii) $\frac{12}{10} : \frac{28}{10}$ (ix) $\frac{2}{5} : \frac{1}{3}$

3- ایک شہر میں 126 میڈیکل کے طلبہ نے درج ذیل جدول کے مطابق سفر کیا۔

| کار | بس | ٹیکسی | رکشا |
|---|---|---|---|
| 28 | 75 | 9 | 14 |

درج ذیل طلبہ کے درمیان جنہوں نے سفر کیا نسبت معلوم کیجئے۔

(i) رکشا سے ٹیکسی سے ؟
(ii) ٹیکسی سے بس سے ؟
(iii) ٹیکسی سے کار سے؟

4- اسکول کی لائبریری میں ریاضی کی 75 کتب، انگلش کی 115 کتب، کیمسٹری کی 85 کتب اور فزکس کی 60 کتب موجود ہیں۔ درج ذیل نسبت معلوم کیجئے۔

(i) ریاضی کی کتب کی تعداد اور انگلش کی کتب کی تعداد میں۔
(ii) انگلش کی کتب کی تعداد اور کیمسٹری کی کتب کی تعداد میں۔
(iii) انگلش کی کتب کی تعداد اور فزکس کی کتب کی تعداد میں۔
(iv) فزکس کی کتب کی تعداد اور کیمسٹری کی کتب کی تعداد میں۔
(v) فزکس کی کتب کی تعداد اور ریاضی کی کتب کی تعداد میں۔
(vi) کیمسٹری کی کتب کی تعداد اور ریاضی کی کتب کی تعداد میں۔

## 1.2.3- روزمرہ زندگی میں نسبت کا استعمال

ہماری روزمرہ زندگی میں نسبت سے متعلق چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

**مثال 1:-** ایک اسکول میں 1029 طلبہ ہیں۔ جن میں سے 504 لڑکیاں ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں کی تعداد کے درمیان کیا نسبت ہوگی؟

**حل:-**

طلبہ کی کل تعداد = 1029

لڑکیوں کی تعداد = 504

لڑکوں کی تعداد = 1029 - 504

= 525

مطلوبہ نسبت = 525 : 504

**مثال 2:-** ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سینٹی میٹر ہے۔ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سینٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے۔درج ذیل نسبت معلوم کیجیے:

(i) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان۔ (ii) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان۔

(iii) دونوں مستطیلوں کے احاطوں کے درمیان۔ (iv) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان۔

**حل:-**

پہلی مستطیل کی لمبائی = 6 سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کی چوڑائی = 4 سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کا رقبہ $= 6 \times 4$

= 24 مربع سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کا احاطہ $= 2 \times (6 + 4)$

= 20 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کی لمبائی = 9 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کی چوڑائی = 2 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کا رقبہ $= 9 \times 2$

= 18 مربع سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کا احاطہ $= 2 \times (9 + 2)$

= 22 سینٹی میٹر

(i) پہلی اور دوسری مستطیل کی لمبائیوں کے درمیان نسبت $= 6 : 9$

$= 2 : 3$

(ii) پہلی اور دوسری مستطیل کی چوڑائیوں کے درمیان نسبت $= 4 : 2$

$= 2 : 1$

(iii) پہلی اور دوسری مستطیل کے احاطوں کے درمیان نسبت $= 20 : 22$

$= 10 : 11$

(iv) پہلی اور دوسری مستطیل کے رقبوں کے درمیان نسبت $= 24 : 18$

$= 4 : 3$

**مثال 3:-** ایک خاندان میں 6 لڑکے اور 4 لڑکیاں ہوں تو درج ذیل نسبت معلوم کیجیے۔

(i) لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد میں

(ii) لڑکیوں اور لڑکوں کی تعداد میں

**حل:-**

لڑکوں کی تعداد $= 6$

لڑکیوں کی تعداد $= 4$

لڑکیاں : لڑکے $= 6 : 4$

$= 3 : 2$

لڑکے : لڑکیاں $= 4 : 6$

$= 2 : 3$

**مثال 4:-** نسبت معلوم کیجیے۔

(i) ہر 8 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان۔

(ii) 36 روپے فی درجن اور ہر 6 روپے کے درمیان۔

**حل:-** (i) 72 روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{72}{12}$

$= 6$

اس لیے ہر 8 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ ہر 8 روپے اور ہر 6 روپے کے درمیان یعنی:

$8 : 6 = 4 : 3$

پس مطلوبہ نسبت $= 4 : 3$

(ii) 36 روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{36}{12}$

$= 3$

اس لیے 36 روپے فی درجن اور ہر 6 روپے کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ 3 روپے اور 6 روپے کے درمیان یعنی

$3 : 6 = 1 : 2$

پس مطلوبہ نسبت $= 1 : 2$

**مثال 2:-** ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سینٹی میٹر ہے۔ ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سینٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے۔ درج ذیل نسبت معلوم کیجئے:

(i) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان۔ (ii) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان۔

(iii) دونوں مستطیلوں کے احاطوں کے درمیان۔ (iv) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان۔

**حل:-**

پہلی مستطیل کی لمبائی = 6 سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کی چوڑائی = 4 سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کا رقبہ $= 6 \times 4$

= 24 مربع سینٹی میٹر

پہلی مستطیل کا احاطہ $= 2 \times (6 + 4)$

= 20 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کی لمبائی = 9 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کی چوڑائی = 2 سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کا رقبہ $= 9 \times 2$

= 18 مربع سینٹی میٹر

دوسری مستطیل کا احاطہ $= 2 \times (9 + 2)$

= 22 سینٹی میٹر

(i) پہلی اور دوسری مستطیل کی لمبائیوں کے درمیان نسبت $= 6 : 9$

$= 2 : 3$

(ii) پہلی اور دوسری مستطیل کی چوڑائیوں کے درمیان نسبت $= 4 : 2$

$= 2 : 1$

(iii) پہلی اور دوسری مستطیل کے احاطوں کے درمیان نسبت $= 20 : 22$

$= 10 : 11$

(iv) پہلی اور دوسری مستطیل کے رقبوں کے درمیان نسبت $= 24 : 18$

$= 4 : 3$

**مثال 3:-** ایک خاندان میں 6 لڑکے اور 4 لڑکیاں ہوں تو درج ذیل نسبت معلوم کیجئے۔

(i) لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد میں

(ii) لڑکیوں اور لڑکوں کی تعداد میں

**حل:-**

لڑکوں کی تعداد $= 6$

لڑکیوں کی تعداد $= 4$

لڑکیاں : لڑکے $= 6 : 4$

$= 3 : 2$

لڑکے : لڑکیاں $= 4 : 6$

$= 2 : 3$

**مثال 4:-** نسبت معلوم کیجئے۔

(i) ہر 8 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان۔

(ii) 36 روپے فی درجن اور ہر 6 روپے کے درمیان۔

**حل:-**

(i) 72. روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{72}{12}$

$= 6$

اس لیے ہر 8 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ ہر 8 روپے اور ہر 6 روپے کے درمیان یعنی:

$$8 : 6 = 4 : 3$$

پس مطلوبہ نسبت $= 4 : 3$

(ii) 36 روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{36}{12}$

$= 3$

اس لیے 36 روپے فی درجن اور ہر 6 روپے کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ 3 روپے اور 6 روپے کے درمیان یعنی

$$3 : 6 = 1 : 2$$

پس مطلوبہ نسبت $= 1 : 2$

**مثال 5:-** اگر $a : b = 2 : 3$ تو $6a : 5b$ معلوم کیجیے۔

**حل:-** $a : b = 2 : 3$ یعنی $a = 2, b = 3$

اس لیے $6a : 5b = 6 \times 2 : 5 \times 3$

$= 12 : 15$

$= \frac{12}{3} : \frac{15}{3}$

$= 4 : 5$

پس $6a : 5b = 4 : 5$

## مشق 1.4

-1 ہر 6 روپے کے عوض 72 روپے فی درجن کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

-2 160 روپے فی میٹر اور 150 روپے فی میٹر کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

-3 72 روپے 24 انڈوں کے لیے اور ہر ایک کے لیے 4 روپے کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

-4 اگر مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی 2 سینٹی میٹر اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی 6 سینٹی میٹر ہو تو درج ذیل نسبتیں معلوم کیجیے۔

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی کے درمیان۔

(ii) مربع 'A' احاطہ اور مربع 'B' کے احاطہ کے درمیان۔

(iii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان۔

-5 اگر $a : b = 2 : 3$ تو $6a : 2b$ معلوم کیجیے۔

-6 ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کے لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کیجیے۔

-7 ایک مثلث میں دو زاویے $54^\circ$ اور $72^\circ$ ہیں۔ تیسرے زاویے کی دیئے گئے دو زاویوں کی مقداروں کے مجموعہ کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

-8 علی کے والد کی ماہانہ تنخواہ 40000 روپے ہے جبکہ اس کے والد کا ماہانہ خرچ 35000 روپے ہے، نسبت معلوم کیجیے۔

(i) آمدنی اور اخراجات میں

(ii) اخراجات اور بچت میں

(iii) آمدنی اور بچت میں

**-9** اگر مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی 8 سینٹی میٹر ہو تو درج ذیل میں نسبتیں معلوم کیجئے۔

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی میں

(ii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان

**-10** اگر ایک خاندان کے پاس 12 پرندے ہیں جن میں سے 6 طوطے، 2 چڑیاں اور بقیہ کبوتر ہوں تو:

(i) کبوتروں اور چڑیوں کی تعداد میں نسبت معلوم کیجئے۔

(ii) کبوتروں اور پرندوں کی مقدار میں نسبت معلوم کیجئے۔

## -1.3 تناسب Proportion

دو نسبتوں کے درمیان برابری تناسب کہلاتی ہے۔ تناسب کے لیے علامت "::" یا "=" ہے۔

### -1.3.1 طرفین اور وسطین Extremes and Means

اگر $a : b = c : d$ تب $a : b :: c : d$ تناسب ہے، ہم اسے اس طرح پڑھتے ہیں۔

$a$ سے $b$ کو نسبت وہی ہے جو کہ $c$ کو $d$ سے۔

$a, b, c$ اور $d$ تناسب کی رقوم کہلاتی ہیں۔

پہلی اور آخری رقم یعنی $a$ اور $d$ کو طرفین (extremes) کہتے ہیں۔

دوسری اور تیسری رقم یعنی $b$ اور $c$ کو وسطین (mean) کہتے ہیں۔

طرفین

$$a : b :: c : d$$

وسطین

$$ad = bc$$

طرفین کا حاصل ضرب برابر ہوتا ہے وسطین کے حاصل ضرب کے

**مثال:-** تناسب $15 : 60 :: 3 : x$ میں $x$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

**حل:-** تناسب $15 : 60 :: 3 : x$ میں:

$a = x,\ b = 3,\ c = 60$ اور $d = 15$

طرفین کا حاصل ضرب $= ad$

$= x \times 15 = 15x$

وسطین کا حاصل ضرب $= cb$

$= 3 \times 60$

$= 180$

وسطین کا حاصل ضرب = طرفین کا حاصل ضرب

$15x = 180$

$x = \frac{180}{15}$

$= 12$

پس $x = 12$

## 1.3.2- تناسب (راست اور معکوس)

### تناسب راست Direct Proportion

دو نسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ دوسری مقدار میں اسی تناسب سے اضافہ کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی دوسری مقدار میں اسی تناسب میں کمی کا باعث بنے "راست تناسب" کہلاتی ہے۔

### تناسب معکوس Inverse proportion

دو نسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ اسی تناسب سے دوسری مقدار میں کمی کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی اسی تناسب سے دوسری مقدار میں اضافہ کا باعث بنے "تناسب معکوس" کہلاتا ہے۔

## 1.3.3- روزمرہ زندگی سے مسائل

**مثال 1:-** 20 قلم 2000 روپے کے ہوں تو ایسے 40 قلم کی کیا قیمت ہوگی؟

**حل:-** فرض کیا 40 قلم کی قیمت $x$ روپے ہے۔ تب:

| قلم | قیمت |
|---|---|
| ↓ 20 | 2000 ↓ |
| 40 | $x$ |

اس لیے

$$20 : 40 :: 2000 : x$$

$$\frac{20}{40} = \frac{2000}{x}$$

$$\frac{1}{2} = \frac{2000}{x}$$

$$x \times 1 = 2 \times 2000$$

$$x = 4000$$

پس 40 قلم کی قیمت 4000 روپے ہوگی۔

**مثال 2:-** 80 قمیضوں کی قیمت 22000 روپے ہو تو ایسی 30 قمیضوں کی کیا قیمت ہوگی؟

**حل:-**

| قمیض | قیمت |
|---|---|
| ↑ 80 | 22000 ↑ |
| 30 | $x$ |

اس لیے $80 : 30 :: 22000 : x$

$$\frac{80}{30} = \frac{22000}{x}$$

$$80x = 22000 \times 30$$

$$x = \frac{22000 \times 30}{80}$$

$$x = 8250$$

پس 30 قمیضوں کی قیمت 8250 روپے ہوگی۔

**مثال 3:-** ایک اسکول کے ہاسٹل میں 300 طلبہ ہیں جن کے لیے 30 دن کی خوراک کا ذخیرہ موجود ہے۔ بعد میں 50 طلبہ ہاسٹل چھوڑ گئے۔ بتایئے وہی ذخیرہ بقیہ طلبہ کے لیے کتنے دن نکالے گا؟

**حل:-**

ہاسٹل میں طلبہ کی تعداد $= 300$

ہاسٹل چھوڑنے والے طلبہ کی تعداد $= 50$

بقیہ طلبہ کی تعداد $= 300 - 50$

$= 250$

فرض کیا مطلوبہ دنوں کی تعداد $x$ ہے۔

چونکہ طلبہ کی تعداد کم ہوگئی ہے اس لیے دنوں کی تعداد بڑھ جائے گی۔

| طلبہ | دن |
| --- | --- |
| 300 ↓ | 30 ↑ |
| 250 | $x$ |

اس لیے $300 : 250 :: x : 30$

$$\frac{300}{250} = \frac{x}{30}$$

$$250 \times x = 300 \times 30$$

$$x = \frac{300 \times 30}{250}$$

$$x = 36$$

پس خوراک کا ذخیرہ 36 دن تک کے لیے کافی ہوگا۔

**مثال 4:-** 6 آدمی ایک کام کو 12 دن میں کرتے ہیں۔ اگر 2 آدمی مزید رکھ لیے جائیں تو وہی کام کتنے دنوں میں ہوگا؟

**حل:-**

آدمیوں کی تعداد $= 6$

آدمیوں کی تعداد میں اضافہ $= 2$

آدمیوں کی کل تعداد $= 6 + 2$

$= 8$

کام جتنے دنوں میں مکمل ہوا $= 12$ دن

اگر آدمیوں کی تعداد میں اضافہ کے بعد کام $x$ دنوں میں مکمل ہو تو آدمیوں کی تعداد میں اضافہ کرنے سے کام کم دنوں میں مکمل ہو جائے گا۔

| دن | آدمی |
|---|---|
| 12 ↑ | ↓ 8 |
| $x$ | 6 |

اس لیے $8 : 6 :: 12 : x$

$$\frac{8}{6} = \frac{12}{x}$$

$$8x = 12 \times 6$$

$$x = \frac{72}{8} \Rightarrow x = 9$$

پس مطلوبہ دنوں کی تعداد $= 9$

**مثال 5:-** 900 آدمیوں کی آرمی فارمیشن کے پاس خوراک کا 30 دن کا ذخیرہ ہے۔ بعد میں 150 آدمی آرمی فارمیشن کو چھوڑ دیتے ہیں۔ بتایئے وہی خوراک کا ذخیرہ بقیہ آدمیوں کے لیے کتنے دن کے لیے کافی ہوگا؟

**حل:-**

آدمیوں کی تعداد $= 900$

آدمیوں کی تعداد جو آرمی فارمشین چھوڑ گئے $= 150$

بقیہ آدمیوں کی تعداد $= 900 - 150$

$= 750$

فرض کیا مطلوبہ دنوں کی تعداد $x$ ہے تو:

| دن | آدمی |
|---|---|
| 30 ↑ | ↓ 900 |
| $x$ | 750 |

اس لیے $900 : 750 :: x : 30$

$$\frac{900}{750} = \frac{x}{30} \Rightarrow x = \frac{90 \times 30}{75}$$

$$= 6 \times 6$$

$= 36$ دن

پس مطلوبہ دنوں کی تعداد $= 36$

## 1.4- مرکب تناسب Compound Proportion

دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو مرکب تناسب کہتے ہیں۔ تفصیل کے لیے ہم درج ذیل مثالوں کو دیکھتے ہیں۔

**مثال 1:-** ایک دکاندار 5 آدمیوں کی مدد سے 8 گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر 200 اشیاء تیار کرنے کا منصوبہ بناتا ہے۔ اگر 8 آدمی 6 گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر کام کریں تو کتنی اشیاء تیار کی جاسکتی ہیں؟

**حل:-** فرض کیجئے مطلوبہ اشیاء کی تعداد $x$ ہے۔

| اشیاء | روزانہ کے اوقات کار | آدمی |
|---|---|---|
| 200 | 8 | 5 |
| $x$ | 6 | 8 |

اگر آدمیوں کی تعداد بڑھتی ہے تو اشیاء کی تعداد بھی بڑھتی ہے۔
(تناسب راست)

اگر کام کرنے کے اوقات میں کمی ہوتی ہے تب اشیاء کی تعداد بھی کم ہوتی ہے۔
(تناسب راست)

| اشیاء | روزانہ کے اوقات کار | آدمی |
|---|---|---|
| 200 ↑ | ↑ 8 | ↑ 5 |
| $x$ | 6 | 8 |

$$\frac{x}{200} = \frac{6}{8} \times \frac{8}{5}$$

$$x = \frac{6}{8} \times \frac{8}{5} \times 200$$

$$= 6 \times 40$$

$$= 240$$

پس مطلوبہ اشیاء کی تعداد 240 ہوگی۔

**مثال 2:-** اگر 4 افراد کے ایک خاندان کے لیے 40 دن کے لیے 4000 روپے کافی ہوں تو 5 افراد کے خاندان کے لیے 15000 روپے کتنے دنوں کے لیے کافی ہوں گے؟

**حل:-** فرض کیجئے مطلوبہ دنوں کی تعداد $x$ ہے۔
دی گئی مقداروں کو جدول میں رکھنے سے:

| روپے | افراد کی تعداد | دن |
|---|---|---|
| 4000 | 4 | 40 |
| 15,000 | 5 | $x$ |

چونکہ دنوں کی تعداد مطلوب ہے لہٰذا ہم جدول کے آخری کالم کا پہلے دو کالموں سے موازنہ کریں گے۔

اگر روپوں کی تعداد بڑھتی ہے تب دنوں کی تعداد بھی بڑھتی ہے۔
(تناسب راست)

اگر افراد کی تعداد بڑھتی ہے تو دنوں کی تعداد کم ہو جاتی ہے۔
(تناسب معکوس)

| روپے | افراد کی تعداد | دن |
|---|---|---|
| ↑ 4000 | ↓ 4 | ↑ 40 |
| 15000 | 5 | $x$ |

تیر کے نشان کو استعمال کرتے ہوئے ہمارے پاس:

$$\frac{x}{40} = \frac{4}{5} \times \frac{15000}{4000}$$

$$\Rightarrow x = \frac{4}{5} \times \frac{15000}{4000} \times 40$$

$$\Rightarrow x = 120$$

پس 15000 روپے 120 دن کے لیے کافی ہوں گے۔

# مشق 1.5

1- $x : 8 :: 50 : 20$ کے تناسب میں $x$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

2- اگر کپڑے کے 15 جوڑوں کی قیمت 6750 روپے ہو تو 4050 روپوں میں کتنے جوڑے خریدے جا سکتے ہیں؟

3- اگر ایک موٹر سائیکل 2 لٹر پٹرول میں 90 کلومیٹر فاصلہ طے کرے تو 225 کلومیٹر فاصلہ طے کرنے کے لیے کتنا پٹرول درکار ہوگا؟

4- ایک گاڑی کو ایک خاص سفر کے لیے 45 کلومیٹر فی گھنٹہ کے حساب سے 5 گھنٹے درکار ہیں، تین گھنٹوں میں اسی سفر کو مکمل کرنے کے لیے گاڑی کی رفتار کیا ہوگی؟

5- 6 آدمی ایک گھر کو چار دنوں میں رنگ کر سکتے ہیں۔ اگر تین آدمیوں کو رکھا جائے تو وہ کتنے عرصہ میں گھر کو رنگ کریں گے؟

6- ایک مینیجر 25 آدمیوں کی مدد سے چار گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر 100 بائیسکل بنانے کا منصوبہ بناتا ہے۔ اگر تین گھنٹے روزانہ کام کیا جائے تو 40 آدمی کتنے بائیسکل بنائیں گے؟

7- 20 مشینوں کی مدد سے ایک فیکٹری میں 7 دنوں میں 560 پنکھے بنتے ہیں۔ 18 مشینوں کی مدد سے 12 دنوں میں کتنے پنکھے بن سکیں گے؟

8- ایک فیکٹری میں 20 مشینوں پر 9 دنوں میں 600 سوٹ تیار ہوتے ہیں۔ 18 مشینوں کی مدد سے 12 دنوں میں کتنے سوٹ تیار ہوں گے؟

9- اگر ایک ہاسٹل میں 12 آدمیوں کا 28 دن رہنے کا خرچہ 6720 روپے ہو تو 8 آدمیوں کا 14 دن رہنے کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟

10- اگر ایک ہوٹل میں 14 آدمیوں کا 8 دن رہنے کے لیے 22400 روپے خرچ آتا ہو تو 7 آدمیوں کا 13 دن کے لئے کتنا خرچ آئے گا؟

11- 14 گائے 63 کلوگرام چارا 18 دن میں کھاتی ہیں۔ 28 دن میں 770 کلوگرام چارا کتنی گائیں کھائیں گی؟

12- 15 کاریگر 8 گھنٹے روزانہ کام کرتے ہوئے 3000 جوس کی بوتلیں ایک دن میں تیار کرتے ہیں۔ 18 کاریگر 6 گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر روزانہ جوس کی کتنی بوتلیں تیار کریں گے؟

# جائزہ مشق 1

**-1** صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) $600 = ?$ کا $20\%$:

(a) 12 (b) 120 (c) 20 (d) 200

(ii) $70\%$ کی کسری شکل:

(a) 7 (b) $\frac{7}{10}$ (c) $\frac{10}{7}$ (d) 7

(iii) $\frac{7}{20}$ فی صد کی شکل میں:

(a) $35\%$ (b) 35 (c) 20 (d) $20\%$

(iv) $\frac{1}{3}$ فی صد کی شکل میں:

(a) $3\%$ (b) $1\%$ (c) $33\%$ (d) $33\frac{1}{3}\%$

(v) $? = 0.13$ فی صد کی شکل میں:

(a) 13 (b) 30 (c) $13\%$ (d) $10\%$

(vi) $a:b = ?$ کی نسبت میں "a" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) انتہائی (b) اینٹی سی ڈینٹ
(c) کانسی کوئنٹ (d) درمیان

(vii) $a:b = ?$ کی نسبت میں "b" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) انتہائی (b) اینٹی سی ڈینٹ
(c) درمیان (d) کانسی کوئنٹ

(viii) $a:b :: c:d = ?$ کی تناسب میں "a" اور "d" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) طرفین (b) وسطین
(c) اینٹی سی ڈینٹ (d) کانسی کوئنٹ

(ix) $a:b :: c:d$ کی تناسب میں "b" اور "c" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) وسطین (b) طرفین
(c) کانسی کوئنٹ (d) اینٹی سی ڈینٹ

(x) $75 : 95$ کی آسان شکل کیا ہے؟

(a) $15 : 17$ (b) $15 : 19$
(c) $19 : 15$ (d) $17 : 15$

-2 خالی جگہ پر کیجیے۔

(i) $1500$ کا $30\% =$ ____________

(ii) $15\%$ کی کسری شکل $=$ ____________

(iii) $\frac{7}{25}$ فی صد کی شکل میں $=$ ____________

(iv) $\frac{2}{3}$ فی صد کی شکل میں $=$ ____________

(v) $0.29$ فی صد کی شکل میں $=$ ____________

(vi) $a:b$ کی نسبت میں "a" $=$ ____________

(vii) $a:b$ کی نسبت میں "b" $=$ ____________

(viii) $a:b::c:d$ کی تناسب میں a اور d ____________

(ix) $a:b::c:d$ کی تناسب میں طرفین کا ضرب $=$ ____________

(x) $\frac{2}{3}:\frac{3}{5}$ کی آسان شکل $=$ ____________

3- ایک ریل گاڑی میں 800 مسافر سوار ہو سکتے ہیں۔ اگر 55% مسافر مرد اور 15% بچے ہوں تو عورتیں کتنی فی صد ہوں گی؟

4- عظیم اپنی آمدنی کا 25% کرایہ مکان پر خرچ کرتا ہے جبکہ بقیہ رقم کا 60% گھریلو اخراجات پر، اگر اس کی بچت 2100 روپے ہو تو اس کی کل آمدنی بتائیے؟

5- ایک سکول میں اگر 220 کرسیاں اور 110 میزیں طلبہ کے لیے، 50 کرسیاں اور 30 میزیں سٹاف کے لیے ہوں تو درج ذیل میں نسبت معلوم کیجئے۔

(i) طلبہ کی کرسیوں اور طلبہ کی میزوں کی تعداد کے درمیان:

(ii) طلبہ کی کرسیوں اور سٹاف کی کرسیوں کی تعداد کے درمیان:

(iii) طلبہ کی میزوں اور سٹاف کی میزوں کی تعداد کے درمیان:

6- ایک مثلث میں دو زاویے $48^\circ$ اور $60^\circ$ ہوں تو تیسرے زاویے کی پہلے دو زاویوں کے مجموعہ کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔

7- 8 لوگ ایک کام کو 24 دنوں میں کرتے ہیں اگر 4 مزید لوگ شامل ہو جائیں تو وہی کام کتنے دنوں میں مکمل ہوگا؟

8- ایک ہاسٹل میں 18 طلبہ کا 36 دن رہنے کا خرچہ 58320 روپے ہے۔ 9 طلبہ کا 12 دن ہاسٹل میں رہنے کا خرچ معلوم کیجئے۔

# خلاصہ

- فی صد کا مطلب "سو میں سے" ہے۔
- دو ایک جیسی چیزوں کے درمیان موازنہ کو نسبت کہتے ہیں۔
- $a : b$ میں "$a$" کو اینٹی سی ڈینٹ کہتے ہیں۔
- $a : b$ میں "$b$" کو کانسی کوئنٹ کہتے ہیں۔
- دو نسبتوں کی برابری کو تناسب کہتے ہیں۔
- $a : b :: c : d$ میں "$a$" اور "$d$" کو طرفین اور "$c$" اور "$b$" کو وسطین کہتے ہیں۔
- دو نسبتوں کے تعلق میں اگر ایک کی مقدار میں اضافہ دوسری کی مقدار میں اسی تناسب میں اضافہ کا باعث ہو تو اسے ہم تناسب راست کہتے ہیں۔
- دو نسبتوں کے تعلق میں اگر ایک کی مقدار میں اضافہ دوسرے کی مقدار میں کمی یا ایک کی مقدار میں کمی دوسرے کی مقدار میں اضافہ کا باعث ہو تو اسے ہم تناسب معکوس کہتے ہیں۔
- دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو "مرکب تناسب" کہتے ہیں۔

یونٹ

2

# زکوٰۃ۔ عُشر اور وراثت (ترکہ)
# ZAKAT, USHR AND INHERITANCE

- زکوٰۃ
- عُشر
- وراثت (ترکہ)

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- نصاب تولہ اور گرام کے حوالے سے زکوٰۃ کس پر واجب ہے۔
- زکوٰۃ کی شرح۔
- کسی شخص کی جائیداد کی مالیت پر زکوٰۃ کی رقم کا تعین کرنا۔
- عشر کی شرح کا تعین جو زمین کی ملکیت اور پیداوار پر ہو۔
- عشر کی رقم کا تعین جو کسی زمین کی پیداوار پر ہو۔
- زکوٰۃ اور عشر کے حوالے سے روزمرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنا۔
- کسی ترکہ یا وراثت میں ہر قانونی وارث کے حصے کا تعین کرنا۔
- ہر وارث کے حصے کی رقم کا تعین کرنا۔

## 2.1 زکوٰۃ ZAKAT

زکوٰۃ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے۔ زکوٰۃ وہ رقم ہے جو کہ صاحب نصاب مسلمان دی گئی شرح پر غربا اور ضرورت مندوں میں بذاتِ خود یا اسلامی ریاست کے ذریعے سال میں ایک بار ادا کرتے ہیں۔

### 2.1.1 نصاب Nisab

ایک مسلمان جو ایک سال تک اپنی ملکیت میں 7.5 تولہ (86.1562 گرام) سونا یا 52.5 تولہ (603 گرام) چاندی یا اس کے برابر روپیہ، پیسہ رکھتا/رکھتی ہو صاحب نصاب مسلمان کہلاتا/ کہلاتی ہے۔ اسے چاہیے کہ قرآن اور حدیث میں دی گئی شرح کے حساب سے زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوٰۃ دو قسم کی دولت پر ادا کی جاتی ہے۔

(i) ظاہری دولت (exposed wealth) (ii) غیر ظاہری دولت (unexposed wealth)

ظاہری دولت میں زرعی سامان، اونٹ، بھیڑیں، بکریاں، معدنیات اور کاروباری سامان وغیرہ شامل ہیں جبکہ غیر ظاہری دولت میں سونا، چاندی، روپیہ اور اثاثہ جات شامل ہیں۔

### 2.1.2 زکوٰۃ کی شرح Rate of Zakat

زکوٰۃ صاحب نصاب مسلم ظاہری اور غیر ظاہری دولت پر ادا کرتا/کرتی ہے۔ زکوٰۃ کی شرح 2.5 فی صد یا سامان یا روپیہ کا چالیس واں $\left(\frac{1}{40}\right)$ حصہ ہے۔ تاہم زیر استعمال سامان جیسا کہ مشینی آلات، خام مال، کارخانہ کی عمارت وغیرہ پر زکوٰۃ لاگو نہیں ہوتی۔

**مثال 1:-** 5,00,000 روپے کی رقم پر زکوٰۃ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

رقم $= 5,00,000$ روپے

زکوٰۃ کی شرح $= 2.5\ \%$

$$= 2.5 \times \frac{1}{100} = \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{25}{1000}$$

زکوٰۃ کی رقم $= 5,00,000 \times \frac{25}{1000}$

$$= 500 \times 25$$

$= 12,500$ روپے

**مثال 2:-** 3,00,000 روپے کی رقم، 40 گرام سونا اور 500 گرام چاندی پر زکوٰۃ کی رقم نکالیے جبکہ سونے کی قیمت 3500 روپے فی گرام اور چاندی کی قیمت 400 روپے فی گرام ہو۔

**حل:-**

رقم = 3,00,000 روپے ...... (i)

سونے کا وزن = 40 گرام

سونے کی قیمت فی گرام = 3500 روپے

40 گرام سونے کی قیمت = $3500 \times 40$ روپے

= 1,40,000 روپے ...... (ii)

چاندی کا وزن = 500 گرام

چاندی کی قیمت فی گرام = 400 روپے

500 گرام چاندی کی قیمت = $500 \times 400$

= 2,00,000 روپے ...... (iii)

زکوٰۃ کے لیے کل رقم = 3,00,000 روپے + 1,40,000 روپے + 2,00,000 روپے

= 6,40,000 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2.5%

6,40,000 روپے پر زکوٰۃ = $6,40,000 \times 2.5\%$

$$= 6,40,000 \times \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{6,40,000 \times 25}{1000}$$

$$= 640 \times 25$$

= 16,000 روپے

## 2.1 زکوٰۃ ZAKAT

زکوٰۃ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے۔ زکوۃ وہ رقم ہے جو کہ صاحب نصاب مسلمان دی گئی شرح پر غربا اور ضرورت مندوں میں بذاتِ خود یا اسلامی ریاست کے ذریعے سال میں ایک بار ادا کرتے ہیں۔

### 2.1.1 نصاب Nisab

ایک مسلمان جو ایک سال تک اپنی ملکیت میں 7.5 تولہ (86.1562 گرام) سونا یا 52.5 تولہ (603 گرام) چاندی یا اس کے برابر روپیہ، پیسہ رکھتا/رکھتی ہو صاحب نصاب مسلمان کہلاتا/کہلاتی ہے۔ اسے چاہیے کہ قرآن اور حدیث میں دی گئی شرح کے حساب سے زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوۃ دو قسم کی دولت پر ادا کی جاتی ہے۔

(i) ظاہری دولت (exposed wealth) (ii) غیر ظاہری دولت (unexposed wealth)

ظاہری دولت میں زرعی سامان، اونٹ، بھیڑیں، بکریاں، معدنیات اور کاروباری سامان وغیرہ شامل ہیں جبکہ غیر ظاہری دولت میں سونا، چاندی، روپیہ اور اثاثہ جات شامل ہیں۔

### 2.1.2 زکوٰۃ کی شرح Rate of Zakat

زکوٰۃ صاحب نصاب مسلم ظاہری اور غیر ظاہری دولت پر ادا کرتا/کرتی ہے۔ زکوٰۃ کی شرح 2.5 فی صد یا سامان یا روپیہ کا چالیس واں $\left(\frac{1}{40}\right)$ حصہ ہے۔ تاہم زیر استعمال سامان جیسا کہ مشینی آلات، خام مال، کارخانہ کی عمارت وغیرہ پر زکوۃ لاگو نہیں ہوتی۔

**مثال 1:-** 5,00,000 روپے کی رقم پر زکوٰۃ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

رقم $= 5,00,000$ روپے

زکوٰۃ کی شرح $= 2.5\,\%$

$$= 2.5 \times \frac{1}{100} = \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{25}{1000}$$

زکوٰۃ کی رقم $= 5,00,000 \times \frac{25}{1000}$

$$= 500 \times 25$$

$= 12,500$ روپے

**مثال 2:-** 3,00,000 روپے کی رقم، 40 گرام سونا اور 500 گرام چاندی پر زکوۃ کی رقم نکالیے جبکہ سونے کی قیمت 3500 روپے فی گرام اور چاندی کی قیمت 400 روپے فی گرام ہو۔

**حل:-**

رقم = 3,00,000 روپے ...... (i)

سونے کا وزن = 40 گرام

سونے کی قیمت فی گرام = 3500 روپے

40 گرام سونے کی قیمت = $3500 \times 40$ روپے

= 1,40,000 روپے ...... (ii)

چاندی کا وزن = 500 گرام

چاندی کی قیمت فی گرام = 400 روپے

500 گرام چاندی کی قیمت = $500 \times 400$

= 2,00,000 روپے ...... (iii)

زکوٰۃ کے لیے کل رقم = 3,00,000 روپے + 1,40,000 روپے + 2,00,000 روپے

= 6,40,000 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2.5%

6,40,000 روپے پر زکوٰۃ = $6,40,000 \times 2.5\%$

$$= 6,40,000 \times \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{6,40,000 \times 25}{1000}$$

$$= 640 \times 25$$

= 16,000 روپے

## 2.2 عشر USHR

قدرتی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر 10 فی صد کی شرح ادائیگی کو عشر کہتے ہیں۔ تاہم مصنوعی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر عشر کی ادائیگی کی شرح 5 فی صد ہے۔ مصنوعی ذرائع سے مراد نہروں اور ٹیوب ویل وغیرہ سے کاشت ہے۔

**مثال 1:-** اگر قدرتی ذرائع سے گندم کی فصل کی پیداوار 40000 کلوگرام ہو تو عشر کی رقم معلوم کیجئے، جبکہ گندم کی قیمت 950 روپے فی 40 کلوگرام ہے۔

**حل:-**

گندم کا وزن $= 40,000$ کلوگرام

40 کلوگرام گندم کی قیمت $= 950$ روپے

1 کلوگرام گندم کی قیمت $= \frac{950}{40}$ روپے

40,000 کلوگرام گندم کی قیمت $= \frac{950}{40} \times 40000$ روپے

$= 9,50,000$ روپے

عشر کی رقم $= 9,50,000 \times 10\%$

$= 9,50,000 \times \frac{10}{100}$

$= 95,000$ روپے

**مثال 2:-** مصنوعی ذرائع کی مدد سے پیدا کی گئی 3000 کلوگرام چاول کی فصل پر عشر کی رقم نکالیے جبکہ 40 کلوگرام چاول کی قیمت 2000 روپے ہے۔

**حل:-**

چاول کی فصل کا وزن $= 3000$ کلوگرام

40 کلوگرام چاول کی قیمت $= 2000$ روپے

1 کلوگرام چاول کی قیمت $= \frac{2000}{40}$ روپے

$= 50$ روپے

3000 کلوگرام چاول کی قیمت $= 3000 \times 50$

$= 1,50,000$ روپے

عشر کی رقم $= 1,50,000 \times 5\%$

$= 1,50,000 \times \frac{5}{100}$

$= 1500 \times 5$

$= 7500$ روپے

## 2.3 وراثت (ترکہ) INHERITANCE

جب ایک شخص وفات پاجاتا ہے تو اس کے چھوڑے ہوئے اثاثہ کو ورثہ یا ترکہ کہتے ہیں اور اس کو اس کے قانونی وارثوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ وراثت کی تقسیم کے قوانین کو اسلام میں بڑے واضح طریقے سے بیان کیا ہے۔ وارثوں میں ورثہ تقسیم کرنے سے پہلے درج ذیل رقم کی ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔

-1 کفن، دفن کے اخراجات کی ادائیگی
-2 مرحوم یا مرحومہ کے ذمہ قرض کی ادائیگی
-3 مرحوم یا مرحومہ کی وصیت پر عمل کرنا

### 2.3.1 جائیداد میں قانونی وارثوں کے حصوں کی نسبت
### Ratio of Shares Among Legal Inheritors of a Property

یہاں، ہم مرحوم یا مرحومہ کے رشتہ داروں میں سے ہر ایک کا/ کی وراثت میں حصہ کا ذکر کریں گے۔

اسلام میں کل 12 رشتے ہیں جو کہ قانونی وارث ہوتے ہیں۔ ہم ان میں سے دس کا ذکر کرتے ہیں۔

-1 اگر خاوند وفات پا جائے تو بیوی (بیوہ) کا حصہ اولاد یا والد سے رشتہ میں کسی اور اولاد کی عدم موجودگی میں $\left(\frac{1}{4}\right)$ ہوگا۔

-2 اولاد یا والد سے رشتہ میں کسی اور اولاد کی موجودگی میں بیوی (بیوہ) کا حصہ $\left(\frac{1}{8}\right)$ ہوگا۔

-3 دو یا دو سے زیادہ بیویاں اس حصہ کو برابر، برابر حاصل کریں گیں۔

-4 ایک بیٹے کو دو بیٹیوں کے برابر حصہ ملے گا۔ یعنی بھائی کو بہن کے حصہ کا دوگنا ملے گا۔

-5 پوتے کو پوتی سے دوگنا حصہ ملے گا۔

-6 اگر دو یا دو سے زیادہ بیٹیاں ہی ہیں تو انہیں وراثت کا $\left(\frac{2}{3}\right)$ حصہ ملے گا۔

-7 اگر بیٹی ایک ہی ہے یا باپ میں رشتہ سے کوئی اور ایک پوتی ہے تو مختص حصہ $\left(\frac{1}{2}\right)$ ہے۔

-8 دو یا دو سے زیادہ بیٹیاں ہوں تو پوتی / نواسی کا حصہ نہیں ہوگا۔

-9 اگر ایک بیٹی ہو اور باپ سے رشتہ میں ایک پوتی/نواسی ہو تو بیٹی کا حصہ $\left(\frac{1}{2}\right)$ اور باپ سے رشتہ میں پوتی / نواسی کا بقیہ کا $\left(\frac{1}{6}\right)$ ہوگا جو کہ میزان کو $\left(\frac{2}{3}\right)$ بناتا ہے۔

-10 اگر بیوی وفات پا جائے تو خاوند کو ورثہ کا $\left(\frac{1}{2}\right)$ حصہ ملے گا۔

> **یاد رکھیں۔**
> جب ایک مسلمان وفات پا جاتا ہے تو اس کے ورثہ کو شریعت کے مطابق تقسیم کرنا چار ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔

## 2.3.2 ہر ایک قانونی وارث کا جائیداد میں حصہ معلوم کرنا
## Calculate Amount of Share of Each Legal Inheritor of a Property

آیئے ہر ایک وارث کے حصہ کو درج ذیل مثالوں کی مدد سے معلوم کریں۔

**مثال 1:-** ایک آدمی نے 24,00,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی۔ اس میں سے اس کی بیوی، ایک بیٹے اور ایک بیٹی کا حصہ معلوم کیجئے۔

**حل:-**

جائیداد کی مالیت = 24,00,000 روپے

بیوی کا حصہ = $\frac{1}{8}$

بیوی کے حصے کی مالیت = $\frac{1}{8} \times 24,00,000$

= 3,00,000 روپے

باقی رقم $= 24,00,000 - 3,00,000$

$= 21,00,000$ روپے

بیٹے اور بیٹی کے حصوں میں نسبت $= 2 : 1$

نسبتی مجموعہ $= 2 + 1$

$= 3$

بیٹی کے حصے کی مالیت $= 21,00,000 \times \frac{1}{3}$

$= 7,00,000$ روپے

بیٹے کے حصے کی مالیت $= 2 \times 7,00,000$

$= 14,00,000$ روپے

**مثال 2:-** ایک شخص نے ایک جائیداد 30,00,000 روپے مالیت کی چھوڑی۔ اگر اس کے ہاں کوئی بچہ نہ ہو تو اس کی بیوی کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔

**حل:-**

جائیداد کی مالیت $= 30,00,000$ روپے

بیوی کا حصہ $= \frac{1}{4}$

بیوی کے حصہ کی مالیت $= 30,00,000 \times \frac{1}{4}$

$= 7,50,000$ روپے

**مثال 3:-** ایک شخص جو جائیداد چھوڑ کر وفات پا گیا اس کی جائیداد کی مالیت 3,30,000 روپے ہے۔ اگر اس نے اپنے پیچھے تین بیٹیاں چھوڑیں ہوں تو ہر ایک بیٹی کا حصہ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

چھوڑی گئی جائیداد کی مالیت $= 3,30,000$ روپے

تینوں بیٹیوں کا حصہ $= \frac{2}{3}$

تینوں بیٹیوں کے حصے کی مالیت $= 3,30,000 \times \frac{2}{3}$

$= 110000 \times 2$

$= 2,20,000$ روپے

ہر ایک بیٹی کے حصے کی مالیت $= 2,20,000 \times \frac{1}{3}$

$= 7,33,33.33$ روپے

**مثال 4:-** اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں چھوڑی ہوں تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ کی جائیداد میں مالیت معلوم کیجئے۔ جبکہ چھوڑی گئی جائیداد کی مالیت 48,00,000 روپے ہے۔

**حل:-**

جائیداد کی کل مالیت $= 48,00,000$ روپے

بیوہ کا حصہ $= \frac{1}{8}$

بیوہ کے حصے کی مالیت $= 48,00,000 \times \frac{1}{8}$

$= 6,00,000$ روپے

باقی مالیت $= 48,00,000 - 6,00,000$

$= 42,00,000$ روپے

بیٹے اور بیٹیوں کے حصوں میں نسبت $= 2 : 1 : 1$

نسبتی مجموعہ $= 2 + 1 + 1$

$= 4$

بیٹے کے حصے کی مالیت $= \frac{2}{4} \times 42,00,000$

$= 2 \times 10,50,000$ روپے

$= 21,00,000$ روپے

ہر ایک بیٹی کے حصے کی مالیت $= \frac{1}{4} \times 42,00,000$

$= 10,50,000$ روپے

## مشق 2.1

1- اگر سونے کی مالیت 11,10,000 روپے ہو تو اس پر زکوٰۃ معلوم کیجئے۔

2- اگر چاندی کی مالیت 3,00,000 روپے ہو تو اس پر زکوٰۃ معلوم کیجئے۔

3- 10 تولہ سونا اور 40 تولہ چاندی پر زکوٰۃ کی رقم معلوم کیجئے جبکہ سونے کی قیمت 40,000 روپے فی تولہ اور چاندی کی قیمت 5000 روپے فی تولہ ہو۔

4- سونے کی مالیت 8,00,000 روپے، نقد رقم 4,00,000 روپے اور چاندی 50 تولہ (5000 روپے فی تولہ) پر زکوٰۃ معلوم کیجئے۔

5- قدرتی ذرائع سے پیدا شدہ چاول کی فصل مالیتی 6,00,000 روپے پر عشر معلوم کیجئے۔

6- مصنوعی ذرائع سے پیداشدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔

7- اگرایک شخص نے 7,50,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی ہو تو اس کی ایک بیوہ، 2 بیٹوں اور ایک بیٹی میں ہر ایک کی جائیداد کی مالیت معلوم کیجیے۔

8- اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور چار بیٹیاں چھوڑیں ہوں تو اس کی 4,00,000 روپے مالیتی وراثت میں ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔

9- اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور 15,00,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی ہو تو اس کی بیوہ کے حصے کی مالیت معلوم کیجیے۔

10- اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور دو بیٹے چھوڑے ہوں تو اس کی مالیتی وراثت 20,00,000 روپے میں سے ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔

11- اصغر نے ایک جائیداد 4,80,000 روپے کی چھوڑی۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، تین بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑیں جائیداد میں سے ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔

12- نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نہ تھا۔ نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کیجیے۔

## جائزہ مشق 2

1- صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) زکوٰۃ کی کٹوتی کس شرح سے ہوتی ہے؟

(a) 2.5 %　(b) 3.5 %　(c) 4.5 %　(d) 5.5 %

(ii) قدرتی ذرائع سے کاشت کی گئی فصل پر عشر کی کٹوتی کی شرح کیا ہے؟

(a) 2.5 %　(b) 5 %　(c) 10 %　(d) 20 %

(iii) مصنوعی ذرائع سے کاشت کی گئی فصل پر عشر کی کٹوتی کی شرح کیا ہے؟

(a) 5 %    (b) 10 %    (c) 2.5 %    (d) 25 %

(iv) 1,00,000 روپے پر زکوۃ کی کٹوتی کیا ہے؟

(a) 2500 روپے    (b) 25000 روپے    (c) 2000 روپے    (d) 15000 روپے

(v) قدرتی ذرائع سے پیدا کی گئی گندم کی فصل مالیتی 1,50,000 روپے پر عشر کی کٹوتی کیا ہے؟

(a) 10,000 روپے    (b) 5000 روپے    (c) 15000 روپے    (d) 20000 روپے

(vi) بیوہ کا وراثتی جائیداد میں حصہ (اولاد کی موجودگی میں) کتنا ہے؟

(a) $\frac{1}{4}$    (b) $\frac{1}{8}$    (c) $\frac{1}{3}$    (d) $\frac{1}{2}$

(vii) بیوہ کا وراثت میں اولاد یا باپ کی طرف سے کسی اور اولاد کی غیر موجودگی میں کیا حصہ ہوگا؟

(a) $\frac{1}{4}$    (b) $\frac{1}{8}$    (c) $\frac{1}{2}$    (d) $\frac{1}{6}$

(viii) صرف ایک پوتی/نواسی یا باپ کی طرف سے کسی اور ایک پوتی/نواسی کی موجودگی میں ان کا حصہ کیا ہوگا؟

(a) $\frac{1}{4}$    (b) $\frac{1}{6}$    (c) $\frac{1}{2}$    (d) $\frac{1}{8}$

(ix) دو یا دو سے زیادہ پوتیاں/نواسیاں یا باپ کی طرف سے کسی اور ایک پوتی/نواسی کی موجودگی میں ان کا حصہ کیا ہوگا؟

(a) $\frac{2}{3}$    (b) $\frac{1}{4}$    (c) $\frac{1}{2}$    (d) $\frac{1}{8}$

(x) ایک بیٹی اور پوتی کی موجودگی میں باپ کی جائیداد میں سے اُن کا حصہ کیا ہوگا؟

(a) $\frac{1}{2}, \frac{1}{6}$    (b) $\frac{1}{2}, \frac{1}{3}$    (c) $\frac{1}{2}, \frac{1}{4}$    (d) $\frac{1}{2}, \frac{1}{8}$

-2 خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) زکوۃ کی کٹوتی کی شرح ______________

(ii) قدرتی ذرائع سے حاصل کی گئی فصل پر عُشر کی شرح ______________

(iii) مصنوعی ذرائع سے حاصل کی گئی فصل پر عُشر کی شرح ______________

(iv) 2,00,000 روپے مالیت پر زکوۃ کی کٹوتی ______________

(v) 1,00,000 روپے پر %10 کے حساب سے عُشر کی مالیت ______________

(vi) ایک وراثتی جائیداد میں بیوہ کا حصہ (اولاد کی موجودگی میں) ______________

(vii) ایک وراثتی جائیداد میں اولاد کی عدم موجودگی میں بیوہ کا حصہ ______________

(viii) اگر صرف ایک ہی بیٹی ہو تو وراثت میں حصہ ______________

(ix) وارثت میں بیٹے اور بیٹی کے حصوں میں نسبت ______________

(x) دو یا دو سے زیادہ بیٹیوں کی موجودگی میں ان کا وراثت میں حصہ ______________

-3 15,00,000 روپے مالیت کے سونے پر زکوۃ کی کٹوتی معلوم کیجئے۔

-4 اگر مصنوعی ذرائع سے حاصل کی گئی چاول کی فصل مالیت 4,90,000 روپے ہو تو عُشر معلوم کیجئے۔

-5 ایک شخص نے اپنے پیچھے 45,00,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی۔ اس کی ایک بیوہ اور دو بیٹوں میں سے ہر ایک کا جائیداد میں حصہ معلوم کیجئے۔

-6 اکرم نے 48,00,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، تین بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑیں جائیداد میں ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجئے۔

## خلاصہ

- زکوٰۃ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے۔ زکوۃ وہ رقم ہے جو کہ صاحب نصاب مسلمان دی گئی شرح پر غربا اور ضرورت مندوں میں بذاتِ خود یا اسلامی ریاست کے ذریعے سال میں ایک بار ادا کرتے ہیں۔

- ایک مسلمان جو ایک سال تک اپنی ملکیت میں 7.5 تولہ (86.1562 گرام) سونا یا 52.5 تولہ (603 گرام) چاندی یا اس کے برابر روپیہ، پیسہ رکھتا/رکھتی ہو صاحب نصاب مسلمان کہلاتا ہے۔ اسے چاہیے کہ قرآن اور حدیث میں دی گئی شرح کے حساب سے زکوۃ ادا کرے۔ زکوۃ دو قسم کی دولت پر ادا کی جاتی ہے۔

(i) ظاہری دولت (ii) غیر ظاہری دولت

- ظاہری دولت میں زرعی سامان، اونٹ، بھیڑیں، بکریاں، معدنیات اور کاروباری سامان وغیرہ شامل ہیں۔

- غیر ظاہری دولت میں سونا، چاندی، روپیہ اور اثاثہ جات شامل ہیں۔

- زکوٰۃ صاحب نصاب مسلمان ظاہری اور غیر ظاہری دولت پر ادا کرتا/ کرتی ہے۔ زکوٰۃ کی شرح 2.5 فی صد یا سامان یا روپیہ کا چالیس واں $\left(\frac{1}{40}\right)$ حصہ ہے۔

- قدرتی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر 10 فی صد کی شرح ادائیگی کو عُشر کہتے ہیں۔ تاہم مصنوعی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر عُشر کی شرح 5 فی صد ہے۔

- جب ایک شخص وفات پا جاتا ہے تو اس کے چھوڑے ہوئے اثاثہ کو ورثہ یا ترکہ کہتے ہیں۔

یونٹ

# 3

# کاروباری حساب
# BUSINESS MATHEMATICS

- نفع اور نقصان
- رعایت
- کاروباری شراکت

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- قیمت خرید کیا ہے۔
- قیمت فرخت کیا ہے۔
- منافع سے متعلق درج ذیل کی شناخت (جبکہ: قیمت خرید < قیمت فروخت)

• $\text{قیمت خرید} + \text{منافع} = \text{قیمت فروخت}$  • $\text{قیمت خرید} - \text{قیمت فروخت} = \text{منافع}$  • $\text{منافع} - \text{قیمت فروخت} = \text{قیمت خرید}$

• $\text{منافع} = \dfrac{\text{\%منافع} \times \text{قیمت خرید}}{100}$  • $\text{\%منافع} = \dfrac{\text{منافع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

• $\text{قیمت فروخت} = \text{قیمت خرید} \times \left(\dfrac{100 + \text{\%منافع}}{100}\right)$  • $\text{قیمت خرید} = \dfrac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 + \text{\%منافع}}$

- نقصان سے متعلق درج ذیل تعلقات کی شناخت (جبکہ: قیمت خرید > قیمت فروخت).

• $\text{نقصان} = \dfrac{\text{\%نقصان} \times \text{قیمت خرید}}{100}$  • $\text{\%نقصان} = \dfrac{\text{نقصان}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

• $\text{قیمت فروخت} = \text{قیمت خرید} \times \left(\dfrac{100 - \text{\%نقصان}}{100}\right)$  • $\text{قیمت خرید} = \dfrac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 - \text{\%نقصان}}$

- نفع اور نقصان سے متعلق روزمرہ کے مسائل کو حل کیسے کرتے ہیں۔
- کسی چیز کی مارکڈ پرائس اور لسٹ پرائس کی شناخت کیسے کرتے ہیں۔
- رعایت سے متعلق درج ذیل تعلقات شناخت کیسے کرتے ہیں۔ $\text{قیمت فروخت} - \text{درج شدہ قیمت} = \text{رعایت}$ • $\text{رعایت} - \text{درج شدہ قیمت} = \text{قیمت فروخت}$ •

• $\text{\%رعایت} = \dfrac{\text{رعایت}}{\text{درج شدہ قیمت}} \times 100$  • $\text{قیمت فروخت} = \text{درج شدہ قیمت} \times \left(\dfrac{100 - \text{\%رعایت}}{100}\right)$  • $\text{درج شدہ قیمت} = \dfrac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 - \text{\%رعایت}}$

## 3.1 نفع اور نقصان PROFIT AND LOSS

تاجر اشیاء خریدتے اور فروخت کرتے ہیں۔ انہیں تجارت میں نفع یا نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

اپنی روزمرہ زندگی میں ہم لاگت، نفع اور نقصان معلوم کرنے کے لیے حساب کا استعمال کرتے ہیں۔ مختلف اشیاء کو مختلف دکانوں سے خریدتے اور فروخت کرتے ہوئے ہمیں ان حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

### 3.1.1 قیمت خرید اور قیمت فروخت Cost Price and Selling Price

وہ قیمت جس پر ایک دکاندار کوئی چیز خریدتا ہے اسے چیز کی قیمت خرید کہتے ہیں۔

وہ قیمت جس پر ایک دکاندار کوئی چیز گاہک کو فروخت کرتا ہے اُس چیز کی قیمت فروخت کہلاتی ہے۔

### 3.1.2 نفع Profit

اگر کسی چیز کی قیمت فروخت اُسکی قیمت خرید سے زیادہ ہو تو نفع حاصل ہوتا ہے۔ نفع فی صد، قیمت فروخت اور قیمت خرید کے درمیان درج ذیل تعلقات ہیں۔

$$\text{نفع} = \text{قیمت فروخت} - \text{قیمت خرید}$$

$$\text{قیمت فروخت} = \text{نفع} + \text{قیمت خرید}$$

$$\text{\%نفع} = \left(\frac{\text{نفع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100\right) \Rightarrow \text{نفع} = \frac{\text{\%نفع} \times \text{قیمت خرید}}{100}$$

چونکہ

$$\text{قیمت فروخت} = \text{نفع} + \text{قیمت خرید}$$

اس لئے

$$\text{قیمت فروخت} = \frac{\text{\%نفع} \times \text{قیمت خرید}}{100} + \text{قیمت خرید}$$

یا

$$\text{قیمت فروخت} = \left(\frac{\text{\%نفع} + 100}{100}\right) \times \text{قیمت خرید}$$

اور

$$\text{قیمت خرید} = \left(\frac{100}{100 + \text{\%نفع}}\right) \times \text{قیمت فروخت}$$

**مثال 1:-** ایک بائیسکل 3450 روپے میں خریدا گیا اور 3850 روپے میں فروخت کیا گیا۔ نفع فی صد معلوم کیجئے۔

**حل:-**

بائیسکل کی قیمت خرید = 3450 روپے

بائیسکل کی قیمت فروخت = 3850 روپے

اس لیے نفع = قیمت فروخت − قیمت خرید

= 3850 − 3450 روپے

= 400 روپے

$$\text{نفع } \% = \left(\frac{\text{نفع} \times 100}{\text{قیمت خرید}}\right)\%$$

$$= \left(\frac{400\times 100}{3450}\right)\%$$

$$= 11.59\% \approx 11.6\%$$

**مثال 2:-** ایک تاجر ایک کرسی کو 2700 روپے میں فروخت کر کے 20% نفع کماتا ہے۔ کرسی کی قیمت خرید معلوم کیجئے۔

**حل:-**

فرض کیا کرسی کی قیمت خرید = 100 روپے

نفع = 20% (20 روپے)

چونکہ قیمت فروخت = قیمت خرید + نفع

اس لیے قیمت فروخت = 100 + 20 = 120

اگر قیمت فروخت 120 روپے ہو تو قیمت خرید = 100 روپے

اگر قیمت فروخت ایک روپیہ ہو تو قیمت خرید = $\frac{100}{120}$ روپے

= $\frac{5}{6}$ روپے

اگر قیمت فروخت 2700 روپے ہو تو قیمت خرید = $\left(2700\times\frac{5}{6}\right)$ روپے

= $\frac{13500}{6}$ روپے

پس قیمت خرید = 2250 روپے

**متبادل طریقہ:**

ہمارے پاس قیمت خرید معلوم کرنے کے لیے یہ کلیہ ہے۔

$$\text{قیمت خرید} = \left(\frac{100}{100 + \text{نفع}\%}\right) \times \text{قیمت فروخت}$$

$$= \left(\frac{100}{100+20}\right) \times 2700 \text{ روپے}$$

$$= \frac{100 \times 2700}{120} \text{ روپے}$$

$$= \frac{13500}{6} \text{ روپے}$$

$$\text{پس قیمت خرید} = 2250 \text{ روپے}$$

**مثال 3:-** اگر ایک ٹیلی ویژن 6590 روپے میں خرید کر 6850 روپے میں فروخت کیا ہو تو نفع فی صد معلوم کیجئے۔

**حل:-**

$$\text{قیمت خرید} = 6590 \text{ روپے}$$

$$\text{قیمت فروخت} = 6850 \text{ روپے}$$

$$\text{نفع} = 6850 - 6590$$

$$\text{نفع} = 260 \text{ روپے}$$

$$\text{نفع}\% = \left(\frac{\text{نفع} \times 100}{\text{قیمت خرید}}\right)\%$$

$$= \left(\frac{260 \times 100}{6590}\right)\%$$

4- ایک گاہک 150 امریکن ڈالرز کو روپوں میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ وہ ایک منظور شدہ ڈیلر کے پاس جاتا ہے۔ وہ اسے تبادلہ کی شرح: روپے $1\ dollar = 84.100$ پیش کش کرتا ہے۔ اگر وہ کسی منی چینجر سے تبدیل کرواتا ہے تو قیمت روپے $1 dollar = 83.4495$ ہے۔ روپے معلوم کیجئے۔ جبکہ

(i) اگر منظور شدہ ڈیلر سے تبدیل کروائے جائیں

(ii) منی چینجر سے تبدیل کرائے جائیں

(iii) منی چینجر سے تبدیل کروانے سے نقصان

5- پاکستان میں چائے کا ریٹ 2.1 روپے فی پاؤنڈ ہے۔ ریٹ فی کلوگرام معلوم کیجئے۔ جبکہ

(i) ایک پاؤنڈ $= 0.4536$ کلوگرام

(ii) اگر ایک سعودی ریال 22.400 روپے کے برابر ہو تو سعودی عرب میں کیا قیمت ہوگی؟

6- ایک ایکسپورٹر انگلستان کو 4000 پاؤنڈ سٹرلنگ کے کارپٹس ایکسپورٹ کرتا ہے۔اس موقع پر تبادلہ ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.4542 روپے کے برابر تھا۔ وہ اس وقت رقم وصول کرتا ہے۔ جب تبادلہ کا ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.0599 روپے کے برابر تھا۔اس کو کتنا نقصان ہوا؟

7- سعودی عرب میں ایک پاکستانی رہائشی 4370 ریال ماہانہ کماتا ہے اس کے ماہانہ اخراجات 3450 ریال ہیں۔ وہ اپنی بچت ہر ماہ پاکستان واپس بھیجتا ہے۔ وہ ایک سال میں کتنی بچت کرتا ہے؟

اگر تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.400 = 1 سعودی ریال

سال بعد تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.3004 = 1 سعودی ریال

ماہانہ رقم واپس بھجوانے پر نفع یا نقصان بتائیے۔

8- رضوان سعودی عرب میں ایک کار 15000 ریال میں خریدتا ہے۔ ڈلیوری 3 ماہ بعد ہونا تھی جبکہ ادائیگی بھی ڈلیوری کے موقع پر کی جانی تھی۔ معاہدہ کے وقت تبادلہ کا ریٹ

روپے 22.400 = ایک سعودی ریال

جبکہ ڈلیوری کے وقت تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.0827 = ایک سعودی ریال

ریٹ میں تبدیلی کی بناء پر نفع یا نقصان معلوم کیجئے۔

9- علی کا ایک دوست سعودی عرب سے علی کو 450 ریال بھیجتا ہے۔ بینک تبادلہ کے دو ریٹس کی پیشکش کرتا ہے۔

(ٹی ٹی کے ذریعہ خرید) روپے 22.3449 = 1 سعودی ریال

(ٹی سی کے ذریعہ خرید) روپے 22.2146 = 1 سعودی ریال

کونسا ریٹ قابل نفع ہوگا؟ مزید یہ کہ رقم پاکستانی روپوں میں معلوم کیجئے۔

ریٹ میں اضافہ سے پہلے:

ایک سال کی بچت $= 700 \times 12 = 8400$ ریال

پرانے ریٹ پر سالانہ بچت

$= 8400 \times 22.400$

$= 1,88,160$ روپے

ریٹ میں اضافہ کی بناء پر سالانہ بچت

$= 8400 \times 22.6203 = 1,90,010$

بچت میں اضافہ $= 1,90,011 - 1,88,160$

$= 1851$ روپے

## مشق 4.1

-1 250 یو ایس ڈالرز کو پاؤنڈ سٹرلنگ میں تبدیل کیجئے۔

-2 5000 سعودی ریال کو پاکستانی روپوں میں تبدیل کیجئے۔

-3 ایک امپورٹر ایک کار کو جاپان سے 5000 ین میں امپورٹ کرتا ہے۔ ڈلیوری تین ماہ بعد دی جانی تھی۔ معاہدہ کے وقت ایک ین 0.895236 روپے کے برابر تھا۔ معاہدہ کے وقت ادائیگی کر دی گئی۔ ڈلیوری کے وقت ایک ین 0.892236 روپے ہو گیا۔ امپورٹر کا نفع یا نقصان معلوم کیجئے۔

-4 ایک گاہک 150 امریکن ڈالرز کو روپوں میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ وہ ایک منظور شدہ ڈیلر کے پاس جاتا ہے۔ وہ اسے تبادلہ کی شرح: $1\ dollar = 84.100$ روپے پیش کش کرتا ہے۔ اگر وہ کسی منی چینجر سے تبدیل کرواتا ہے تو قیمت $1 dollar = 83.4495$ روپے ہے۔ روپے معلوم کیجئے۔ جبکہ

(i) اگر منظور شدہ ڈیلر سے تبدیل کروائے جائیں

(ii) منی چینجر سے تبدیل کرائے جائیں

(iii) منی چینجر سے تبدیل کروانے سے نقصان

-5 پاکستان میں چائے کا ریٹ 2.1 روپے فی پاؤنڈ ہے۔ ریٹ فی کلوگرام معلوم کیجئے۔ جبکہ

(i) ایک پاؤنڈ $= 0.4536$ کلوگرام

(ii) اگر ایک سعودی ریال 22.400 روپے کے برابر ہو تو سعودی عرب میں کیا قیمت ہوگی؟

-6 ایک ایکسپورٹر انگلستان کو 4000 پاؤنڈ سٹرلنگ کے کارپٹس ایکسپورٹ کرتا ہے۔ اس موقع پر تبادلہ ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.4542 روپے کے برابر تھا۔ وہ اس وقت رقم وصول کرتا ہے۔ جب تبادلہ کا ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.0599 روپے کے برابر تھا۔ اس کو کتنا نقصان ہوا؟

-7 سعودی عرب میں ایک پاکستانی رہائشی 4370 ریال ماہانہ کماتا ہے اس کے ماہانہ اخراجات 3450 ریال ہیں۔ وہ اپنی بچت ہر ماہ پاکستان واپس بھیجتا ہے۔ وہ ایک سال میں کتنی بچت کرتا ہے؟

اگر تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.400 = 1 سعودی ریال

سال بعد تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.3004 = 1 سعودی ریال

ماہانہ رقم واپس بھجوانے پر نفع یا نقصان بتائیے۔

-8 رضوان سعودی عرب میں ایک کار 15000 ریال میں خریدتا ہے۔ ڈلیوری 3 ماہ بعد ہونا تھی جبکہ ادائیگی بھی ڈلیوری کے موقع پر کی جانی تھی۔ معاہدہ کے وقت تبادلہ کا ریٹ

روپے 22.400 = ایک سعودی ریال

جبکہ ڈلیوری کے وقت تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.0827 = ایک سعودی ریال

ریٹ میں تبدیلی کی بناء پر نفع یا نقصان معلوم کیجئے۔

-9 علی کا ایک دوست سعودی عرب سے علی کو 450 ریال بھیجتا ہے۔ بینک تبادلہ کے دو ریٹس کی پیشکش کرتا ہے۔

(ٹی ٹی کے ذریعہ خرید) روپے 22.3449 = 1 سعودی ریال

(ٹی سی کے ذریعہ خرید) روپے 22.2146 = 1 سعودی ریال

کونسا ریٹ قابل نفع ہوگا؟ مزید یہ کہ رقم پاکستانی روپوں میں معلوم کیجئے۔

## 4.3 منافع/مارک اپ PROFIT/MARKUP

پاکستان میں اسلامی بینکنگ کے شروع ہونے سے نفع اور نقصان کی شراکت داری اور فنانسنگ کے اسلامی طریقوں کے تحت ''سود'' کا لفظ ''منافع'' یا ''مارک اپ'' سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔

جب ہم بینک میں اپنی بچتوں کو جمع کراتے ہیں۔ تو بینک سے اپنی رقم استعمال کرنے کے عوض ہم کچھ اضافی رقم وصول کر ہیں۔ یہ اضافی رقم جو بینک ہماری رقم کے استعمال کے تبادلہ میں ہمیں دیتا ہے جمع کرائی گئی رقم پر منافع کہلاتا ہے۔ اس طرح د منافع بینک کے لیے اخراجات میں شمار ہوتا ہے اور گاہک کے لیے نفع شمار ہوتا ہے۔

اسی طرح جب ہم بینک سے قرض حاصل کرتے ہیں تو ہم بینک کو اس کی دی ہوئی رقم کو استعمال کرنے کے عوض کچھ اضافی دیتے ہیں۔ یہ زائد رقم جو ہم بینک کو ادا کرتے ہیں۔ مارک اپ کہلاتی ہے۔ یہ بینک کے لیے آمدنی جبکہ قرضدار یا گاہک لیے اخراجات ہوتی ہے۔

جمع شدہ رقم پر منافع یا قرض پر مارک اپ کو شرح فی صد کے حساب سے لیا جاتا ہے۔ اسے ریٹ کہتے ہیں۔ وہ رقم جو جمع کر لگائی جاتی ہے یا قرض لی جاتی ہے اصل زر کہلاتی ہے۔ منافع یا مارک اپ عام طور پر فکسڈ سالانہ ریٹ پر لیا جاتا ہے۔ جس سالانہ ریٹ کہتے ہیں۔ بعض اوقات منافع کے ریٹ کو ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ یا روزانہ کی بنیاد پر بھی نکالا جاتا ہے۔ منافع یا ما اپ کی رقم جمع کروائی گئی یا ادھار لی گئی رقم کی مدت پر منحصر ہوتی ہے۔ اگر منافع یا قرض کو اصل زر پر نکالا جائے تو اسے سادہ منا مارک اپ کہتے ہیں۔ جب پچھلے سال کے اصل زر میں نفع جمع کرنے کے بعد اگلے سال کا اصل زر سمجھا جائے اور اگلے سال کا اس نئے اصل زر کے حساب سے حل کیا جائے تو اسے مرکب منافع کہتے ہیں۔ جس کا مطلب اصل زر کے ساتھ منافع پر منافع

ضروری اصطلاحات درج ذیل ہیں۔

(i) رقم/سرمایہ جو قرض لیا گیا ہو یا دیا گیا ہو اصل زر کہلاتا ہے۔

(ii) حاصل کیے گئے فی صد منافع کو شرح (Rate) کہتے ہیں۔

(iii) قرض یا جمع کرائی گئی رقم کے دورانیہ کو مدت کہتے ہیں۔

(iv) جب اصل زر میں منافع کو جمع کیا جاتا ہے تو کل رقم کو اماؤنٹ (Amount) کہتے ہیں۔

## 4.3.1 منافع معلوم کرنا Calculate Profit

گاہک جو رقم بینک میں برقرار رکھتا ہے۔ اس پر بینک جو اضافی رقم دیتا ہے اسے منافع کہتے ہیں۔ فی صد شرح منافع جمع کرائی گئی رقم کی مدت پر منحصر ہوتی ہے۔ منافع کی ادائیگی کا طریقہ کار ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی یا سالانہ بھی ہوسکتا ہے۔ اصل زر پر شرح منافع کا دورانیہ عام طور پر ایک سال ہوتا ہے منافع کی شرح کا بینک ششماہی یا سالانہ کی بنیاد پر اعلان کرتا ہے۔ روایتی بینکنگ کے تحت جمع رقم پر سود کا ریٹ پہلے سے طے شدہ بنیاد پر ہوتا ہے۔ اسلامک بینکنگ میں پہلے سے طے شدہ منافع کا کوئی تصور نہیں ہوتا۔ اس کی بجائے رقم جمع کرانے والا بینک کے نفع اور نقصان میں شراکت کرتا ہے۔ جمع رقم پر منافع بینک کا خرچہ ہوتا ہے اور اسے بینک کے اخراجات میں شامل کیا جاتا ہے۔

درج ذیل کلیہ کو جمع رقم یا بینک میں لگائی گئی رقم، مالی اداروں یا نیشنل سیونگ سنٹرز میں لگائی رقوم پر نفع نکالنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

$$\text{منافع (سادہ)} = \frac{\text{شرح} \times \text{مدت} \times \text{اصل زر}}{100}$$

درج بالا کلیہ سے سالانہ کی بنیاد پر منافع معلوم کیا جاتا ہے۔ روزانہ، ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی کی بنیاد پر منافع معلوم کرنے کے لیے مدت کے دورانیہ کو ضرورت کے مطابق عدد سے تقسیم کر کے سالوں میں تبدیل کرتے ہیں۔
اگر بقیہ معلومات دی گئی ہوں تو درج بالا مساوات کو دوبارہ ترتیب دیتے ہوئے غیر موجود حصے کو معلوم کر سکتے ہیں۔

$$\text{اصل زر} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{شرح} \times \text{مدت}}$$

(جبکہ نفع، مدت اور شرح دی گئی ہوں)

$$\text{اصل زر} = \frac{100 \times \text{کل رقم}}{100 + (\text{شرح} \times \text{مدت})}$$

(جبکہ رقم، مدت اور شرح دی گئی ہوں)

$$\text{شرح} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{اصل زر} \times \text{مدت}}$$

$$\text{مدت} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{اصل زر} \times \text{شرح}}$$

(جبکہ منافع، شرح اور اصل زر دی گئی ہوں)

کمپاؤنڈ منافع (منافع پر منافع) درج ذیل کلیہ سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

$$\text{حتمی رقم} = \text{اصل زر} \times \left(1+\frac{\text{شرح}}{100}\right)^{\text{مدت}}$$

$$\text{منافع کمپاؤنڈ} = \text{حتمی رقم} - \text{اصل رقم}$$

**مثال 1:-** اگر ہم 10% سالانہ کی شرح سے ایک سیونگ اکاؤنٹ میں 1000 روپے لگاتے ہیں تو ایک سال میں ہمیں پیسے ملیں گے؟

**حل:-**

$$\text{منافع} = \frac{10}{100}\times 1000 = 100 \text{ روپے}$$

ایک سال بعد جو رقم ملے گی۔ = 1000 روپے + 100 روپے = 1100 روپے

ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایک سال کے 10 فی صد سالانہ شرح سے 1000 روپے لگانے سے 1100 روپے اگلے سال کے لیے (مستقبل میں) قیمت ہے۔

**مثال 2:-** علی نے 5% کی سالانہ شرح سے 2 سال کے لیے نیشنل بینک آف پاکستان میں اپنے سیونگ اکاؤنٹ میں 2000 روپے جمع کرائے۔ 2 سال جمع کرائی گئی رقم پر منافع کی کیا رقم ہوگی؟

**حل:-**

اصل زر = 2000 روپے

شرح فی صد = 5 %

مدت = 2 سال

$$\text{ایک سال کا نفع} = \frac{\text{اصل زر} \times \text{شرح فی صد}}{100}$$

$$= \frac{2000\times 5}{100} \text{ روپے} = 100 \text{ روپے}$$

اصل زر (اگلے سال کے لیے) = 2000 روپے + 100 روپے = 2100 روپے

$$\text{دوسرے سال کا منافع} = \frac{2100\times 5}{100} \text{ روپے} = 105 \text{ روپے}$$

2 سالوں کا منافع = 100 روپے + 105 روپے = 205

**مثال 3:-** اگر 640 روپے پر 12 سال کے لیے سادہ منافع 384 روپے ہو تو منافع کی شرح فی صد معلوم کیجئے۔

**حل:-**

اصل زر = 640 روپے

سادہ منافع = 384 روپے

مدت = 12 سال

$$\text{شرح} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{اصل زر} \times \text{مدت}}$$

$$= \frac{384 \times 100}{640 \times 12} = 5\%$$

**مثال 4:-** اگر سرمایہ $3\frac{2}{3}\%$ سالانہ سادہ شرح منافع سے لگایا جائے تو کتنے عرصہ میں 9400 روپے 10,951 روپے ہو جائیں گے۔

**حل:-**

اصل زر = 9400 روپے

رقم (اماؤنٹ) = 10,951 روپے

سادہ منافع = 10951 روپے − 9400 روپے = 1551 روپے

$$\text{شرح} = 3\frac{2}{3}\% = \frac{11}{3}\%$$

$$\text{مدت} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{شرح} \times \text{اصل زر}}$$

$$= \frac{1551 \times 100 \times 3}{9400 \times 11} = \frac{9}{2} \text{ سال} = 4\frac{1}{2} \text{ سال}$$

**مثال 5:-** 3 سال کے لیے 5% سالانہ شرح پر 4000 روپے پر کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجئے۔

**حل:-**

اصل زر = 4000 روپے

شرح = 5%

مدت = 3 سال

$$\text{حتمی رقم} = (4000)\times\left(1+\frac{5}{100}\right)^3$$

$$= 4000\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100} = \frac{9261}{2} = 4630.50 \text{ روپے}$$

کمپاؤنڈ منافع = 4630.50 روپے − 4000 روپے = 630.50 روپے

**مثال 6:-** 4% سالانہ شرح سے 2 سال 6 ماہ کے لیے 5000 روپے پر کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجئے۔

**حل:-**

اصل زر = 5000 روپے

شرح = 4%

مدت = $2\frac{1}{2}$ سال

حتمی رقم $= 5000\times\left(1+\frac{4}{100}\right)^2\left(1+\frac{2}{100}\right)$

$= 5000\times\frac{104}{100}\times\frac{104}{100}\times\frac{102}{100}=\frac{137904}{25}=5516.16$ روپے

کمپاؤنڈ منافع = 5516.160 روپے - 5000 روپے = 516.16 روپے

**مثال 7:-** 1500 روپے پر 2 سال کے لیے 6% سالانہ کی شرح سے ششماہی ادائیگی کے لیے قابل ادا کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجئے

**حل:-**

اصل زر = 1500 روپے

شرح = 6% سالانہ = 3% ششماہی

مدت = 2 سال یا 4 ششماہی

حتمی رقم $= 1500\times\left(1+\frac{3}{100}\right)^4$

حتمی رقم $= 1500\times\frac{103}{100}\times\frac{103}{100}\times\frac{103}{100}\times\frac{103}{100}=1688.26$ روپے

کمپاؤنڈ منافع = 1688.26 روپے - 1500 روپے = 188.26 روپے

## مارک اپ معلوم کرنا Calculation of Markup

اسلامی مالیاتی طریقہ کار کے تحت بینک جو منافع حاصل کرتا ہے اسے مارک اپ کہتے ہیں۔ بینک مارک اپ کی شرح کو روزانہ کی بنیاد پر سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کی گئی بینچ مارکڈ شرح کو مدنظر رکھتے ہوئے فکس کرتا ہے۔ اس بینچ مارکڈ شرح کو کراچی انٹربینک آفرریٹ (KIBOR) کہتے ہیں۔ جسے SBP ایک ماہ، 3 ماہ، 6 ماہ، 9 ماہ اور 12 ماہ کی شرح کے لیے جاری کرتا ہے۔ بینک مارک اپ کی شرح اپنے شرح منافع کو KIBOR کی شرح میں جمع کر کے وصول کرتا ہے۔ اس شرح منافع کو عام طور پر سپریڈ (Spread) کہتے ہیں جو کہ قرض لینے اور قرض دینے کی شرح منافع کے درمیان فرق ہوتا ہے۔ کمرشل بینک کے لیے مارک اپ ایک بڑا ذریعہ آمدنی ہوتا ہے۔ اس کو گاہگوں سے حاصل کیا، یا دلایا جاسکتا ہے اور اسے بینک کی آمدنی اکاؤنٹ میں جمع کیا جاتا ہے۔ اسلامک بینکنگ میں پہلے سے طے شدہ مارک اپ کی شرح نہیں ہوتی اور فنانسنگ اشیاء کی خرید و فروخت کے معاہدے کی بنیاد پر کی جاتی ہے اور بل جس کے تحت فروخت کی قیمت نکالی جاتی ہے۔ قیمت خرید میں مارک اپ جمع کیا جاتا ہے۔

قرض پر یا ادھار پر لی گئی رقم پر مارک اپ درج ذیل کلیوں کی مدد سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

$$\text{مارک اپ (سالانہ)} = \frac{\text{ادھار لی گئی رقم} \times \text{شرح}}{100}$$

$$\text{مارک اپ (ماہانہ)} = \frac{\text{ادھار لی گئی رقم} \times \text{شرح}}{100 \times 12}$$

$$\text{مارک اپ (روزانہ)} = \frac{\text{ادھار لی گئی رقم} \times \text{شرح}}{100 \times 365}$$

**مثال:-** ایک آدمی 1,00,000 روپے 3 سال کے لیے 16% کی سالانہ شرح سے ادھار لیتا ہے۔ اسے کتنا مارک اپ ادا کرنا ہوگا؟

**حل:-**

اصل زر = 100,000 روپے

100,000 روپے کا ایک سال کے لیے مارک اپ $= \frac{16}{100} \times 100,000$

$= 16000$ روپے

100,000 روپے کا 3 سال کے لیے مارک اپ $= 3 \times 16000$

$= 48,000$ روپے

# مشق 4.2

1- ایک مالی ادارہ نے 55 روپے سادہ منافع ایک رقم پر حاصل کیا جو کہ 5 ماہ کے لیے ادھار لی گئی تھی۔ اگر منافع کی شرح 12% سالانہ ہو تو رقم معلوم کیجیے۔

2- جاوید ایک سیونگ سکیم میں 800 روپے 6% سالانہ شرح کے حساب سے لگاتا ہے اور 1200 روپے 7% سالانہ شرح پر لگاتا ہے۔ ان کا ان دونوں رقوم پر کل کتنا منافع ہوگا؟

3- 1,250 روپے کتنا عرصہ کے لیے 6% سالانہ شرح پر سادہ منافع 750 روپے حاصل کرنے کے لیے جمع کروائے جائیں؟

4- علی نے عابد کو 4800 روپے 7 ماہ کے لیے دیئے۔ اس دورانیہ کے اختتام پر عابد نے علی کو 119 روپے منافع دینا ہوگا۔ منافع کی سالانہ شرح فی صد معلوم کیجیے۔

5- ایک سال کے دوران جاوید ایک پرائیویٹ بینک میں مارچ کے آخر میں 600 روپے اور جون کے آخر میں 400 روپے جمع کرواتا ہے۔ بینک اسے 3% سالانہ شرح کے حساب سے سادہ منافع تجویز کرتا ہے۔ جاوید نے اس سال دسمبر کے آخر میں جتنی رقم وصول کی وہ معلوم کیجیے۔

6- کس سالانہ شرح منافع پر ایک رقم 680 روپے سے بڑھ کر 3 سال 4 ماہ میں 850 روپے ہو جائے گی؟

7- اس یونٹ میں دیئے گئے کلیوں کی مدد سے درج ذیل جدول کی نقل بنایئے اور مکمل کیجیے۔

| | اصل زر | منافع کی شرح | مدت | سادہ منافع | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| (a) | 12,000 روپے | 8% | 7 سال | | |
| (b) | 500 روپے | 11% | | 220 روپے | |
| (c) | | 9% | 4 سال | 108 روپے | |
| (d) | 3,000 روپے | | 10 سال | 1,200 روپے | |
| (e) | | | 2 سال | 360 روپے | 3,960 روپے |
| (f) | 1,800 روپے | | 18 سال | 189 روپے | |
| (g) | 4,500 روپے | | 2 سال | | 5,040 روپے |
| (h) | | 5% | | 90 روپے | 1,290 روپے |

**8-** ایک بینک نے سالانہ شرح منافع 3.5% سے 4% تک بڑھائی۔ بتایئے سعید کتنا اضافی منافع حاصل کرے گا اگر وہ 6400 روپے 6 ماہ کے لیے نئی منافع کی شرح پر جمع کرائے؟

**9-** جمشید کی بیوی نے 4000 روپے کسی بینک میں لگائے۔ جو اپنے سرمایہ کاروں کو $7\frac{1}{4}\%$ سالانہ شرح سے سادہ منافع دیتا ہے۔ دو سال بعد شرح منافع بڑھ کر 8% ہو جاتی ہے۔ 7 سال بعد اس کے پاس کتنی رقم ہوگی؟

**10-** داؤد نے کسی بینک میں ایک خاص رقم جمع کرائی۔ اگر منافع کی شرح $3\frac{3}{4}\%$ سالانہ سے کم ہو کر $3\frac{1}{2}\%$ ہو جائے تو داؤد کا منافع ایک سال میں 50 روپے کم ہو جاتا ہے۔ اس نے کل کتنی رقم جمع کرائی؟

**11-** کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے؟

(i) 450 روپے 2 سال کے لیے 10% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع
(ii) 750 روپے 3 سال کے لیے 11% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع
(iii) 5000 روپے 2 سال کے لیے $11\frac{3}{4}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع
(iv) 1200 روپے 3 سال کے لیے 4% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع
(v) 10000 روپے 3 سال کے لیے $7\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

**12-** وسیم نے 5000 روپے $5\frac{1}{4}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع کے لیے لگائے۔ تیسرے سال کے اختتام پر رقم کیا ہوگی؟

**13-** جاوید نے 800 روپے $12\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع کے لیے ششماہی کمپاؤنڈ کے حساب سے لگائے پہلے سال کے اختتام پر اسے کتنی رقم ملے گی؟

**14-** سلیم نے 9000 روپے 2% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع کے لیے روزانہ کمپاؤنڈ کے حساب سے لگائے۔ تیسرے دن کے اختتام پر رقم کیا ہوگی؟

## 4.3.1 کمرشل بینکنگ اور نیشنل سیونگ سکیمز سے متعلقہ حل شدہ مثالیں

## olved Problems Related to Commercial Banking and lational Saving Schemes.

**مثال 1:-** اگر چار سال کی مدت کے لیے 5% کی شرح سے مارک اپ 174 روپے ہو تو ایک شخص کو کتنی رقم ادھار لینا ہوگی۔

**حل:-**

مارک اپ = 174 روپے

مدت = 4 سال

شرح = 5% سالانہ

اصل زر $= \frac{174 \times 100}{5 \times 4} = 870$ روپے

**مثال 2:-** 18 مئی کو ادھار لی گئی رقم 6900 روپے پر مارک اپ معلوم کیجئے جبکہ یہ رقم 11 اکتوبر کو واپس کر دی گئی۔ اور اس پر شرح منافع $3\frac{1}{2}$ فیصد سالانہ ہے۔

**حل:-**

اصل زر = 6900 روپے

شرح $= 3\frac{1}{2}\%$

مدت = 146 دن یا $\frac{146}{365}$ سال

(18 مئی تا 11 اکتوبر)

| | |
|---|---|
| مئی | 13 دن |
| جون | 30 دن |
| جولائی | 31 دن |
| اگست | 31 دن |
| ستمبر | 30 دن |
| اکتوبر | 11 دن |
| ٹوٹل | 146 دن |

مارک اپ $= \frac{6900 \times 146 \times 7}{365 \times 2 \times 100} = 96.60$ روپے

رقم جو واپس کی گئی = 6900 روپے + 96.60 روپے = 6996.60 روپے

**مثال 3:-** کتنی رقم 3 سال کی مدت میں 5% سالانہ شرح سے 630.50 روپے کمپاؤنڈ منافع دے گی؟

**حل:-**

فرض کیا رقم = 100 روپے

شرح = 5% سالانہ

مدت = 3 سال

حتمی رقم $= 100\times\left(1+\frac{5}{100}\right)^3$

$= 100\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}=\frac{9261}{80}$ روپے

کمپاؤنڈ منافع $= \frac{9261}{80}-100=\frac{1261}{80}$

دیا گیا کمپاؤنڈ منافع $= 630.50=\frac{1261}{2}$

اگر دیا گیا کمپاؤنڈ منافع $\frac{1261}{80}$ روپے ہو تو اصل زر = 100 روپے

اگر کمپاؤنڈ منافع ایک روپیہ ہو تو اصل زر $=\frac{100\times80}{1261}$

اگر کمپاؤنڈ منافع $\frac{1261}{2}$ روپے ہو تو اصل زر $=\frac{100\times80\times1261}{1261\times2}$

= 4000 روپے

**مثال 4:-** 25000 روپے پر 4 سالہ مدت کے لیے 5% سالانہ شرح سے سادہ اور کمپاؤنڈ منافع میں فرق معلوم کیجئے۔

**حل:-**

اصل زر = 25000 روپے

مدت = 4 سال

شرح = 5% سالانہ

سادہ منافع $= \frac{25000\times4\times5}{100} = 5000$ روپے

حتمی رقم $= 25000\times\left(1+\frac{5}{100}\right)^4$

$= 25000\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}\times\frac{105}{100}=30,387.65$ روپے

کمپاؤنڈ منافع = 30387.65 روپے − 25000 روپے = 5387.65 روپے

سادہ منافع اور کمپاؤنڈ منافع میں فرق = 5387.65 روپے − 5000 روپے = 387.65 روپے

## مشق 4.3

1- ایک آدمی نے نیشنل بینک سے $12\frac{1}{2}$ % سالانہ شرح پر 3 مارچ کو 1460 روپے ادھار لیے۔ اسے یکم جولائی کو کتنی رقم دینی ہوگی تاکہ قرض اتارا جاسکے۔

2- ایک دکاندار نے UBL بینک سے 3540 روپے $10\frac{3}{4}$% سالانہ شرح پر ادھار لیے اور اسی دن ساری رقم $11\frac{1}{2}$% سالانہ شرح پر ادھار میں دے دی۔ اسے 3 سال 4 ماہ بعد کتنا منافع ہوگا؟

3- 2 سال کے لیے 6% سالانہ شرح کے حساب سے الائیڈ بینک نے 8034 روپے منافع کے طور پر حاصل کیے۔ بینک نے کتنے روپے قرضہ دیا؟

4- ایک کمپنی نے 8% سالانہ شرح سادہ مارک اپ پر بینک الفلاح سے 6600 روپے قرض لیا۔ 11 ماہ بعد کمپنی کو بینک کو کیا دینا ہوگا؟

5- اسلامی بینک 2.25% ماہانہ شرح سادہ مارک اپ شخصی قرض پر حاصل کرتا ہے اگر علی 2 سال اور ایک مہینے کے لیے 6400 روپے قرض لیتا ہے۔ تو اسے کتنا مارک اپ ادا کرنا ہوگا؟

6- 2,50,000 روپے پر ایک سال کے لیے کمپاؤنڈ مارک اپ 14% سالانہ شرح کے حساب سے معلوم کیجیے۔

7- 600 روپے پر 4 سال کے لیے 6% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

8- 50,000 روپے پر 4% سالانہ شرح سے $1\frac{1}{2}$ سال کے لیے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

9- 54000 روپے پر ایک سال کے لیے 12% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

# 4.4 بیمہ INSURANCE

## 4.4.1 بیمہ پالیسی Insurance Policy

کاروباری لین دین اور معاملات میں خطرات سے بچنے کے لیے بیمہ پالیسی ایک اہم ذریعہ ہے۔ بیمہ یا انشورنس دو پارٹیوں کے درمیان ایک معاہدہ ہے جس میں ایک شخص یا پارٹی ایک رقم ماہانہ، سہ ماہی یا سالانہ اقساط کی صورت میں ایک خاص بیمہ کمپنی کو ادا کرنے پر تیار ہوتا ہے تاکہ زندگی، چوری اور نقصانات وغیرہ کو لاحق خطرات کے مقابلہ میں تحفظ مل سکے۔ اس معاہدہ کے تحت انشورنس کمپنی کو طے شدہ رقم یا نقصان کی اصل قیمت یا اچانک موت، خطرہ یا طے شدہ مدت کی تکمیل کی بناء پر واپس ادا کرنا ہوتی ہے۔

انشورنس میں استعمال ہونے والی بنیادی اصطلاحات درج ذیل ہیں۔

(i) ایک بیمہ کمپنی یا ادارہ جو بہت سے خطرات کے خلاف انشورنس کرتا ہے/انشورنس مہیا کرتی ہے اور بیمہ پالیسی جاری کرتا ہے اسے بیمہ کمپنی (*Insurer*) کہتے ہیں۔

(ii) ایک شخص جس کو انشورنس پالیسی جاری کی جاتی ہے جو کہ انشورنس کے معاہدہ میں فائدہ مند ہوتا ہے انشورڈ یا انشورینٹ (بیمہ دار/بیمہ شدہ) کہلاتا ہے۔

(iii) دو پارٹیوں کے درمیان جو معاہدہ ہوتا ہے وہ انشورنس پالیسی کہلاتا ہے۔

(iv) انشورڈ (بیمہ دار) کی طرف سے وقفہ وقفہ سے ادا کی گئی اقساط پریمیم کہلاتی ہیں۔

(v) وہ مدت جس پر بیمہ دار اور بیمہ کمپنی دونوں راضی ہوں میچورٹی کہلاتا ہے۔

(vi) معاہدہ کی کل رقم جسے میچورٹی یا راضی شدہ مدت کے اختتام پر واپس ادا کی جاتی ہے اس میں اصل رقم جو قسطوں میں ادا کی گئی ہو اور منافع شامل ہو بونس کہلاتا ہے۔

## 4.4.2 لائف انشورنس اور گاڑی کی انشورنس Life Insurance and Vehicle Insurance

عام طور پر انشورنس دو قسم کی ہوتی ہے۔

*i*- لائف انشورنس

*ii*- گاڑی اور جائیداد کی انشورنس

## لائف انشورنس Life Insurance

لائف انشورنس ایک معاہدہ ہے۔ جس میں فریقین کے درمیان اصل رقم اور منافع جسے بونس کہتے ہیں کی واپس ادائیگی کے لیے میچورٹی مدت پر اتفاق ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت میں بیمہ دار کی موت واقع ہونے پر یا کسی حادثہ وغیرہ پر (ان میں سے جو پہلے واقع ہو) انشورنس ادا کی جاتی ہے۔ ایک شخص بڑھاپے یا کسی نااہلیت کے لیے بھی انشورنس پالیسی لے سکتا ہے جس کی بیمہ دار کی آمدنی کا 10% سے 50% تک ہو سکتی ہے۔

یہاں ایک مثال میں زندگی کے بیمہ کی صورت میں سالانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ قسط (پریمیم) کو حل کیا جا رہا ہے۔

انشورنس کے وقت انشورنس کروانے والے کی عمر 30 سال ہے۔

پریمیم کی شرح پالیسی کی کل رقم کا 4.5% سالانہ ہے۔

ششماہی پریمیم کی شرح سالانہ پریمیم کا 52% ہے۔

سہ ماہی پریمیم کی شرح سالانہ پریمیم کا 27% ہے۔

ماہانہ پریمیم کی شرح سالانہ پریمیم کا 9% ہے۔

پالیسی کی کل رقم $= 4,00,000$ روپے

4.5% کی شرح سے پہلا پریمیم $= \dfrac{4.5}{100} \times 4,00,000 = 18,000$ روپے

پالیسی فیس 0.25% کی شرح سے $= \dfrac{0.25}{100} \times 4,00,000 = 1000$ روپے

سالانہ پریمیم = پہلا پریمیم + پالیسی فیس

$= 18000 + 1000 = 19000$ روپے

اگر 0.25% پالیسی کی رقم، 1000 روپے سے زیادہ بنتی ہو تو صرف 1000 روپے پالیسی فیس کے طور پر لیے جائیں گے۔

اب پہلا پریمیم $= 18000$ روپے

ششماہی پریمیم $= \dfrac{52}{100} \times$ (پہلا پریمیم + پالیسی فیس)

$$= \frac{52}{100} \times (18000 + 1000)$$

$$= \frac{52}{100} \times 19000$$

$= 52 \times 190 = 9880$ روپے

سہ ماہی پریمیم $= \frac{27}{100} \times 19000$

$= 27 \times 190$ روپے

$= 5130$ روپے

ماہانہ پریمیم $= \frac{9}{100} \times 19000$

$= 9 \times 190$ روپے

$= 1710$ روپے

یہ بات بڑی اہم اور توجہ طلب ہے کہ پالیسی پریمیم کی رقم اور میچورٹی کی مدت کمپنی قوانین کی تحت بیمہ دار کی عمر کے ساتھ مختلف ہوتی ہے۔ عام طور پر بیمہ دار کی زیادہ عمر کے لحاظ سے میچورٹی کی مدت کم کی جاتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں بیمہ دار کی جتنی زیادہ عمر ہوگی میچورٹی کی مدت اتنی ہی کم ہوگی۔

**مثال :-** پہلا، سہ ماہی اور ماہانہ پریمیم معلوم کیجئے اگر انشورڈ کی عمر 30 سال، پالیسی کی رقم 3,00,000 روپے، میچورٹی مدت 25 سال، پریمیم مقررہ شرح 3.5% اور پالیسی فیس کی شرح 0.25% ہو۔

**حل :-**

انشورنس کے وقت انشورڈ کی عمر $= 30$ سال

پالیسی کی رقم $= 3,00,000$ روپے

میچورٹی کی مدت $= 25$ سال

پریمیم مقررہ شرح $= 3.5\%$

پالیسی فیس $= 0.25\%$

پہلا پریمیم $= \frac{3.5}{100} \times 3,00,000$

$= 35 \times 300$

$= 10,500$ روپے

پالیسی فیس $= \frac{0.25}{100} \times 3,00,000$

$= 25 \times 30$

$= 750$ روپے

خاندان کی آمدنی کا معاہدہ 0.5% کی شرح سے $= \frac{0.5}{100} \times 3,00,000$

$= 1500$ روپے

کل ادا کی گئی رقم = پہلا پریمیم + پالیسی فیس + خاندانی آمدنی کا معاہدہ

$= 10500$ روپے $+ 750$ روپے $+ 1500$ روپے

$= 12750$ روپے

جب پالیسی میچور ہوتی ہے:

پالیسی کی رقم $= 3,00,000$ روپے ..........(i)

25 سال کے لیے 4.5% کی شرح سے بونس $= \frac{4.5}{100} \times 3,00,000 \times 25$

$= 45 \times 300 \times 25$

$= 1125 \times 300$

$= 3,37,500$ روپے ..........(ii)

میچورٹی بونس 1.5%، 20 سال کے لیے $= \frac{1.5}{100} \times 3,00,000 \times 20$

$= 15 \times 6000$ روپے

$= 90,000$ روپے ..........(iii)

اختتامی بونس 1.6% $= \frac{1.6}{100} \times 3,00,000 \times 20$

$= 16 \times 6000$ روپے

$= 96000$ روپے ..........(iv)

$$\text{خاندان کی آمدنی پر بونس } 0.75\% = \frac{0.75}{100} \times 3,00,000 \times 20$$

$= 600 \times 75$ روپے

$= 45,000$ روپے ....... (v)

کل رقم جوانشورڈ حاصل کرے گا $= \boxed{i} + \boxed{ii} + \boxed{iii} + \boxed{iv} + \boxed{v}$

$= (3,00,000 + 3,37,500 + 90,000 + 96000 + 45,000)$ روپے

$= \boxed{8,68,500}$ روپے

ادا کیا گیا پریمیم = کل ادا کی گئی رقم × میچورٹی مدت

$= 12750 \times 25$ روپے

$= \boxed{3,18,750}$ روپے

اگر پالیسی حاصل کرنے کے بعد ایک سال کے دوران انشورڈ کی موت واقع ہوجاتی ہے تو اس کا خاندان، خاندانی آمدنی کے معاہدہ کے تحت درج ذیل فائدہ حاصل کرے گا۔

پالیسی کی رقم = 3,00,000 روپے

$$\text{بونس کی شرح } 4.2\% = \frac{4.2}{100} \times 3,00,000$$

$= 42 \times 300$ روپے

$= 12,600$ روپے

کل رقم = 300,000 روپے + 12,600 روپے = 312,600 روپے

درج بالا رقم کے علاوہ اضافی طور پر خاندان 30,000 روپے سالانہ (پالیسی رقم کا 10%) کے حساب سے 24 سال تک وصول کرے گا۔

پس کل رقم جوانشورڈ خاندان حاصل کرے گا:

3,12,600 روپے + 7,20,000 روپے

$= \boxed{10,32,600}$ روپے

## گاڑی کی انشورنس Vehicle Insurance

بعض اوقات افراد یا کمپنیاں اپنی گاڑیوں کے چوری ہونے، حادثات کا شکار ہونے یا آگ لگنے کے خطرہ کے پیشِ نظر انشورنس پالیساں حاصل کرتی ہیں۔ پالیسی کی رقم گاڑی کی کل قیمت یا جزوی قیمت ہوتی ہے۔ جبکہ پریمیم گاڑی کی اصل قیمت یا پالیسی کی کل رقم کا کچھ فیصد ہوتا ہے۔ اس کا کمپنی قوانین کے تحت مختلف مدتوں کے لیے مختلف شرح کے حساب سے فیصلہ کیا جاتا ہے۔ پہلا پریمیم عام طور پر ایک سال کی اقساط کی کل رقم ہوتا ہے۔

**مثال 1:-** ایک شخص نے اپنی کار کے لیے 3.5% کی شرح سے انشورنس پالیسی لی اور 14500 روپے پہلے سال کے پریمیم کے طور پر ادا کیے۔ اس کی کار کی قیمت بتایئے۔ جبکہ اس نے 500 روپے سروس چارجز کے ادا کیے۔

**حل:-**

فرض کیا کار کی کل قیمت = $x$ روپے

اس نے کل رقم جو ادا کی = 14500 روپے

سروس چارجز جو ادا کیے = 500 روپے

پریمیم کی بقایا رقم = $14500 - 500$ روپے

= 14000 روپے

اب

$x$ کا 3.5% = 14000 روپے

$$\frac{3.5}{100} \times x = 14000 \text{ روپے}$$

$$x = \frac{14000 \times 100}{3.5} \text{ روپے}$$

$$x = \frac{14000 \times 100 \times 10}{35}$$

$$= 400 \times 100 \times 10$$

$$= 400 \times 1000$$

= 4,00,000 روپے

کار کی قیمت = 4,00,000 روپے

گاڑی کی انشورنس میں سالانہ پریمیم کم ہوتا رہتا ہے کیونکہ اثاثہ کی قیمت میں کمی واقع ہوتی ہے۔
اس لیے پریمیم کو اسی حساب سے لیا جاتا ہے۔

عام طور پر کچھ سروس چارجز پریمیم میں شامل ہوتے ہیں لیکن ہم یہاں بغیر سروس چارجز سوالات کو زیرِ بحث لائیں گے۔

**مثال 2:-** ایک شخص نے اپنی کار کے لیے 3.6% کی شرح سے انشورنس پالیسی حاصل کی۔اس نے ایک سال کے لیے 12206روپے پہلے پریمیم کے طور پر ادا کیے۔اس کی کار کی قیمت بتائیے جبکہ اس نے 200روپے سروس چارجز کے دیئے ہوں۔

**حل:-**

فرض کیا کار کی کل قیمت = روپے $x$

کل رقم جوادا کی = روپے 12206

سروس چارجز جوادا کیے = روپے 200

پریمیم کی بقایا رقم = روپے $12206 - 200$

= روپے 12006

$3.6\%$ کا $x$ = روپے 12006

$\frac{3.6}{100}x$ = روپے 12006

$x = \frac{12006 \times 100}{3.6}$ روپے

$= \frac{12006 \times 100 \times 10}{36}$ روپے

کار کی قیمت = $x$ = روپے 333,500

آگ لگنے یا اس نوعیت کے نقصان کی صورت میں اثاثہ جات کی موجودہ قیمت پر پالیسی کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

**مثال 3:-** ارسلان نے اپنی کار کے لیے کل کتنی انشورنس ادا کرنی ہوگی اگر کار کی قیمت 8,50,000روپے مدت 5سال اور انشورنس کی شرح 4.5% ہو انشورنس کو سالانہ کی بنیاد پر ادا کرنا ہوگا جبکہ آخری سال کی انشورنس 0% اور قیمت میں کمی 10% سالانہ ہوگی۔

**حل:-**

کار کی قیمت = روپے 850,000

انشورنس کی شرح = $4.5\%$

مدت = 5 سال

پہلے سال انشورنس کی رقم = $\frac{4.5}{100} \times 850{,}000$ روپے = روپے 38250

قیمت میں کمی = $\frac{10}{100} \times 8{,}50{,}000 = 85000$ روپے

کمی کے بعد کار کی قیمت = $850{,}000 - 85000$ روپے

= روپے 765000

دوسرے سال کی انشورنس $= \frac{4.5}{100} \times 7,65,000$ روپے

$= 34425$ روپے

قیمت میں کمی $= \frac{10}{100} \times 7,65,000$ روپے

$= 76,500$ روپے

کمی کے بعد کار کی قیمت $= 7,65,000 - 76,500$ روپے

$= 6,88,500$ روپے

تیسرے سال کی انشورنس $= \frac{4.5}{100} \times 6,88,500$ روپے

$= 30,982.50$ روپے

قیمت میں کمی $= \frac{10}{100} \times 6,88,500$ روپے

$= 68,850$ روپے

کمی کے بعد کار کی قیمت $= 6,88,500 - 68,850$ روپے

$= 6,19,650$ روپے

چوتھے سال کی انشورنس $= \frac{4.5}{100} \times 6,19,650$ روپے

$= 27,884.25$ روپے

پانچویں سال کی انشورنس $= 0$

پس انشورنس کی کل ادا کردہ رقم درج ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلا سال | 38,250 | روپے |
| دوسرا سال | 34,425 | روپے |
| تیسرا سال | 30,982 | روپے |
| چوتھا سال | 27,884 | روپے |
| پانچواں سال | 0 | روپے |
| | 1,31,541 | روپے |

## 4.4.3 زندگی اور گاڑیوں کی انشورنس سے متعلق روزمرہ زندگی کے مسائل

## Simple Real Life Problems Regarding Purchase of Life and Motor Vehicle Insurance.

دی گئی مثالوں سے زندگی اور گاڑیوں کی انشورنس کے متعلق اہمیت واضح ہوتی ہے۔

**مثال 1:-** ایک بیمہ دار شخص جس کی عمر اس کی قریب ترین سالگرہ پر 30 سال ہے۔ اس وقت پالیسی کی کل رقم پر پریمیم کی شرح 4.842% ہے۔ ششماہی اقساط کی شرح سالانہ پریمیم کا 52% ہے۔ سہ ماہی پریمیم کی شرح سالانہ پریمیم کا 27% ہے۔ ماہانہ پریمیم کی شرح سالانہ پریمیم کا 9% ہے۔ تمام میں پریمیم کی رقم معلوم کیجئے۔
اگر پالیسی کی کل رقم 1,00,000 روپے ہو۔

**حل:-**

پالیسی کی کل رقم $= 100,000$ روپے

پہلا پریمیم 4.842% کی شرح سے $= \frac{4.842}{100} \times 100,000 = 4842$ روپے

پالیسی فیس 0.25% کی شرح سے $= \frac{0.25}{100} \times 100,000 = 250$ روپے

سالانہ پریمیم $= 5,092$ روپے

فرض کیا پالیسی فیس 250 روپے کی بجائے 200 روپے کر دی جاتی ہے۔

اس لیے پہلا پریمیم $= 4842 + 200 = 5,042$ روپے

ششماہی پریمیم $= \frac{52}{100} \times 5,042 = 2,621.84$ روپے

$\simeq 2,622$ روپے

سہ ماہی پریمیم $= \frac{27}{100} \times 5,042 = 1,361.34$ روپے

$\simeq 1,361$ روپے

ماہانہ پریمیم $= \frac{9}{100} \times 5,042 = 453.78$ روپے

$\simeq 454$ روپے

اگر پالیسی کی رقم 1,00,000 روپے ہو تو لائف انشورنس پالیسی یا پالیسی کی مدت پورا ہونے پر کتنی رقم ملے گی؟

پالیسی کی رقم $= 100,000$ روپے

25 سال کے لیے بونس کی شرح 4.2% $= \frac{4.2}{100} \times 100,000 \times 25$ روپے

$= 4,200 \times 25$ روپے

$= 1,05,000$ روپے

مدت پورا ہونے پر بونس %1.4 کی شرح سے 20 سال کے لیے $= \frac{1.4}{100} \times 100,000 \times 20$ روپے

$= 28,000$ روپے

اختتامی بونس %1.5 کی شرح سے $= \frac{1.5}{100} \times 100,000 \times 20$ روپے

$= 30,000$ روپے

خاندان کی آمدنی پر بونس %0.75 کی شرح سے $= \frac{0.75}{100} \times 100,000 \times 20$ روپے

$= 15,000$ روپے

کل رقم جو انشورڈ حاصل کرے گا۔ $= (100000 + 105000 + 28000 + 30000 + 15000)$ روپے

$= 278,000$ روپے

کل ادا کردہ پریمیم $= 4537 \times 25$

$= 113425$ روپے

**مثال 2:-** ایک کار کی قیمت 12,50,000 روپے ہے جبکہ 5 سالہ مدت کے لیے پریمیم کی شرح %4.5 سالانہ ہے۔ انشورنس کی ادا کردہ کل رقم معلوم کیجیے۔ جبکہ قیمت میں کمی کی شرح %10 سالانہ ہے۔

**حل:-**

کار کی قیمت $= 12,50,000$ روپے

پریمیم کی سالانہ شرح $= 4.5\ \%$

مدت $= 5$ سال

کار کی قیمت میں کمی کی شرح %10 سالانہ ہے۔

پہلا پریمیم $= \frac{4.5}{100} \times 12,50,000 = \boxed{56250}$ روپے

کار کی قیمت میں کمی $= \frac{10}{100} \times 12,50,000 = 1,25,000$ روپے

کمی کے بعد کار کی قیمت $= 12,50,000 - 1,25,000$

$= 11,25,000$ روپے

دوسرا پریمیم $= \frac{4.5}{100} \times 11,25,000 = \boxed{50,605}$ روپے

کار کی قیمت میں کمی $= \frac{10}{100} \times 11,25,000 = 1,12,500$ روپے

کار کی قیمت کمی کے بعد $= 11,25,000 - 1,12,500$

$= 10,12,500$ روپے

تیسرا پریمیم $= \frac{4.5}{100} \times 10,12,500 = \boxed{45562.50}$ روپے

کار کی قیمت میں کمی $= \frac{10}{100} \times 10,12,500 = 1,01,250$ روپے

کمی کے بعد کار کی قیمت $= 10,12,500 - 1,01,250$

$= 9,11,250$ روپے

چوتھا پریمیم $= \frac{4.5}{100} \times 9,11,250$ روپے

$= \boxed{41,006.25}$ روپے

پانچواں پریمیم $= \boxed{0}$

انشورنس میں پریمیم کی مکمل ادائیگی

| | | |
|---|---|---|
| پہلا سال | 56250.00 | روپے |
| دوسرا سال | 50605.00 | روپے |
| تیسرا سال | 45562.50 | روپے |
| چوتھا سال | 41006.25 | روپے |
| پانچواں سال | 0 | روپے |
| | 193423.75 | روپے |

اگر مدت پوری ہونے پر انشورڈ کی طرف سے کوئی کلیم داخل نہیں کیا جاتا تو دونوں پارٹیوں کی پہلے سے طے شدہ کچھ رقم انشورڈ کو "نو کلیم بونس" کے طور پر ادا کی جاتی ہے۔

# مشق 4.4

-1 اگر پریمیم کی رقم درج ذیل طریقہ سے نکالی جائے۔

پالیسی کی رقم 0.25% + پالیسی انکم کا 4.5% = سالانہ پریمیم

پالیسی فیس زیادہ سے زیادہ 200 روپے

ششماہی پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 52% ہو۔

سہ ماہی پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 27% ہو۔

ماہانہ پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 9% ہو۔

تب درج ذیل جدول کو پریمیم نکالنے کے لیے مکمل کیجیے۔ مزید کمپنی کو ادا کی گئی کل رقم بھی معلوم کیجیے۔

| ماہانہ پریمیم | سہ ماہی پریمیم | ششماہی پریمیم | سالانہ پریمیم | پالیسی کی رقم |
|---|---|---|---|---|
| | | | | (i) 50,000 |
| | | | | (ii) 100,000 |
| | | | | (iii) 150,000 |
| | | | | (iv) 200,000 |

-2 اگر ایک انشورڈ، انشورنس پالیسی حاصل کرنے کے 2 سال بعد انتقال کر گیا ہو تو اس کے ورثا کو وصول ہونے والی رقم معلوم کیجیے جبکہ:

روپے 50,000 = پالیسی کی رقم  
4.2% = پریمیم سالانہ کی شرح سے  
0.3 % = پالیسی فیس  
0.6 % = فیملی انکم معاہدہ  
سال 22 = میچورٹی کی مدت  
4.5% = بونس  
روپے 6000 = سالانہ انکم جس کا کمپنی نے وعدہ کیا۔

-3 احمد علی نے اپنے گھر جس کی قیمت 75,00,000 روپے تھی۔ 4 سالہ مدت کے لیے 2% کی شرح سے انشور کرایا۔ اگر قیمت میں کمی کی شرح 10% سالانہ ہو تو اس نے 4 سال میں کمپنی کو کیا رقم ادا کی؟

4- ندیم اپنی دکان کی 3 سال کے لیے 3% کی سالانہ شرح انشورنس دکان کی قیمت میں کمی کی شرح 5% سالانہ ہے۔
اگر اس نے 21000 روپے پہلے پریمیم کے طور پر ادا کیے ہوں تو اس کی دکان کی قیمت معلوم کیجئے۔ اگر اس نے 2 سال بعد 2,00,000 روپے کا کلیم کیا ہو اسے کیا فائدہ ہوا؟

5- عادل نے ایک چلتا ہوا کاروبار 10,00,000 روپے میں خریدا اور اس کی انشورنس 4 سال کے لیے 2.5% پریمیم کی شرح سے کرائی۔ 3 سال بعد اس نے اصل نقصان کا کلیم 5,00,000 روپے حاصل کیا۔ اس نے انشورنس کے ذریعے کتنا نقصان پورا کیا جبکہ کاروبار کی مالیت میں کمی کی شرح 10% سالانہ ہے۔

6- جاوید نے اپنی کار کے لیے 8,50,000 روپے کی انشورنس پالیسی 3 سال کے لیے 4.25% سالانہ پریمیم پر خریدی۔ وہ کل کتنی رقم ادا کرے گا اگر اس نے اس مدت میں نقصان کا کلیم نہ کیا ہو؟ جبکہ قیمت میں کمی کی شرح 10% ہو۔

7- رحمان نے ایک گاڑی 7,50,000 روپے میں خریدی اور اسے 5 سال کے لیے 3.5% کی شرح سے انشور کرایا۔ اگر اس نے اس مدت میں 1,00,000 روپے نقصان کا کلیم حاصل کیا ہو تو اس نے خطرہ سے بچت کے لیے کتنی رقم ادا کی ہوگی؟ جبکہ قیمت میں کمی کی شرح 10% ہو۔

8- ماریہ نے اپنی کار کے لیے 3.25% کی شرح سے 3 سال کے لیے انشورنس پالیسی لی۔ جس کا پہلا پریمیم 26000 روپے ہے۔ کار کی قیمت بتائیے۔ نیز دوسرے اور تیسرے پریمیم کی رقم بھی معلوم کیجئے۔
جبکہ کار کی قیمت میں کمی کی شرح 10% سالانہ ہے۔

# 4.5 لیزنگ/فنانسنگ LEASING/FINANCING

## 4.5.1 لیزنگ/فنانسنگ Leasing/Financing

لیز(Lease)ایک معاہدہ ہے۔جس میں اثاثہ کا مالک جسے لیسر(Lessor) کہتے ہیں اثاثہ کرایہ پر لینے والے کوایک خاص مدت کے لیے کرایہ کی ادائیگی کے بدلے میں اثاثہ کو استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔لیز پر دیئے گئے اثاثہ کی ملکیت لیز کے دورانیہ میں اثاثہ کے مالک کے پاس ہی رہتی ہے۔اثاثہ جات جیسا کہ ریئل اسٹیٹ،مشینری کے آلات یا دوسرے مستحکم اثاثہ جات کو لیز کے معاہدہ کے تحت لیز پر دیا جاتا ہے۔قسط وار خرید(Hire Purchase)بھی اسی طرح کا پیسہ لگانے کا طریقہ کار ہے جیسا کہ وسیع پیمانہ پر مالی طور پر مستحکم اثاثہ جات کا۔

لیزنگ معاہدہ میں مشین اور آلات یا دوسرے مستحکم اثاثہ جات کے لیے عام طور پر سرمایہ کاری کا عنصر پایا جاتا ہے۔اس طرح کرایہ دار بغیر قیمت ادا کیے اثاثہ کو استعمال کرنے کا حق حاصل کر لیتا ہے۔اس لیے لیزنگ کی سہولیات فراہم کرنا بھی سرمایہ کے مترادف ہے۔

بینک اور لیزنگ کمپنیاں اپنے گاہکوں کو لیز کے معاہدہ کے تحت اثاثے مہیا کرتی ہیں۔ان کا منافع اس فرق پر انحصار کرتا ہے جو کہ اثاثہ جات کو حاصل کرنے کے لیے لگائے گئے سرمایہ کے منافع اور کرایہ کی شکل میں کمائی کے درمیان ہوتا ہے۔چونکہ ملکیت لیزنگ کمپنی کے پاس ہی رہتی ہے اس لیے اثاثہ جات کی قیمت میں کمی کی بنا پر ٹیکس میں فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔جبکہ لیسی (Lessee) کرایہ کی ادائیگی کوانکم ٹیکس کے گوشوارے میں بطور خرچہ ظاہر کرتا ہے۔لیزنگ ایک اثاثہ کو خریدنے کے لیے متبادل راستہ مہیا کرتا ہے تاکہ بغیر براہِ راست مستحکم قرضہ کے بوجھ کے اس کی خدمات حاصل کی جاسکیں۔

کاروباری فرمز کے لیے دو قسم کی لیز کی سہولت ہوتی ہے۔

### (i) آپریشنل لیز Operational Lease

یہ کم مدت کے لیے لیز ہوتی ہے جو کہ اثاثے رکھنے والی فرم کی صوابدید پر قابل تنسیخ ہوتی ہے۔ایسی لیز عام طور پر کمپیوٹر ہارڈوئیر،مشینری اور آلات وغیرہ جیسی اشیاء کی لیزنگ میں استعمال ہوتی ہے۔

### (ii) فنانشل لیز Financial Lease

یہ لیز لمبی مدت کے لیے ہوتی ہے جو کہ لیسی کی طرف سے ناقابل تنسیخ معاہدہ کی ذمہ داری ہوتی ہے تاکہ فرم جس کے اثاثے ہوتے ہیں جسے لیسر کہتے ہیں کو اثاثوں کے استعمال پر سلسلہ وار ادائیگی ہوتی رہے۔

## 4.5.1(i) موٹر گاڑیوں کی لیزنگ / فنانسنگ Leasing/Financing of Motor Vehicle

ذرائع آمدورفت کے لیے قرضہ یا کار فنانسنگ کنزیومر فنانس لینے کی بڑی قسم ہے۔اس سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک گاہک کار فنانسنگ کی شرائط پر بینک میں پیسے جمع کراتے ہوئے کار خرید سکتا ہے۔گاہک کے لیے فنانس میں کمی بنک پورا کرتا ہے۔جس کے بدلے میں بینک گاہک سے اقساط کی شکل میں فنانس اور مارک اپ (*Mark up*) وصول کرتا ہے۔

## 4.5.1 (ii) نقد ادائیگی Down Payment

گاہک کو درخواست فارم کے ساتھ بینک میں نقد ادائیگی کرنا ہوتی ہے۔نقد ادائیگی کار کی *15%* ایکوٹی کی قیمت (*Equity value*) انشورنس کی لاگت، ایک ماہ کی قسط اور پروسیسنگ فیس پر مشتمل ہوتی ہے۔

## 4.5.1 (iii) موٹر گاڑیوں کی انشورنس Motor Vehicle Insurance

بینک کے مفاد کو بہتر انداز میں محفوظ رکھنے کے لیے موٹر گاڑی جس کو بینک نے فنانس کیا ہوتا ہے کی جامع انشورنش کی جاتی ہے جو کہ گاڑی کے متعلق تمام خدشات کو دور کرتی ہے۔تمام گاڑیوں کی بینک کی منظورہ شدہ انشورنس ایجنسی یا کمپنی سے انشورنس کرائی جاتی ہے۔بینک انشورنس اور پریمیم (*Premium*) کا انتظام کرتا ہے جس کو قرض دار سے وصول کیا جاتا ہے۔

## 4.5.1 (iv) پروسیسنگ اخراجات Processing Charges

کسی گاڑی کی فنانسنگ کے لیے دی گئی درخواست کو قابل عمل بنانے کے لیے بینک جو رقم وصول کرتا ہے۔اسے پروسیسنگ کے اخراجات کہتے ہیں۔یہ اخراجات عام طور پر بینک کے شیڈول میں لکھے ہوتے ہیں۔عام طور پر یہ اخراجات *3000* روپے سے لے کر *5000* روپے تک ہوتے ہیں۔

## 4.5.1 (v) ماہانہ اقساط کی شکل میں رقم کی واپسی Repayment in Monthly Installments

اس کو امورٹائیزیشن (*Amortization*) کا شیڈول بھی کہتے ہیں۔یہ وہ شیڈول ہے جو قرض یا فنانس کی گئی رقم کی واپسی کو قرضہ کی واپسی کی مدت میں اصل زر اور منافع کی وقفوں میں ادائیگی کو ظاہر کرتا ہے۔

**مثال 1:-** علی نے ایک کار لیزنگ کمپنی سے 4,50,000 روپے لیز پر لی۔ اس میں 1,00,000 روپے ایکوٹی اور شرح منافع دو سال کے لیے 17% ہے۔ اسے کل کتنی ادائیگی کرنا ہوگی؟ نیز ہر ماہ کی ادائیگی بھی معلوم کیجئے۔

**حل:-** ایک لاکھ روپے ایکوٹی کی ادائیگی پر علی کو کار مل جائے گی مگر وہ اس کا مالک نہیں ہوگا۔ اس کو کار کی ملکیت تب ملے جب وہ باقی ماندہ رقم 3,50,000 روپے اور اس پر 17% کی شرح سے 2 سال کا مارک اپ برابر ماہانہ اقساط میں ادا کر دے گا۔

$$\text{مارک اپ} = \frac{350,000 \times 17 \times 2}{100} = 119,000 \text{ روپے}$$

$$\text{کل رقم جو ادا کرنا ہوگی} = 3,50,000 + 1,19,000 = 4,69,000 \text{ روپے}$$

$$\text{ماہانہ قسط کی رقم} = \frac{4,69,000}{24} = 19,542 \text{ روپے}$$

**مثال 2:-** ایک ٹرک 5,00,000 روپے میں خریدا گیا۔ اسے 15% ایکوٹی پر خریدا جا سکتا تھا۔ جبکہ مارک اپ کی شرح ماہانہ کی بنیاد پر 18% سالانہ ہو تو درج ذیل معلوم کیجئے۔

(i) ماہانہ قسط

(ii) ٹرک کی ابتدائی قیمت

(iii) اگر ٹرک 5,00,000 روپے نقد ادائیگی سے خریدا گیا ہو تو بچت کی رقم معلوم کیجئے۔

**حل:-**

$$\text{ڈاؤن پے منٹ / ایکوٹی} = \frac{5,00,000 \times 15}{100} = 75000 \text{ روپے}$$

$$\text{باقی رقم} = 5,00,000 - 75,000 = 4,25,000 \text{ روپے}$$

$$\text{دو سال کے لیے 4,25,000 روپے پر مارک} = \frac{4,25,000 \times 18}{100} \times 2 = 1,53,000 \text{ روپے}$$

$$\text{اضافی رقم جو 24 ماہانہ اقساط میں ادا کرنی ہے۔} = 4,25,000 + 1,53,000 = 5,78,000 \text{ روپے}$$

$$\text{ماہانہ قسط} = \frac{5,78,000}{24} = 24,084 \text{ روپے}$$

$$\text{کل رقم} = \text{ڈاؤن پے منٹ} + \text{اضافی رقم}$$

$$= 7,5000 + 5,78,000$$
$$= 6,53,000 \text{ روپے}$$

قرضہ لینے کی صورت میں اضافی رقم ادا کی
$$= 6,53,000 - 5,00,000$$
$$= 1,53,000 \text{ روپے}$$

نقد ادائیگی پر جو رقم فی صد بچ سکتی ہے
$$= \frac{1,53,000}{5,00,000} \times 100 = 31\%$$

## 4.5.2 روزمرہ زندگی کے مسائل Real Life Problems

**مثال 1:-**

علی نے یکم جنوری 2001 میں ایک مشینری قرضہ کی بنیاد پر خریدی۔ معاہدہ پر دستخط کے وقت 4000 روپے کی ڈاؤن پے منٹ کی گئی اور 4000 روپے سالانہ کی بنیاد پر تین سال کے لیے ادائیگی کی گئی۔ مشینری کی نقد قیمت 14,900 روپے جبکہ مارک اپ کی شرح 5% ہے۔ اصل زر اور مارک اپ کی ادا کی گئی رقم معلوم کیجئے۔

**حل:-**

| تاریخ | نقد رقم | اقساط | |
|---|---|---|---|
| | | مارک اپ | اصل زر |
| 1-1-2001 کو ڈاؤن پے منٹ مہیا کر کے جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 14,900<br>4,000<br>10,900 | | 4,000 |
| 31-12-2001 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 3,455<br>7,445 | 545 | 3,455 |
| 31-12-2002 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 3,628 | 372 | 3,628 |
| 31-12-2003 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 3,817 | 183<br>1,100 | 3,817<br>14,900 |

علی نے کل جتنی رقم ادا کی $14900 + 1100 = 16000$ روپے

نوٹ: رقم کو قریب ترین روپے میں لکھا گیا ہے۔

## مثال 2:-

میسرز رحمان اینڈ کمپنی لمیٹڈ نے میسرز حق انجینئرنگ لمیٹڈ سے چار سالہ مدت میں کرایہ دارانہ خریداری نظام کے تحت ایک ویگن خریدی۔ پہلی جنوری 2000 کو ڈلیوری کے وقت 12000 روپے قابل ادا تھے۔ بقیہ رقم 12000 روپے سالانہ کی بنیاد ہر 31 دسمبر تک ادا کرنا تھے۔ حق انجینئرنگ نے 5% سالانہ کی بنیاد پر مارک اپ لیا۔ ڈلیوری کے وقت ویگن کی قیمت 54600 روپے تھے۔ مارک اپ اور اصل زر معلوم کیجئے۔

## حل:-

| تاریخ | نقد رقم | اقساط | |
|---|---|---|---|
| | | مارک اپ | اصل زر |
| | 54,600 | | |
| 1-1-2000 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 12,000 | | 12,000 |
| | 42,600 | | |
| 31-12-2000 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 9,870 | 2,130 | 9,870 |
| 31-12-2001 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 32,730 | 1,637 | 10,363 |

## مثال 3:-

احمد نے ایک ٹرک کرایہ دارانہ خریداری نظام کے تحت 56000 روپے میں خریدا۔ پے منٹ کی ادائیگی 15000 روپے ڈاؤن اور 15000 روپے کی تین سالانہ اقساط ادا کرنا طے پایا۔ 5% سالانہ مارک اپ وصول کیا گیا۔ مارک اپ اور اصل زر الگ الگ معلوم کیجئے۔

## حل:-

| تاریخ | نقد رقم | اقساط | |
|---|---|---|---|
| | | مارک اپ | اصل زر |
| | 56,000 | | |
| یکم جنوری کو جتنی کم قیمت ادا کی گئی۔ | 15,000 | | 15,000 |
| | 41,000 | | |
| 31 دسمبر کو جتنی کم قیمت ادا کی گئی۔ | 12,950 | 2,050 | 12,950 |
| | 28,050 | | |
| 31 دسمبر کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 13,597 | 1,403 | 13,597 |
| آخری سال دسمبر میں جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 14,453 | 547 | 14,453 |
| | | 4,000 | 56,000 |

## مثال 4:-

ایک پبلشنگ کمپنی نے یکم جنوری 2000ء کو ایک پرنٹنگ مشین خریدی۔ مشین کی نقد قیمت 27,300 روپے تھی۔ یہ مشین کرایہ دارانہ خریداری کی بنیاد پر لی گئی۔ 6000 روپے معاہدہ پر دستخط کے وقت ادا کیے گئے اور اس کے بعد چار سال کے لیے 6000 روپے سالانہ کی بنیاد پر ادا کیے گئے جبکہ مارک اپ 5% سالانہ تھا۔ جدول بنائیے جو اقساط اور اصل زر کو ظاہر کرے۔ مزید یہ بھی بتائیے کہ پبلشرز کو کل کتنی قیمت ادا کرنی تھی؟

**حل:-** اصل زر اور مارک اپ کی رقم ہر قسط کے لیے علیحدہ علیحدہ درج ذیل ہے۔

| تاریخ | نقد رقم | اقساط: مارک اپ | اقساط: اصل زر |
|---|---|---|---|
| | 27,300 | | |
| 1-1-2000 تک جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 6,000 | | 6,000 |
| | 21,300 | | |
| 31-12-2000 تک جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 4,935 | 1,065 | 4,935 |
| | 16,365 | | |
| 31-12-2001 تک جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 5,182 | 818 | 5,182 |
| | 11,183 | | |
| 31-12-2002 تک جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 5,441 | 559 | 5,441 |
| 31-12-2003 تک جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ | 5,742 | 258 | 5,742 |
| | | 2,700 | 27,300 |

کل قابل ادا رقم = 2,700 + 27,300 = 30,000 روپے

## مثال 5:-

ایک لمیٹڈ کمپنی کرایہ دارانہ خریداری نظام (Lease) کی بنیاد پر ایک مشین 4600 روپے میں خریدنے پر رضامند تھی۔ جب مشین یکم جنوری 2001 کو لی گئی تو اس وقت 600 روپے ادا کئے گئے اور بقیہ رقم 800 روپے سالانہ اقساط کی شکل میں اور 5% مارک اپ پر ادا کرنا طے ہوئی۔ مارک اپ کی کل رقم اور کل اصل زر معلوم کیجئے۔ جبکہ مارک اپ الگ سے ادا کیا جائے۔

## حل:-

| اقساط | | نقد رقم | تاریخ |
|---|---|---|---|
| اصل زر | مارک اپ | | |
| 600 | | 4,600<br>600 | 1-1-2001 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 800 | 200 | 4,000<br>800 | 31-12-2001 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 800 | 160 | 3,200<br>800 | 31-12-2002 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 800 | 120 | 2,400<br>800 | 31-12-2003 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 800 | 80 | 1,600<br>800 | 31-12-2004 کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 800 | 40 | 800 | 31-12-2005. کو جتنی کم رقم ادا کی گئی۔ |
| 4,600 | 600 | | |

نوٹ: اس خرید میں ہر قسط 800 روپے بمعہ مارک اپ ادا کی گئی۔

# مشق 4.5

-1 درج ذیل میں ہر ایک کے لیے:

(i) آپ کو فنانسنگ کے ذریعے ادائیگی کے لیے کتنی اضافی رقم ادا کرنا ہوگی؟

(ii) اضافی رقم جو کہ نقد رقم کی ایک خاص شرح سے لی گئی ہو کو بیان کیجیے۔

| | نقد رقم (روپوں میں) | فنانسنگ کی شرائط | | |
|---|---|---|---|---|
| | | ڈاؤن پے منٹ (روپوں میں) | ماہانہ اقساط (روپوں میں) | اقساط کی تعداد |
| (a) | 360 روپے | 50 روپے | 40 روپے | 10 |
| (b) | 900 روپے | 150 روپے | 75 روپے | 12 |
| (c) | 25000 روپے | 10000 روپے | 500 روپے | 36 |

-2 پرویز ایک کھڑکی میں لگانے والا ایئر کنڈیشنر 900 روپے میں خریدتا ہے۔ وہ 20% ادائیگی کرتا ہے اور بقیہ رقم اور مارک اپ 48 ماہ میں ادا کرتا ہے۔ اگر مارک کی شرح 10% سالانہ ہو تو درج ذیل معلوم کیجیے۔

(i) ماہانہ قسط کی قیمت

(ii) نقد رقم ادا کرتے ہوئے کتنی بچت ہوگی؟

-3 درج ذیل میں ہر ایک کے لیے:

(i) سامان کی فنانشل قیمت معلوم کیجیے۔

(ii) نقد رقم ادا کر کے وہ بچت بتلائے جو نقد رقم پر شرح سود کے ساتھ ادا کرنا تھی۔

| | آئیٹم | نقد رقم (روپوں میں) | جمع کرانے والی رقم کی شرح | اقساط کی تعداد | ماہانہ اقساط (روپوں میں) |
|---|---|---|---|---|---|
| (a) | کمپیوٹر | 200 روپے | 10% | 24 | 9 روپے |
| (b) | پرنٹر | 450 روپے | 15% | 18 | 25 روپے |
| (c) | سکینر | 1600 روپے | 25% | 30 | 52 روپے |

4- درج ذیل میں ہر ایک کے لیے معلوم کیجئے۔

(i) ماہانہ قسط

(ii) کرایہ دارانہ خریداری کی صورت میں قیمت اور نقد قیمت کے درمیان فرق، نقد قیمت کی فیصد کی صورت میں

| | نقد رقم | کرایہ دارانہ خریداری کی شرائط |
|---|---|---|
| (a) | 800 روپے | 100 روپیہ جمع کروانے پر بقیہ 8% مارک اپ ایک سال کے لیے |
| (b) | 8000 روپے | 200 روپیہ جمع کروانے پر بقیہ 10% مارک اپ اڑھائی سال کے لیے |
| (c) | 1200 روپے | 200 روپیہ جمع کروانے پر بقیہ 15% مارک اپ $1\frac{1}{3}$ سال کے لیے |

5- ایک کمپیوٹر پیکیج خریدنے کے لیے نقد قیمت 3200 روپے تھی۔ ڈاؤن پے منٹ کی ادائیگی 15% بقیہ رقم اور مارک اپ 24 ماہ میں ادا کیے گئے۔ مارک اپ کی شرح 9.5% تھی۔

(i) پیکیج کی قیمت معلوم کیجئے اگر اسے کرایہ دارانہ خریداری پر لیا گیا ہو۔

(ii) کرایہ دارانہ خرید اور نقد خرید کی صورت میں قیمتوں کے درمیان فرق معلوم کیجئے۔

(iii) نقد رقم کی شرح کے لحاظ سے حاصل کیے گئے فرق کو بیان کیجئے۔

# جائزہ مشق 4

1- صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) چیک کی طرح کا انسٹرومنٹ جسے بینک نے گاہک کی درخواست پر جاری کیا ہوا سے:

(a) پے آڈر کہتے ہیں (b) چیک کہتے ہیں
(c) بینک ڈرافٹ کہتے ہیں (d) ایکسچینج کا بل کہتے ہیں

(ii) وہ شخص یا چیز جس کی انشورنس کی جاتی ہو اسے:

(a) انشوزر کہتے ہیں (b) انشورڈ کہتے ہیں
(c) ڈرار کہتے ہیں (d) لیزی کہتے ہیں

(iii) کمپنی جو انشورنس کے عمل کو آگے بڑھاتی ہے اسے:

(a) انشورر کہتے ہیں (b) انشورڈ کہتے ہیں
(c) انشورنش کہتے ہیں (d) انشورنش پالیسی کہتے ہیں

(iv) انشورڈ کے ذریعے ادا کی گئی قسط کو:

(a) بونس کہتے ہیں (b) ڈسکاؤنٹ کہتے ہیں
(c) پریمیم کہتے ہیں (d) مارک اپ کہتے ہیں

(v) قرض دینے پر جو رقم بینک واپس حاصل کرتا ہے اسے:

(a) مارک اپ کہتے ہیں (b) پریمیم کہتے ہیں
(c) بونس کہتے ہیں (d) منافع کہتے ہیں

(vi) جمع کرائی گئی رقم پر بینک جو رقم ادا کرتا ہے اسے:

(a) منافع کہتے ہیں (b) بونس کہتے ہیں
(c) پریمیم کہتے ہیں (d) مارک اپ کہتے ہیں

(vii) منافع/مارک اپ کی وصول کی گئی شرح کو:

(a) ریٹ کہتے ہیں (b) ٹائم کہتے ہیں
(c) سود کہتے ہیں (d) اصل زر کہتے ہیں

(viii) بینک میں لگائی گئی مشین جو نقد رقم گاہک کو ادا کرتی ہے:

(a) کمپیوٹر کہلاتی ہے (b) سکیز کہلاتی ہے
(c) اے ٹی ایم کہلاتی ہے (d) کارڈ ریڈر کہلاتی ہے

(ix) تبادلہ کا بل جو ایک مخصوص بینکر سے ڈرا کیا گیا ہو اور طلب کرنے پر قابل ادانہ بیان کیا گیا ہو:

(a) چیک کہلاتا ہے (b) پے آرڈر کہلاتا ہے
(c) تبادلہ کہلاتا ہے (d) بنک ڈرافٹ کہلاتا ہے

-2 خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) تبادلہ کا بل جو ایک مخصوص بینکر سے ڈرا کیا گیا ہو اور طلب کرنے پر نا قابل بیان کیا گیا ہو________ کہلاتا ہے۔

(ii) چیک کی طرح کا انسٹرومنٹ جسے بینک نے گاہک کی درخواست پر جاری کیا ہو________ کہلاتا ہے۔

(iii) بینک کی طرف سے لگائی گئی مشین جو گاہکوں کو نقد رقم ادا کرتی ہے________ کہلاتی ہے۔

(iv) گاہک کی طرف سے بینک میں جمع شدہ رقم پر بینک جو رقم گاہک کو ادا کرتا ہے اسے________ کہتے ہیں۔

(v) حاصل کردہ فی صد نفع کو________ کہتے ہیں۔

(vi) قرضہ یا جمع کرائی رقم کا دورانیہ________ کہلاتا ہے۔

(vii) بینک قرضہ پر وصول کی گئی رقم کو________ کہتے ہیں۔

(viii) انشورڈ کی طرف سے ادا کی گئی قسط کو________ کہتے ہیں۔

(ix) جو کمپنی انشورنس کے کاروبار کو چلاتی ہے________ کہتے ہیں۔

(x) وہ شخص یا چیز جس کی انشورنس کی جاتی ہے اسے________ کہتے ہیں۔

3- راحیل نے 75,00,000 روپے مالیت کے ایک گھر کی انشورنس کرائی جو کہ 2% شرح کے حساب سے 5 سال کے لیے تھی۔ 5 سال میں ادا کی گئی رقم معلوم کیجئے۔ اگر قیمت میں کمی کی شرح 10% سالانہ ہو۔

4- نعیم نے اپنی فیکٹری کی انشورنس 3% کی شرح سے 3 سال کے لیے کروائی۔ جبکہ قیمت میں کمی کا ریٹ 5% سالانہ تھا۔ اگر پہلا پریمیم 21,000 روپے ہو تو فیکٹری کی مالیت معلوم کریں۔ اگر اس نے 2,00,000 روپے کا مطالبہ دو سال بعد کیا ہو تو اس نے کتنا فائدہ حاصل کیا؟

5- میسرز رحیم پرنٹرز نے کرایہ دارانہ خریداری نظام کے تحت لاہور کمپنی سے یکم جنوری 2000 کو 10,000 روپے نقد ادائیگی پر اور 10,000 روپے اقساط پر جو کہ ہر 31 دسمبر کو ادا کرنا ہو گی ایک مشین خریدی۔ مشین کی نقد قیمت 37,230 روپے ہے۔ لاہور کمپنی مارک اپ 5% سالانہ کی شرح سے وصول کرتی ہے۔ جدول تیار کیجئے جو کہ سالانہ اقساط (اصل زر + مارک اپ) ظاہر کرے۔

## خلاصہ

- ایک جاری کھاتہ (Running Account) جو کہ اپنی انتقال پذیری کی وجہ سے مسلسل چلتا رہتا ہے کرنٹ اکاؤنٹ کہلاتا ہے۔
- سیونگ اکاؤنٹ کفایت شعاروں کی حوصلہ افزائی کے لیے ہے جو کہ کم ذرائع والے لوگوں میں بچت کے رجحان کو ترقی دیتا ہے۔ بینک ماہانہ کی بنیاد پر جمع رقم پر 6 ماہ بعد برائے نام منافع رقم جمع کروانے والوں کو ادا کرتا ہے۔
- نفع اور نقصان شراکت داری اکاؤنٹ کم رقم سے کھولا جاتا ہے۔ جبکہ نفع یا نقصان کو سال کے آخر میں یا چھ ماہ بعد ادائیگی کے طریقہ کار کے مطابق ادا کیا جاتا ہے۔
- کسی اکاؤنٹ میں ایک خاص دورانیہ جو کہ 3 ماہ سے 5 سال تک ہو کے لیے جمع کرائی گئی رقم کو مخصوص/مدتی اکاؤنٹ کہلاتا ہے۔
- غیر ملکی کرنسی جیسا کہ پاؤنڈ، ڈالر اور یورو وغیرہ میں رکھا گیا اکاؤنٹ غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ کہلاتا ہے۔
- نگوشی ایبل انسٹرومنٹ کا مطلب پرومیزری نوٹ، تبادلہ کا بل یا قابل ادا چیک ہے چاہیے اسے آرڈرڈ کیا جائے یا بیئرر (Bearer) ہوانسٹرومنٹس کے لیے۔
- ایک شخص یا چیز جس کی انشورنس کی جارہی ہو انشورڈ کہلاتا ہے۔
- کمپنی جو انشورنس کا کاروبار چلاتی ہے اسے انشورر (Insurer) کہتے ہیں۔
- ایک ایسا شخص جسے انشورنس پالیسی جاری کی جاتی ہے جو کہ پالیسی سے فائدہ اٹھاتا ہے اسے انشورڈ کہتے ہیں۔
- دو پارٹیوں کے درمیان طے پانے والے معاہدہ کو انشورنس پالیسی کہتے ہیں۔

- انشورڈ کی طرف سے مقررہ دورانیہ کے بعد ادا کی جانے والی قسط کو پریمیم کہتے ہیں۔

- وقت کا دورانیہ جس پر دونوں پارٹیاں (انشورڈ اور انشورر) رضامند ہوں میچورٹی (Maturity) کہلاتا ہے۔

- وہ رقم جس پر رضامندی ظاہر کی گئی ہو اسے میچورٹی یا مدت ختم ہونے پر واپس کیا جانا ہوتا ہے اور اس رقم میں قسطوں میں ادا کی گئی اصل رقم اور منافع شامل ہوتا ہے۔ اسے بونس کہتے ہیں۔

- چیک ایک تبادلہ کا بل ہے جسے ایک مخصوص بینکر سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جس پر رقم کا اندراج نہیں ہوتا ہے اور ضرورت کے مطابق اس پر رقم لکھ لی جاتی ہے۔

- پے آرڈر چیک کی طرح ہوتا ہے جسے بینک گاہک کی درخواست پر جاری کرتا ہے۔

- بینک ڈرافٹ رقم دینے کا ایک آڈر ہے جسے بینک کی ایک شاخ اپنے ہی بینک کی دوسری شاخ کو رقم کا مطالبہ کرنے والے کو ادا کرنے کا پابند بناتا ہے۔

- آن لائن بینکنگ ایک نظام ہے جس میں کمپیوٹر سسٹم کو براہ راست تعلق سے ملایا جاتا ہے تاکہ ٹرانزیکشن کو بااختیار اور ممکن بنایا جاسکے۔

- اے ٹی ایم کارڈ ایک ادائیگی کا کارڈ ہے جسے ایک شخص کو کمپیوٹر پر مبنی اے ٹی ایم مشین کو استعمال میں لانے کے لیے جاری کیا جاتا ہے تاکہ گاہک اس سے رقم حاصل کر سکے۔

- ایک کارڈ جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ کارڈ رکھنے والے کو ایک کریڈٹ لائن دی گئی ہے جس سے کارڈ رکھنے والا چیزیں خرید سکتا ہے یا نقد رقم نکلوا سکتا ہے۔

- اے ٹی ایم مشین کو بینک میں لگایا جاتا ہے تاکہ وہ گاہکوں کو نقد رقم دے۔

- گاہک جو رقم بینک میں برقرار رکھتا ہے اس رقم پر جو رقم بینک گاہک کو دیتا ہے اسے منافع کہتے ہیں۔

- رقم/ادھار لی گئی یا دی گئی رقم اصل زر کہلاتی ہے۔

- منافع کی حاصل کی گئی شرح کو ریٹ کہتے ہیں۔

- قرض یا جمع کرائی گئی رقم کے دورانیہ کو مدت کہتے ہیں۔

- جب منافع/مارک اپ کو اصل زر میں شامل کیا جائے تو اسے (Amount) کہتے ہیں۔

- بینک کے ذریعے واپس حاصل کی گئی رقم کو مارک اپ کہتے ہیں۔

- لیزنگ ایک معاہدہ ہے جسے اثاثہ کا مالک لیسر کو لیز پر حق دیتا ہے کہ وہ اس کے اثاثہ کو ایک خاص مدت کے لیے کرایہ کی ادائیگی کے تبادلہ میں استعمال کرے۔

- وہ رقم جو گاہک کو درخواست کے ساتھ بینک میں جمع کروانی ہوتی ہے۔ ڈاؤن پے منٹ کہلاتی ہے۔

یونٹ 5

# صارفین کی ریاضی
# CONSUMER MATHEMATICS

- ٹیکسیز
- یوٹیلیٹی بلز
- ذاتی آمدنی

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- ٹیکس (براہ راست اور بالواسطہ) کیا ہے۔
- درج ذیل کو سادہ ترین ممکن طریقے سے کیسے واضح کیا جاتا ہے۔
  - سیلز ٹیکس
  - ایکسائز ڈیوٹی
  - پراپرٹی ٹیکس
  - انکم ٹیکس
- درج ذیل کا حساب کیسے کرتے ہیں۔
  - مختلف اشیاء پر لگایا گیا سیلز ٹیکس
  - مختلف اشیاء پر لگائی گئی ایکسائز ڈیوٹی
  - پراپرٹی ٹیکس جو کہ پراپرٹی پر لگایا گیا ہو
  - انکم ٹیکس جو انفرادی طور پر خاص آمدنی پر لگایا گیا ہو
- درج ذیل بلوں کی رقوم کا حساب کیسے کرتے ہیں۔
  - بجلی
  - گیس
  - ٹیلی فون
  - جبکہ سابقہ اور موجودہ میٹر ریڈنگ دی گئی ہو۔
- ذاتی آمدنی کیسے معلوم کرتے ہیں۔ (ہفتہ وار۔ ماہانہ اور سالانہ)
  - ایسے کارکن کی آمدنی جسے روزانہ کی بنیاد پر ادائیگی کی جاتی ہے
  - ایک ورکر جس کو اضافی وقت (Over time) کی ادائیگی گھنٹوں کی بنیاد پر کی جائے اور علاوہ ازیں اس کی روزانہ کی اجرت بھی ادا کی جاتی ہے
  - ایک سیلزمین جس کو اضافی وقت کی ادائیگی گھنٹوں کی بنیاد پر کی جائے اور ماہانہ تنخواہ کے علاوہ مختلف اشیاء کی فروخت پر کمیشن بھی ہو دیا جاتا ہے
- کسی سرکاری ملازم کی مجموعی آمدنی جس کو سرکاری پے سکیل یا غیر سرکاری پے سکیل کی بنیاد پر ادائیگی کی جائے کیسے معلوم کرتے ہیں۔
- ضروری کٹوتی کے بعد باقی ماندہ آمدنی کیسے معلوم کرتے ہیں۔

# 5.1 ٹیکس TAXES

تعلیم، صحت، قومی دفاع وغیرہ پر قومی اخراجات پورے کرنے کے لیے گورنمنٹ مختلف اقسام کے ٹیکس اپنی عوام پر لگاتی ہے جو کہ براہِ راست ٹیکس یا بالواسطہ ٹیکس پر مشتمل ہوتے ہیں۔

## 5.1.1 ٹیکس Tax

آمدنی یا نفع کے تناسب سے حاصل کی گئی رقم یا سامان کی قیمت خرید میں شامل اضافی رقم یا خدمات پر وہ رقم جو کہ ریاست کو ادا کی جاتی ہے ٹیکس کہلاتی ہے۔

### براہ راست ٹیکس Direct Tax

یہ وہ ٹیکس ہے جو کہ آمدنی، جائیداد اور منافع پر انکم ٹیکس یا جائیداد ٹیکس کی شکل میں براہ راست حکومت افراد سے وصول کرتی ہے۔

### بالواسطہ ٹیکس Indirect Tax

اس ٹیکس میں ڈیوٹیز، مشینری پر ٹیکس، سامان اور خدمات پر ٹیکس شامل ہیں۔ اس میں جنرل سیلز ٹیکس اور ویلیو ایڈڈ ٹیکس بھی شامل ہیں۔

## 5.1.2 بنیادی اصطلاحات Key Terms

### سیلز ٹیکس Sales Tax

جب ہم کوئی چیز خریدتے ہیں تو ہمیں ٹیکس کی ایک خاص رقم جو کسی چیز کی قیمت خرید میں بطور اضافی ٹیکس کی صورت میں شامل ہوتی ہے ادا کرتے ہیں اسے سیلز ٹیکس کہتے ہیں۔ یہ ٹیکس قیمت فروخت پر مقررہ شرح فی صد سے ادا کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں سامان کی خریداری پر یا خدمت کے عوض 16% سیلز ٹیکس لیا جاتا ہے۔

**مثال 1:-** ٹیلی ویژن پر 16% سیلز ٹیکس لگایا جاتا ہے۔ اگر ٹیلی ویژن پر درج قیمت 18000 روپے ہو تو ٹیلی ویژن خریدنے والے کو کل کتنی رقم ادا کرنی ہوگی۔

**حل:-**

ٹیلی ویژن پر درج قیمت = 18000 روپے

جتنا سیلز ٹیکس ادا کرنا ہوگا $= \frac{16}{100} \times 18000 = 2880$ روپے

ٹیلی ویژن خریدنے کے لیے کل رقم جو ادا کرنی ہوگی $= 18000 + 2880 = 20880$ روپے

**مثال 2:-** ایک کمپیوٹر کی قیمت 34800 روپے ہے جس میں 16% سیلز ٹیکس شامل ہے۔ کمپیوٹر کی اصل قیمت کیا ہے؟

**حل:-** کمپیوٹر کی قیمت بمعہ سیلز ٹیکس = 34,800 روپے

فرض کیا کمپیوٹر کی اصل قیمت = 100 روپے

16% سیلز ٹیکس کے ساتھ کمپیوٹر کی قیمت = 116 روپے

اس کمپیوٹر کی اصل قیمت $= \frac{100}{116} \times 34,800 = \frac{3480000}{116}$

$= 30,000$ روپے

## ایکسائز ڈیوٹی Excise Duty

ایکسائز ڈیوٹی (Excise Duty) ٹیکس کی وہ شکل ہے جسے خریدار تیار شدہ چیز پر بوقت خرید ادا کرتا ہے۔

مثال کے طور پر کاریں الیکٹرونکس کی اشیاء اور کپڑا وغیرہ خریدتے وقت ہمیں قیمت خرید کے ساتھ یہ ٹیکس بھی ادا کرنا ہوتا ہے۔

**مثال 1:-** ایک آدمی ایک 1000 سی سی کار خریدنا چاہتا ہے۔ اسے کار کی قیمت پر 150% ایکسائز ڈیوٹی ادا کرنی ہوگی۔ اگر کار کی قیمت 5,00,000 روپے ہو تو اسے کل کتنی رقم ادا کرنا ہوگی؟

**حل:-** کار کی قیمت = 5,00,000 روپے

ایکسائز ڈیوٹی کی شرح = 150%

5,00,000 روپے پر ایکسائز ڈیوٹی $= \frac{150}{100} \times 5,00,000$

$= 150 \times 5000 = 7,50,000$ روپے

آدمی کو جو کل رقم ادا کرنا ہوگی $7,50,000 + 5,00,000 = 12,50,000$ روپے

**مثال 2:-** ایک ٹیلی ویژن کی قیمت 14040 روپے ہے۔ جس میں 20% ایکسائز ڈیوٹی بھی شامل ہے۔ ٹیلی ویژن پر لگائی گئی ایکسائز ڈیوٹی معلوم کیجیے۔ مزید یہ کہ ٹیلی ویژن کی قیمت بغیر ایکسائز ڈیوٹی معلوم کیجیے۔

**حل:-** ٹیلی ویژن کی قیمت بمعہ ایکسائز ڈیوٹی = 14040 روپے

ایکسائز ڈیوٹی = 20%

فرض کیا ٹیلی ویژن کی اصل قیمت = 100 روپے

20% ایکسائز ڈیوٹی کے ساتھ ٹیلی ویژن کی قیمت = 120 روپے

$$\text{ٹیلی ویژن کی اصل قیمت} = 14040 \times \frac{100}{120}$$

$$= 14040 \times \frac{5}{6}$$

$$= 2340 \times 5 = 11700 \text{ روپے}$$

پس ٹیلی ویژن کی قیمت ایکسائز ڈیوٹی کے علاوہ 11700 روپے ہوگی۔

## پراپرٹی ٹیکس Property Tax

پراپرٹی ٹیکس زمین، گھر، فلیٹ یا عمارت کے مالکان سے 16% کی شرح سے پراپرٹی کی سالانہ آمدنی پر لیا جاتا ہے۔

**مثال:-** ایک فلیٹ کی سالانہ قیمت 14,00,000 روپے ہے۔ 16% سالانہ کی شرح سے قابل ادا پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجئے۔

**حل:-**

فلیٹ کی سالانہ آمدنی = 14,00,000 روپے

ٹیکس کی شرح = 16%

$$\text{قابل ادا ٹیکس} = 14,00,000 \times \frac{16}{100}$$

$$= 14,000 \times 16$$

$$= 2,24,000 \text{ روپے}$$

پس کل قابل ادا پراپرٹی ٹیکس 2,24,000 روپے ہے۔

## انکم ٹیکس Income Tax

یکم جولائی سے 30 جون تک کے مالی سال کے دوران تمام قسم کی آمدن پر ٹیکس کو انکم ٹیکس (Income Tax) کہتے ہیں۔ اگر آمدن کا گوشوارہ (Income Return) 30 جون 2010 تک دائر کیا جائے۔ تو مالی سال 2010-2009 سمجھا جائے گا اور ٹیکس کا سال 2009 کہلائے گا۔ ہر مالی سال کے اختتام پر ہر اس شخص کو جس کی آمدنی ٹیکس کے قابل ہو کو گوشوارہ داخل کرنا ہوتا ہے جو سالانہ حاصل کی گئی آمدن کو ظاہر کرتا ہے۔ گورنمنٹ ایک خاص رقم کو ٹیکس سے مستثنیٰ (Exemption) قرار دے دیتی ہے اور بقیہ رقم پر ٹیکس ادا کرنا ہوتا ہے۔

تنخواہ دار لوگوں کی قابل ٹیکس آمدن (Taxable Income) پر ٹیکس لگانے کے لیے بنیادی تنخواہ (Basic Pay) میں تمام الاؤنسز (Allownces) شامل کیے جاتے ہیں۔

**مثال 1:-** ایک شخص کی سالانہ آمدنی بشمول تمام الاؤنسز 3,60,000 روپے ہے۔ جبکہ چھوٹ کی رقم 1,80,000 روپے ہے۔ اس شخص کو 0.75% کے حساب سے کتنا ٹیکس ادا کرنا ہوگا؟

**حل:-**

شخص کی کل سالانہ آمدنی = 3,60,000 روپے

چھوٹ کی رقم = 1,80,000 روپے

قابل ٹیکس آمدن = $3,60,000 - 1,80,000$

= 1,80,000 روپے

ٹیکس کی شرح = 0.75 %

قابل ادا ٹیکس کی رقم = $1,80,000 \times 0.75\%$

$$= 1,80,000 \times \frac{0.75}{100}$$

$$= 1,80,000 \times \frac{75}{100 \times 100} = 18 \times 75$$

= 1350 روپے

**مثال 2:-** ایک شخص کی کل سالانہ آمدنی 6,28,500 روپے ہے اور چھوٹ کی رقم 1,80,000 روپے ہے۔ بقیہ آمدنی پر 3.50% کی شرح سے کل قابل ادا ٹیکس معلوم کیجئے۔ جبکہ 15000 روپے انکم ٹیکس آمدنی میں سے پہلے ہی کاٹ لیا گیا ہو۔

**حل:-**

کل سالانہ آمدن = 6,28,500 روپے

چھوٹ کی رقم = 1,80,000 روپے

ٹیکس کے قابل آمدنی = $6,28,500 - 1,80,000$

= 4,48,500 روپے

ٹیکس کی شرح = 3.50 %

کل قابل ادا ٹیکس = $4,48,500 \times 3.50\%$

$$= 4,48,500 \times \frac{350}{100 \times 100} = \frac{4485 \times 7}{2}$$

$$= \frac{31395}{2}$$ = 15697.50 روپے

پہلے سے منہا شدہ ٹیکس = 15,000 روپے

قابل ادا ٹیکس = $15,697.50 - 15,000$

= 697.50 روپے

روپے 100 = فرض کیا ٹیلی ویژن کی اصل قیمت

روپے 120 = 20% ایکسائز ڈیوٹی کے ساتھ ٹیلی ویژن کی قیمت

$$\text{ٹیلی ویژن کی اصل قیمت} = 14040 \times \frac{100}{120}$$

$$= 14040 \times \frac{5}{6}$$

$$= 2340 \times 5 = 11700$$ روپے

پس ٹیلی ویژن کی قیمت ایکسائز ڈیوٹی کے علاوہ 11700 روپے ہوگی۔

## پراپرٹی ٹیکس Property Tax

پراپرٹی ٹیکس زمین، گھر، فلیٹ یا عمارت کے مالکان سے 16% کی شرح سے پراپرٹی کی سالانہ آمدنی پر لیا جاتا ہے۔

**مثال:-** ایک فلیٹ کی سالانہ قیمت 14,00,000 روپے ہے۔ 16% سالانہ کی شرح سے قابل ادا پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجیے۔

**حل:-** روپے 14,00,000 = فلیٹ کی سالانہ آمدنی

ٹیکس کی شرح = 16%

$$\text{قابل ادا ٹیکس} = 14,00,000 \times \frac{16}{100}$$

$$= 14,000 \times 16$$

$$= 2,24,000$$ روپے

پس کل قابل ادا پراپرٹی ٹیکس 2,24,000 روپے ہے۔

## انکم ٹیکس Income Tax

یکم جولائی سے 30 جون تک کے مالی سال کے دوران تمام قسم کی آمدن پر ٹیکس کو انکم ٹیکس (Income Tax) کہتے ہیں۔ اگر آمدن کا گوشوارہ (Income Return) 30 جون 2010 تک دائر کیا جائے۔ تو مالی سال 2010-2009 سمجھا جائے گا اور ٹیکس کا سال 2009 کہلائے گا۔ ہر مالی سال کے اختتام پر ہر اس شخص کو جس کی آمدنی ٹیکس کے قابل ہو کو گوشوارہ داخل کرنا ہوتا ہے جو سالانہ حاصل کی گئی آمدن کو ظاہر کرتا ہے۔ گورنمنٹ ایک خاص رقم کو ٹیکس سے مستثنیٰ (Exemption) قرار دے دیتی ہے اور بقیہ رقم پر ٹیکس ادا کرنا ہوتا ہے۔

تنخواہ دار لوگوں کی قابل ٹیکس آمدن (Taxable Income) پر ٹیکس لگانے کے لیے بنیادی تنخواہ (Basic Pay) میں تمام الاؤنسز (Allownces) شامل کیے جاتے ہیں۔

## مشق 5.1

1- ایک بائیسکل کی قیمت 3500 روپے ہے۔ اگر سیلز ٹیکس کی شرح 16% ہو تو ایسے 50 بائیسکلوں کی قیمت پر سیلز ٹیکس معلوم کیجئے۔

2- اگر ایک ائیر کنڈیشنر کی قیمت 40,000 روپے ہو تو اس پر 16% کی شرح سے سیلز ٹیکس کی رقم معلوم کیجئے۔ مزید ایئر کنڈیشنر کی قیمت بمعہ سیلز ٹیکس بھی معلوم کیجئے۔

3- 1300 سی سی اور 1600 سی سی دو کاروں کی بغیر ایکسائز ڈیوٹی کی قیمت بالترتیب 6,00,000 روپے اور 8,00,000 روپے ہے۔ اگر ان دونوں کاروں پر ایکسائز ڈیوٹی بالترتیب 200% اور 250% ہو تو دونوں کاروں کی قیمت بشمول ایکسائز ڈیوٹی معلوم کیجئے۔

4- ایک گھر اور ایک زمین سے سالانہ آمدنی بالترتیب 15,00,000 روپے اور 20,00,000 روپے ہے۔ ان دونوں میں سے ہر ایک پر 16% شرح سے پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجئے۔

5- دو آدمیوں کی کل قابل ٹیکس آمدنی بالترتیب 2,50,000 روپے اور 3,10,000 روپے ہے۔ دونوں کی آمدنی پر 4.5% کی شرح سے قابل ادا انکم ٹیکس معلوم کیجئے۔

6- ایک شخص کی کل سالانہ آمدن 4,30,000 روپے ہے۔ اگر اسے قابل ادا ٹیکس پر 3000 روپے چھوٹ دی جاتی ہو تو اسے 4.5% کی شرح سے کتنا انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا؟

7- اگر ایک شخص کی کل سالانہ آمدنی 6,25,000 روپے ہو جبکہ چھوٹ 1,50,000 روپے ہو تو بقیہ آمدنی پر 4.5% کی شرح سے قابل ادا ٹیکس معلوم کیجئے۔

8- ایک شخص کی کل آمدنی 5,25,000 روپے ہے۔ جبکہ چھوٹ کی رقم 1,50,000 روپے ہے۔ اس کی بقیہ آمدنی پر 4.5% کی شرح سے قابل ادا ٹیکس معلوم کیجئے جبکہ 10,000 روپے کی رقم انکم ٹیکس کی مد میں پہلے ہی منہا کر لی گئی ہے۔

## گیس کا بل Gas Bill

بہت سے گھروں میں کھانا پکانے اور حرارت (Heat) حاصل کرنے کے لیے گیس استعمال ہوتی ہے۔ استعمال کی گئی گیس کی مقدار کو حجم (Volume) میں ماپا جاتا ہے اور اسے ایک میٹر کے ذریعے یونٹس (Units) میں ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ ہر یونٹ میں 100 مکعب فٹ (Cubic Feet) گیس ہوتی ہے۔ 01-07-2009 سے گھریلو صارفین کے لیے گیس سلیب کی شرح درج ذیل ہے۔

جبکہ $1Hm^3 \approx 3.30$ MMBTU

| سلیب | گیس کا استعمال $Hm^3$ میں | روپے فی MMBTU |
|---|---|---|
| 1 | 0 تا 0.50 | 80.65 |
| 2 | 0.50 تا 1 | 84.45 |
| 3 | 1 تا 2 | 153.73 |
| 4 | 2 تا 3 | 325.48 |
| 5 | 3 تا 4 | 423.42 |
| 6 | 4 تا 5 | 550.44 |
| 7 | 5 سے بالاتر | 730.17 |

**مثال:-** گیس میٹر ریڈنگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ $4.872\ Hm^3$ گیس ایک ماہ میں استعمال ہوئی۔ قابل ادا رقم بشمول جی ایس ٹی کی 16% شرح سے معلوم کیجیے۔ جبکہ کرایہ میٹر 120 روپے ہے

**حل:-**

گیس اخراجات $4\ Hm^3$ کے لیے = 2201.76 روپے ....(i)

گیس اخراجات $0.872\ Hm^3$ کے لیے = 479.98 روپے ....(ii)

کرایہ میٹر = 120.00 روپے ....(iii)

کل رقم = (i) + (ii) + (iii) = 2801.74 روپے

جی ایس ٹی 16% کی شرح سے $= \frac{16}{100} \times 2801.74 = 448.27$ روپے

موجودہ بل $= 2801.74 + 448.27$

= 3250.01 روپے

= 3250 روپے

## ٹیلی فون کے بل Telephone Bills

ٹیلی فون کال کا خرچ تین چیزوں پر انحصار کرتا ہے۔

(i) کال کرنے والے اور کال سننے والے کے درمیان فاصلہ۔

(ii) دن کے اوقات یا ہفتہ کا وہ دن، جس دن کال کی جاتی ہے۔

(iii) کال کا دورانیہ

ان تین اجزا کو مختلف انداز سے اکٹھا کر کے میٹر کے لیے ٹائم یونٹ بنایا جاتا ہے ہر یونٹ کی قیمت مقررہ شرح سے لی جاتی ہے۔

ایک صارف کا قوانین کے تحت ٹیلی فون کا بل درج ذیل ہے۔

(i) پی ٹی سی ایل اخراجات = 1233 روپے
(بشمول کرایہ لائن، لوکل کالز NWD کالز اخراجات، موبائل اخراجات، NED موبائل اخراجات)

(ii) ایف۔ای۔ڈی بحساب 21% = 259 روپے
(فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی)

(iii) ڈبلیو۔ایچ۔ٹیکس بحساب 4% = 49 روپے
(ود ہولڈنگ ٹیکس)

مقررہ تاریخ تک ادائیگی = 1540 روپے

سرچارج = 80 روپے

مقررہ تاریخ کے بعد ادائیگی = 1620.00 روپے

موبائل فون کا بل درج ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

190 منٹ کال کے اخراجات = 570.00 روپے
(3 روپے فی منٹ کی شرح سے)

ایس ایم ایس کے اخراجات = 100.00 روپے
(1 روپیہ فی SMS)

سی ای ڈی (سنٹرل ایکسائز ڈیوٹی) کے اخراجات = 105.00 روپے
(15 فی صد کی شرح سے)

کل قابل ادا رقم = 775.00 روپے

# مشق 5.2

1۔ درج ذیل میں استعمال کی گئی گیس کی میٹر ریڈنگ دی گئی ہے۔ گیس کا بل دی گئی سلیب کے مطابق مکمل کیجئے۔ نیز اس میں کرایہ میٹر اور جی ایس ٹی بھی شامل کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) $3.0756\ Hm^3$ | (ii) $4.285\ Hm^3$ | (iii) $2.796\ Hm^3$ |
| (iv) $1.378\ Hm^3$ | (v) $5.235\ Hm^3$ | (vi) $4.665\ Hm^3$ |

2۔ بجلی کے استعمال کی بناء پر ذیل میں استعمال کیے گئے یونٹس درج ہیں۔ حل شدہ مثال کی مدد سے بجلی کے بل مکمل کیجئے۔

| | |
|---|---|
| (i) 315 یونٹس | (ii) 210 یونٹس |
| (iii) 375 یونٹس | (iv) 290 یونٹس |

3۔ درج ذیل میں کی گئی ٹیلی فون کی کالز کی تعداد دی گئی ہے۔ کال کی شرح 5 روپے فی کال، ایف۔ای۔ڈی 15% کی شرح اور ڈبلیو۔ایچ۔ٹیکس 4% کی شرح سے شامل کر کے ٹیلی فون بل مکمل کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) 530 | (ii) 640 | (iii) 750 |
| (iv) 270 | (v) 480 | (vi) 315 |

## 5.3 ذاتی آمدن PERSONAL INCOME

کسی شخص کی انفرادی طور پر روزانہ، ہفتہ وار، ماہانہ یا سالانہ کی بنیاد پر حاصل کی گئی آمدنی کو اس شخص کی ذاتی آمدنی کہتے ہیں۔

### 5.3.1 ورکر کی ذاتی آمدنی Personal Income of a Worker

کسی شخص کی ذاتی آمدن دیکھنے کے لیے جو کہ روزانہ کی بنیاد پر کام کر رہا ہو ہم درج ذیل مثالیں دیکھتے ہیں۔

**مثال 1:-** درج ذیل میں فیکٹری ملازمین کی مجموعی روزانہ اجرت معلوم کیجئے۔ جبکہ ایک گھنٹہ کام کی اجرت 50 روپے ہو اور ایک دن 8 گھنٹوں پر مشتمل ہو۔

| | نام | کتنے گھنٹے کام کیا | 50 روپے فی گھنٹہ کے حساب سے تنخواہ |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلم | 3 | $3\times 50 = 150$ روپے |
| 2 | انور | 5 | $5\times 50 = 250$ روپے |
| 3 | دانیال | 8 | $8\times 50 = 400$ روپے |
| 4 | عبداللہ | 7 | $7\times 50 = 350$ روپے |
| 5 | علی | 4 | $4\times 50 = 200$ روپے |
| 6 | حمزہ | 6 | $6\times 50 = 300$ روپے |
| | مجموعی اجرت | | $= 1650$ روپے |

### اضافی وقت کے ساتھ روزانہ اجرت Daily wages along with over time

**مثال 2:-** دانیال ایک ہفتہ میں سوموار سے جمعہ تک 5 دن کام کرتا ہے۔ وہ روزانہ صبح 8 بجے کام شروع کرتا ہے اور شام 4 بجے ختم کرتا ہے۔ اسے روزانہ ایک گھنٹے کا وقفہ ملتا ہے اور وہ دو گھنٹے روزانہ اضافی وقت کام کرتا ہے۔ اگر اسے 60 روپے فی گھنٹہ معمول کی اجرت اور 80 روپے فی گھنٹہ اضافی وقت کے دیئے جائیں تو وہ ایک ماہ میں کتنے گھنٹے کام کرے گا۔ نیز اس کی مجموعی ماہانہ تنخواہ بھی معلوم کیجئے۔

**حل:-** صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک گھنٹوں کی تعداد $= 8$ گھنٹے

چونکہ اسے روزانہ 1 گھنٹہ کا وقفہ ملتا ہے اس لیے وہ روزانہ 7 گھنٹے کام کرتا ہے۔

ایک ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد $= 5\times 7$

$= 35$ گھنٹے

$4 \times 35$ = ایک مہینہ میں گھنٹوں کی تعداد

= 140 گھنٹے

$140 \times 60$ = ایک ماہ کی تنخواہ 60 روپے فی گھنٹہ کے حساب سے

= 8400 روپے

چونکہ دانیال روزانہ 2 گھنٹے اضافی کام کرتا ہے اس لیے

$2 \times 5$ = ایک ہفتہ میں جتنے گھنٹے اضافی کام کیا

= 10 گھنٹے

$4 \times 10$ = ایک ماہ میں جتنے گھنٹے اضافی کام کیا

= 40 گھنٹے

$40 \times 80$ = ایک ماہ میں اضافی کام کی تنخواہ

= 3200 روپے

اضافی وقت کی تنخواہ + تنخواہ = مجموعی تنخواہ

$= 8400 + 3200$

11600 روپے = مجموعی تنخواہ

**مثال 3:-** ایک سیلز مین کو 60 روپے فی گھنٹہ کے علاوہ فروخت کی گئی اشیا پر 5% کمیشن بھی دیا جاتا ہے۔ اگر وہ دکان پر صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک کام کرتا ہو اور 20,000 روپے مالیت کی اشیاء فروخت کرتا ہو تو اس کی روزانہ کی مجموعی آمدنی کیا ہوگی؟

**حل:-**

14 گھنٹے = صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک کام کا دورانیہ

60 روپے = تنخواہ فی گھنٹہ

$14 \times 60$ = روزانہ کی تنخواہ

= 840 روپے

$5\%$ = کمیشن کی شرح

$$20,000 \text{ کا } 5\% = \frac{5}{100} \times 20000$$

= 1000 روپے

کمیشن + تنخواہ = روزانہ کی کل تنخواہ

$= 840 + 1000$

= 1840 روپے

## 5.3.2 تنخواہ دار شخص کی مجموعی آمدنی Gross Income of a Salaried Person

ایک تنخواہ دار شخص کی مجموعی آمدنی اس کی بنیادی تنخواہ، کرایہ مکان کنوینس الاؤنس، مہنگائی الاؤنس، میڈیکل الاؤنس وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے۔

**مثال :-** اگر کسی شخص کی بنیادی تنخواہ 30,000 روپے ماہانہ ہو اور اسے بنیادی تنخواہ کا 15% کرایہ مکان، 10% مہنگائی الاؤنس، 2000 روپے کنوینس الاؤنس اور 1000 روپے میڈیکل الاؤنس کے طور پر دیے جائیں تو اس شخص کی مجموعی ماہانہ تنخواہ معلوم کیجیے۔

**حل :-**

بنیادی تنخواہ = 30,000 روپے

کرایہ مکان = 30,000 کا 15%

$$= \frac{15}{100} \times 30000$$

= 4500 روپے

مہنگائی الاؤنس = 30,000 کا 10%

$$= \frac{10}{100} \times 30000$$

= 3000 روپے

شخص کی ماہانہ تنخواہ کا بنیادی ڈھانچہ درج ذیل ہے۔

(i) بنیادی تنخواہ = 30,000 روپے

(ii) کرایہ مکان = 4500 روپے

(iii) مہنگائی الاؤنس = 3000 روپے

(iv) کنوینس الاؤنس = 2000 روپے

(v) میڈیکل الاؤنس = 1000 روپے

مجموعی ماہانہ تنخواہ = 40,500 روپے ((i) + (ii) + (iii) + (iv) + (v))

### 5.3.3 کٹوتی کے بعد آمدنی Income after Deductions

کسی شخص کی حقیقی آمدنی یا وہ آمدنی جو وہ گھر لے کر جاتا ہے اس سے مراد ہے کہ وہ تنخواہ جو اسے مجموعی تنخواہ میں سے ضروری کٹوتیوں کے بعد ملتی ہے۔

**مثال:-** اگر ایک شخص کی مجموعی تنخواہ 25000 روپے ہو اور اسے 360 روپے انکم ٹیکس، 1500 روپے بینوویلنٹ فنڈ، 1000 روپے جی پی فنڈ اور 300 روپے گروپ انشورنس کے ادا کرنا ہوں تو اس شخص کی حقیقی آمدنی معلوم کیجئے۔

**حل:-**

مجموعی تنخواہ = 25,000 روپے

کٹوتی

انکم ٹیکس = 360 روپے ........(i)

بینوویلنٹ فنڈ = 1500 روپے ........(ii)

جی پی فنڈ = 1000 روپے ........(iii)

گروپ انشورنس = 300 روپے ........(iv)

کل کٹوتی = 3160 روپے :{(i), (ii), (iii), (iv) کا مجموعہ}

حقیقی آمدنی = مجموعی تنخواہ − کٹوتی

$= 25000 - 3160$

حقیقی آمدنی = 21,840 روپے

# مشق 5.3

1- ایک خاتون کارکن ہفتہ میں 6 دن کام کرتی ہے۔ وہ صبح 7 بجے کام شروع کرتی ہے اور 4 بجے ختم کرتی ہے۔ اسے صبح کے وقت 15 منٹ کا وقفہ اور شام 45 منٹ کا وقفہ ملتا ہے۔ اگر ادائیگی کی شرح 40 روپے فی گھنٹہ ہو تو وہ ایک ہفتہ میں کتنا کام کرتی ہے اور اس کو کتنی ادائیگی ہوتی ہے؟

2- خالد ہفتہ میں 6 دن کام کرتا ہے اگر اسے 200 روپے یومیہ ادا کیا جائے تو اس کی مجموعی ماہانہ اجرت معلوم کیجئے۔

3- ہفتہ میں 6 دن روزانہ 8 گھنٹہ کی بنیاد پر کام کرتے ہوئے اسلم کو 70 روپے فی گھنٹہ ادائیگی ہوتی ہے۔ اضافی وقت کی ادائیگی 70 روپے فی گھنٹہ کا 1.5 گنا ہے۔ اگر وہ 40 گھنٹے اضافی وقت کام کرتا ہے تو اس کی ماہانہ مجموعی تنخواہ معلوم کیجئے۔

4- اگر ایک شخص کی بنیادی تنخواہ 18000 روپے، کرایہ مکان الاؤنس 3500 روپے، مہنگائی الاؤنس 3000 روپے اور کونیس الاؤنس 1500 روپے اور میڈیکل الاؤنس 500 روپے ہو تو اس شخص کی مجموعی ماہانہ تنخواہ کیا ہوگی؟

5- اگر ایک شخص کی آمدنی میں کٹوتی کی شکل میں 400 روپے انکم ٹیکس، 1200 روپے بنیوویلنیٹ فنڈ، 1500 روپے جی پی فنڈ اور 400 روپے گروپ انشورنس شامل ہوں تو 45000 روپے میں سے اس کے پاس کتنی رقم باقی بچے گی؟

6- نعمان ایک فیکٹری میں کام کرتا ہے جہاں 35 گھنٹوں کے ہفتہ میں 50 روپے فی گھنٹہ اجرت دی جاتی ہے۔ اضافی وقت کام کرنے پر 50 روپے فی گھنٹہ کا 1.5 گنا دیا جاتا ہے۔ وہ ہفتہ میں کتنا کمائے گا اگر وہ درج ذیل گھنٹے کام کرتا ہو۔

(i) 38 گھنٹے (ii) 48 گھنٹے (iii) 50 گھنٹے

7- عبداللہ کی تنخواہ کی سلپ ظاہر کرتی ہے کہ اس نے ہفتہ میں 36 گھنٹے کام کے علاوہ 6 گھنٹے اضافی کام کیا ہے۔ اگر اس کی تنخواہ کی بنیادی شرح 60 روپے فی گھنٹہ اور اضافی وقت کی ادائیگی 60 روپے کا 1.5 گنا ہو تو عبداللہ کی ماہانہ مجموعی تنخواہ معلوم کیجئے۔

# جائزہ مشق 5

**-1** صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) وہ رقم جو آمدنی کے تناسب سے کچھ چیزوں کی لاگت میں منافع کے اضافہ اور خدمات پر ریاست کو ادا کی جاتی ہے:

(a) ٹیکس کہلاتی ہے (b) ایکسائز ڈیوٹی کہلاتی ہے (c) جائیداد کا ٹیکس کہلاتی ہے (d) انکم ٹیکس کہلاتی ہے

(ii) وہ ٹیکس جو آمدنی، جائیداد اور منافع پر انکم ٹیکس، جائیداد ٹیکس وغیرہ کی شکل میں وصول کیا جاتا ہے اسے:

(a) ٹیکس کہتے ہیں (b) براہ راست ٹیکس کہتے ہیں (c) جائیداد ٹیکس کہتے ہیں (d) انکم ٹیکس کہتے ہیں

(iii) ڈیوٹیز، موٹر وہیکل ٹیکس کی شکل میں ٹیکس کو:

(a) بالواسطہ ٹیکس کہتے ہیں (b) براہ راست ٹیکس کہتے ہیں (c) جائیداد ٹیکس کہتے ہیں (d) انکم ٹیکس کہتے ہیں

(iv) کسی چیز کی قیمت میں اضافی ٹیکس کو:

(a) ٹیکس کہتے ہیں (b) سیلز ٹیکس کہتے ہیں (c) انکم ٹیکس کہتے ہیں (d) ایکسائز ڈیوٹی کہتے ہیں

(v) کسی تیار کی گئی چیز پر ایک خریدار، خرید کے وقت جو ٹیکس ادا کرتا ہے اسے:

(a) ایکسائز ڈیوٹی کہتے ہیں (b) ٹیکس کہتے ہیں (c) انکم ٹیکس کہتے ہیں (d) سیلز ٹیکس کہتے ہیں

(vi) وہ ٹیکس جو زمین، گھر، فلیٹ یا عمارت کے مالک سے حاصل کیا جاتا ہے اسے:

(a) پراپرٹی ٹیکس کہتے ہیں (b) انکم ٹیکس کہتے ہیں (c) براہ راست ٹیکس کہتے ہیں (d) غیر براہ راست ٹیکس کہتے ہیں

(vii) وہ ٹیکس جو تمام قابل ٹیکس آمدنی پر لگایا جاتا ہے وہ:

(a) سیلز ٹیکس کہلاتا ہے (b) براہ راست ٹیکس کہلاتا ہے (c) انکم ٹیکس کہلاتا ہے (d) ایکسائز ڈیوٹی کہلاتا ہے

**-2** خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) وہ رقم جو آمدنی کے تناسب سے اور منافع سے حاصل کر کے یا سامان کی قیمت میں جمع کر کے یا خدمات پر ریاست کو ادا کی جاتی ہے وہ ________ کہلاتی ہے۔

(ii) وہ ٹیکس جو آمدنی، جائیداد اور منافع پر انکم ٹیکس، جائیداد ٹیکس اور منافع کی شکل میں حاصل کیا جائے اسے ________ کہتے ہیں۔

(iii) ڈیوٹیز، موٹر وہیکل ٹیکس، سامان اور خدمات پر ٹیکس کو __________ کہتے ہیں۔

(iv) کسی چیز کی قیمت میں اضافی طور پر شامل ٹیکس کو __________ کہتے ہیں۔

(v) کسی تیار کی گئی چیز پر ایک خریدار، خرید کے وقت جو ٹیکس ادا کرتا ہے اسے __________ کہتے ہیں۔

(vi) وہ ٹیکس جو زمین، گھر، فلیٹ یا عمارات کے مالک سے حاصل کیا جاتا ہے اسے __________ کہتے ہیں۔

(vii) وہ ٹیکس جو تمام قابل ٹیکس آمدنی پر لگایا جاتا ہے اسے __________ کہتے ہیں۔

(viii) اگر ایک فلیٹ سے سالانہ آمدنی 6,00,000 روپے ہو تو 15% کی شرح سے قابل ادا ٹیکس __________ روپے ہوگا۔

(ix) 12000 روپے قیمت کے ٹیلی ویژن پر 10% کی شرح سے اضافی ٹیکس __________ روپے ہوگا۔

(x) 3,00,000 روپے کی رقم پر 150% کی شرح سے ایکسائز ڈیوٹی __________ روپے ہوگی۔

**-3** ایک سائیکل کی قیمت 4000 روپے ہے۔ اگر ایک سائیکل پر 16% کی شرح سے سیلز ٹیکس لیا جائے تو ایسے 30 سائیکلوں پر سیلز ٹیکس معلوم کیجیے۔

**-4** اگر ایک شخص کی مجموعی آمدنی 7,00,000 روپے ہو اور اس پر 1,50,000 روپے کی چھوٹ ہو تو 4.5% کی شرح سے کتنا ٹیکس حاصل ہوگا؟

**-5** گیس کا میٹر ایک ماہ کے دورانیہ میں $5.670\ Hm^3$ گیس کا استعمال ظاہر کرتا ہے۔ 16% جی ایس ٹی کی شرح کے ساتھ گیس کے بل کی قابل ادا رقم معلوم کیجیے۔

**-6** درج ذیل میں بجلی کے لیے استعمال کیے گئے یونٹس دیئے گئے ہیں۔

(i) 275 یونٹس (ii) 200 یونٹس (iii) 340 یونٹس (iv) 285 یونٹس

بجلی کے بل ان تمام اشیاء کو شامل کر کے بنائیے جیسا کہ حل شدہ مثال میں ہے۔

**-7** ایک شخص کی ماہانہ مجموعی آمدنی 75000 روپے ہے۔ اگر 1500 روپے، 1200 روپے اور 1800 روپے بالترتیب انکم ٹیکس، بینوویلنٹ فنڈ اور جی پی فنڈ منہا کیے گئے ہوں تو وہ شخص باقی کتنے روپے گھر لے جائے گا؟

# خلاصہ

- وہ رقم جو آمدنی کے تناسب سے اور منافع سے حاصل کر کے یا سامان کی قیمت خرید میں اضافہ کر کے یا خدمات پر ریاست کو ادا کی جاتی ہے ٹیکس کہلاتی ہے۔

- ''براہِ راست ٹیکس'' آمدنی، جائیداد اور منافع پر انکم ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس اور منافع پر ٹیکس کی شکل میں حاصل کیا جاتا ہے۔

- بالواسطہ ٹیکس میں ڈیوٹیز، موٹر وہیکلز، سامان، خدمات ٹیکس، (جی ایس ٹی) ٹیکس اور قیمت میں اضافی جمع شدہ ٹیکس شامل ہیں۔

- جب ہم کوئی چیز خریدتے ہیں تو ہم ایک خاص رقم بطور اضافی ٹیکس جو کہ چیز کی قیمت خرید میں شامل کرتے ہوئے ادا کرتے ہیں اسے سیلز ٹیکس کہتے ہیں۔ یہ ٹیکس عام طور پر قیمت فروخت کی ایک مقررہ شرح فی صد سے دیا جاتا ہے۔ پاکستان میں سامان کے خریدنے اور خدمات مہیا کرنے پر 16% کی شرح سے سیلز ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔

- ایکسائز ڈیوٹی ٹیکس کی وہ شکل ہے جو ایک خریدار ایک تیار کی گئی چیز پر خریدتے وقت ادا کرتا ہے۔

- پراپرٹی ٹیکس زمین، گھر، فلیٹ یا عمارات کے مالک سے ایک خاص شرح 16% کے حساب سے سالانہ آمدنی پر وصول کیا جاتا ہے۔

- انکم ٹیکس ہر سال یکم جولائی سے اگلے سال 30 جون کے درمیان قابل ٹیکس آمدن پر وصول کیا جاتا ہے۔

یونٹ

6

# قوت نمااور لوگارتھم
# EXPONENTS AND LOGARITHMS

- جذر اور مجذور
- قوانین قوت نما
- سائنسی ترقیم
- لوگارتھم
- لوگارتھم کے قوانین
- لوگارتھم کا استعمال

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- جذر اور مجذور کے تصورات۔
- کہ کسی جملہ کے جذر اور قوت نمائی شکل میں فرق کیا ہے۔
- کہ کسی جملہ کی حالت جذر اور قوت نمائی حالت کو آپس میں تبدیل کیسے کرتے ہیں۔
- اساس، قوت نما اور قیمت میں واضح فرق۔
- حقیقی قوت نما والے جملوں کو مختصر کرنے کے لیے قوت نما کے قوانین کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔
- کسی عدد کو سائنسی ترقیم اور عام ترقیم میں کیسے ظاہر کر سکتے ہیں۔
- کسی عدد کے لوگارتھم جس کا اساس 'a' ہو۔

$(a^x = y \Leftrightarrow \log_a y = x, a > 0, y > 0$ اور $a \neq 1)$

- کامن لوگارتھم یا کسی عدد کے لوگارتھم کا خاصہ اور مینٹیسا۔
- عدد کے لوگارتھم کو معلوم کرنے کے لیے جدول کا استعمال کیسے کرتے ہیں۔
- اینٹی لوگارتھم کا تصور اور اس کے جدول کو استعمال کرنے کا طریقہ۔
- درج ذیل قوانین کو کیسے ثابت کرتے ہیں۔
  - $\log_a (mn) = \log_a m + \log_a n$
  - $\log_a \left(\frac{m}{n}\right) = \log_a m - \log_a n$
  - $\log_a m^n = n \log_a m$
- لوگارتھم کے قوانین کو استعمال کرتے ہوئے ضرب، تقسیم اور قوت نما کے طویل عمل کو جمع اور تفریق جیسے آسان عمل میں کیسے تبدیل کر سکتے ہیں۔

## 6.1.1 جذر اور مجذور Radicals and Radicands

آیئے ایک حقیقی عدد $\sqrt{5}$ کو دیکھتے ہیں۔ہم اسے $5^{\frac{1}{2}}$ بھی لکھ سکتے ہیں۔ یہاں 5 ایک مثبت ناطق عدد ہے، 2 ایک مثبت حقیقی صحیح عدد اور $\sqrt{5}$ ایک غیر ناطق عدد، اس لیے $\sqrt{5}$ ایک جذر المربع ہے اسے 5 کا دوسرا جذر بھی کہتے ہیں۔ اسے دوسرے درجے کا جذر بھی کہتے ہیں۔ $\sqrt{\ }$ جذر کی علامت (Radical Sign) اور 5 مجذور (Radicand) کہلاتا ہے۔

ایک اور حقیقی عدد $\sqrt[3]{4}$ کو دیکھئے۔ہم اسے $4^{\frac{1}{3}}$ بھی لکھ سکتے ہیں۔ یہاں 4 ایک مثبت ناطق عدد، 3 ایک مثبت صحیح عدد اور $\sqrt[3]{4}$ غیر ناطق ہے۔اس لیے $\sqrt[3]{4}$ ایک جذر ہے اسے 4 کا تیسرا جذر بھی کہتے ہیں۔ یہ جذر المکعب بھی کہلاتا ہے۔

اس طرح ہر درجہ کا جذر ایک غیر ناطق عدد ہوتا ہے جس میں جذر المربع بھی شامل ہے۔ مثلاً

$2\sqrt{3},\ 4+3\sqrt{5},\ 10-4\sqrt{6},\ \frac{\sqrt{2}}{5},\ \frac{9}{\sqrt{7}}$ تمام غیر ناطق اعداد ہیں۔

اگر 'a' ایک حقیقی عدد ہو اور 'n' ایک مثبت صحیح عدد، تب ایک عدد کی طاقت $\frac{1}{n}$ لگانے سے $a^{1/n}$ حاصل ہو تو اسے a کا nواں جذر کہتے ہیں۔

پس $\sqrt{2}=2^{1/2}, \sqrt[3]{2}=2^{1/3}, \sqrt[4]{5}=5^{1/4}$

علامت $\sqrt[n]{\ }$ انڈیکس n کی جذری علامت کہلاتی ہے۔ $\sqrt[n]{a}$ میں a مجذور (Radicand) کہلاتا ہے۔

$\sqrt{a}$ ، دوسرا جذر کہلاتا ہے۔

$\sqrt[3]{a}$، تیسرا جذر کہلاتا ہے۔

$\sqrt[4]{a}$ ، چوتھا جذر کہلاتا ہے۔

$\sqrt[n]{a}$ ، nواں جذر کہلاتا ہے۔

$\left(\sqrt{a}+\sqrt{b}\right)$ اور $\left(\sqrt{a}-\sqrt{b}\right)$ ایک دوسرے کے کانجوگیٹ کہلاتے ہیں۔ ان دو جذروں کا حاصل ضرب ایک ناطق عدد ہوتا ہے۔

## 6.1.2 کسی جملہ کی جذری اور قوت نمائی اشکال
## Radical Form and Exponential Form of an Expression

$\sqrt[3]{8}$ ایک جذری شکل ہے جبکہ $(8)^{\frac{1}{2}}$ اس کی قوت نمائی شکل ہے۔ کیونکہ جذر کو کسری قوت نما میں بھی بیان کیا جا سکتا ہے۔

$5(3)^{1/2}$ کی جذری شکل $5\sqrt{3}$ ہے۔

$$5(3)^{1/2} = 5\sqrt{3}$$

مندرجہ بالا مثالوں سے ہم دیکھتے ہیں کہ قوت نما کے قوانین کا اطلاق جذری جملوں پر بھی ہو سکتا ہے۔ پس کسی مثبت صحیح عدد 'n' اور مثبت ناطق عدد 'a' کے لیے ہم درج ذیل جدول (Table) پر غور کرتے ہیں۔

| جذری شکل | قوت نما کی شکل |
|---|---|
| (i) $(\sqrt[n]{a})^n = a$ | $\left(a^{1/n}\right)^n = a$ |
| (ii) $\sqrt[n]{ab} = \sqrt[n]{a}\,\sqrt[n]{b}$ | $(ab)^{1/n} = a^{1/n}b^{1/n}$ |
| (iii) $\sqrt[n]{\frac{a}{b}} = \frac{\sqrt[n]{a}}{\sqrt[n]{b}}$ | $\left(\frac{a}{b}\right)^{1/n} = \frac{a^{1/n}}{b^{1/n}}$ |
| (iv) $(\sqrt[n]{a})^m = \sqrt[n]{a^m}$ | $(a^{1/n})^m = (a^m)^{1/n} = a^{m/n}$ |

مثال 1:- مختصر کیجئے۔ (i) $(a^3b^2)^{1/4} \times (a^{1/3}b)^{3/4}$ (ii) $x^{1/4} \div x^{2/3}$

حل:-

(i) $(a^3b^2)^{1/4} \times (a^{1/3}b)^{3/4}$

$= a^{3/4}b^{2/4} \times a^{3/12}b^{3/4}$

$= a^{3/4}b^{1/2} \times a^{1/4}b^{3/4}$

$= a^{3/4} \times a^{1/4} \times b^{1/2} \times b^{3/4}$

$= a^{(3/4 + 1/4)} \times b^{(1/2 + 3/4)}$

$= a^{4/4} \times b^{(2+3)/4}$

$= a^1\, b^{5/4}$

$= a\, b^{5/4}$

(ii) $x^{1/4} \div x^{2/3}$

$= x^{1/4} \times \frac{1}{x^{2/3}}$

$= x^{1/4} . x^{-2/3}$

$= x^{1/4 - 2/3}$

$= x^{(3-8)/12}$

$= (x)^{-5/12}$

$= \frac{1}{x^{5/12}}$

مثال 2:- مختصر کیجئے۔ (i) $\sqrt{(a^3b^2)^{1/4}(a^{1/3}b^{3/4})}$ (ii) $\sqrt{x^{1/4} \div x^{\frac{-2}{3}}}$

حل:-

(i) $\sqrt{(a^3b^2)^{1/4}(a^{1/3}b^{3/4})}$

$= \sqrt{a^{3/4} \times b^{2/4} \times a^{1/3} \times b^{3/4}}$

$= \sqrt{a^{(9+4)/12}\, b^{(2+3)/4}}$

$= \sqrt{a^{13/12}\, b^{5/4}}$

(ii) $\sqrt{x^{1/4} \div x^{\frac{-2}{3}}}$

$= \sqrt{\frac{x^{1/4}}{x^{-2/3}}}$

$= \sqrt{x^{1/4} \times x^{2/3}}$

$= \sqrt{x^{(3+8)/12}}$

$= \sqrt{x^{11/12}}$

## 6.1.3 جذری جملے کو قوت نما اور قوت نما جملے کو جذری جملے میں تبدیل کرنا۔

## Transform an Expression into Radical Form to an Expression into Exponential Form and Vice Versa

آیئے ہم درج ذیل مثالیں دیکھتے ہیں۔

**مثال 1:-** قوت نما کی شکل میں تبدیل کیجئے۔

(i) $\sqrt[4]{81a^{28}}$ (ii) $\sqrt[3]{27x^{18}}$ (iii) $\sqrt[3]{\dfrac{x^7y^9}{z^4}}$

**حل:-**

(i) $\sqrt[4]{81a^{28}} = (81a^{28})^{1/4}$

$= (3^4\ a^{28})^{1/4}$

$= 3^{4/4} \times a^{28/4}$

$= 3^1 \times a^7 \quad = 3a^7$

(ii) $\sqrt[3]{27x^{18}} = (27x^{18})^{1/3}$

$= (3^3 \times a^{18})^{1/3}$

$= 3^{3/3} \times x^{18/3}$

$= 3^1 \times x^6$

$= 3x^6$

(iii) $\sqrt[3]{\dfrac{x^7y^9}{z^4}} = \left(\dfrac{x^7\ y^9}{z^4}\right)^{1/3}$

$= \dfrac{x^{7/3}\ y^{9/3}}{z^{4/3}}$

$= \dfrac{x^{7/3}\ y^3}{z^{4/3}} \quad = x^{7/3}\ y^3\ z^{-4/3}$

**مثال 2:-** مختصر کیجئے اور جواب جذر کی شکل میں دیجئے۔

(i) $\sqrt{18}\times\sqrt[5]{64}$ (ii) $a^{1/2}\times a^{2/3}\div a^{3/4}$ (iii) $(a^{1/3}b^{2/3})^{3/4}\div(a^{2/5}b^{1/3})^{5/6}$

**حل:-**

(i) $\sqrt{18}\times\sqrt[5]{64} = (18)^{1/2}\times(64)^{1/5}$

$= (9\times 2)^{1/2}\times(2^6)^{1/5}$

$= 9^{1/2}\times 2^{1/2}\times 2^{6/5}$

$= 9^{1/2}\times 2^{17/10}$

$= (9)^{1/2}\times(2^{17/5})^{1/2}$

$= \sqrt{9\times 2^{17/5}}$

(ii) $a^{1/2}\times a^{2/3}\div a^{3/4} = \dfrac{a^{1/2+2/3}}{a^{3/4}}$

$= a^{1/2+2/3-3/4}$

$= a^{(6+8-9)/12}$

$= a^{(14-9)/12}$

$= a^{5/12}$

$= \sqrt[12]{a^5}$

(iii) $(a^{1/2}b^{2/3})^{3/4}\div(a^{2/5}b^{1/3})^{5/6} = a^{1/2\times 3/4}\times b^{2/3\times 3/4}\div a^{2/5\times 5/6}\times b^{1/3\times 5/6}$

$= (a^{3/8}b^{1/2})\div a^{1/3}\,b^{5/18}$

$= a^{3/8-1/3}\,b^{1/2-5/18} = a^{(9-8)/24}\,b^{(9-5)/18}$

$= a^{(9-8)/24}\,b^{(9-5)/18} = a^{1/24}\,b^{4/18}$

$= \sqrt[24]{a}\ \sqrt[9]{b^2}$

## مشق 6.1

**-1** درج ذیل میں جذر اور مجذور بتائیے۔

(i) $\sqrt{3}$ (ii) $4+3\sqrt{a}$ (iii) $\sqrt{11}$

(iv) $8-2\sqrt{6}$ (v) $\dfrac{\sqrt{5}}{7}$ (vi) $\dfrac{9}{\sqrt{13}}$

**-2** درج ذیل کو قوت نما کی شکل میں لکھیے۔

(i) $\sqrt{a^3}$ (ii) $\sqrt[5]{a^3}$ (iii) $\dfrac{1}{\sqrt[p]{a^k}}$ (iv) $\dfrac{1}{\sqrt[b]{a^k}}$

**-3** جذر کی شکل میں لکھ کر حل کیجیے۔

(i) $(25)^{1/2}$ (ii) $(64)^{1/3}$ (iii) $(81)^{1/4}$ (iv) $(27)^{1/3}$

(v) $(27)^{2/3}$ (vi) $8^{-1/3}$ (vii) $(1000)^{2/3}$ (viii) $(64)^{1/2}$

**-4** مختصر کیجیے اور جواب قوت نما کی شکل میں لکھیے۔

(i) $\sqrt{a^{16}}$ (ii) $\sqrt[3]{a^{15}}$ (iii) $\sqrt[3]{27a^9}$ (iv) $\sqrt[3]{8a^9}$

(v) $\sqrt[4]{x^{32}}$ (vi) $\sqrt[4]{81x^{20}}$ (vii) $\sqrt[3]{125\,x^9y^{15}}$ (viii) $\sqrt{(8+y)^7}$

(ix) $\sqrt[4]{16\,x^2y^6}$ (x) $\sqrt[4]{\dfrac{x^5y^6}{z^2}}$ (xi) $\sqrt[3]{\dfrac{8\,x}{x+y}}$ (xii) $\sqrt[p]{\dfrac{y^n}{a^m}}$

**-5** مختصر کیجیے۔

(i) $\sqrt{3}\times\sqrt{7}$ (ii) $\sqrt[5]{4}\times\sqrt[5]{128}$ (iii) $\sqrt[5]{81}\times\sqrt[5]{27}$

(iv) $\sqrt{2}\div\sqrt[9]{32}$ (v) $\sqrt[5]{118}\div\sqrt[5]{2}$ (vi) $\sqrt{27}\div\sqrt{81}$

(vii) $a^{1/4}\times a^{2/3}$ (viii) $x^{6/7}\times y^{1/4}$ (ix) $(x^{3/4}y^{1/6})^6$

(x) $(x^3y^2)^{1/2}\times(y^3x^4)^{-1/3}$ (xi) $(x^3y^2)^{1/4}\times(x^{1/3}y)^{3/4}$

(xii) $(a^{1/4}b^{1/3})^{-1/2}\div(a^{1/3}b^{1/4})^{-5}$ (xiii) $(x^2y^3)^{1/5}\times(x^{1/3}y^2)^{1/4}$

## 6.2 قوت نماؤں کے قوانین/انڈیسیز LAWS OF EXPONENTS/INDICES

### 6.2.1 اساس، قوت نما اور قیمت Base, Exponent and Value

بعض اوقات درج ذیل اقسام کی ضرب ہمارے علم میں آتی ہیں۔

$$3\times 3,\ 3\times 3\times 3,\ 3\times 3\times 3\times 3,\ 3\times 3\times 3\times 3\times 3$$

انہیں مختصر شکل میں ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

$$3\times 3 = 3^2$$
$$3\times 3\times 3 = 3^3$$
$$3\times 3\times 3\times 3 = 3^4$$
$$3\times 3\times 3\times 3\times 3 = 3^5$$
اور اسی طرح یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔

کسی حقیقی عدد 'a' اور مثبت صحیح عدد 'n' کے لیے ہم لکھتے ہیں۔

$$a^n = a\times a\times a\times a \ldots \times a \ (n \text{ مرتبہ})$$

یہاں 'a' کو ہم اساس (Base) اور n کو قوت نما یا انڈیکس (Exponents or index) کہتے ہیں۔
تعریف کے مطابق ہم $a^o = 1$ لیتے ہیں۔ پس $2^o = 1, 3^o = 1, (0.5)^o = 1$ اور اسی طرح یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔

نوٹ: "$a^n$" کو a کی n ویں ($n^{th}$) پاور کہا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر
$$3\times 3\times 3 = 3^3$$
$$4\times 4\times 4\times 4\times 4 = 4^5$$
$$7\times 7\times 7\times 7 = 7^4$$
$$8\times 8 = 8^2$$

### 6.2.2 قوت نما کے قوانین اور ان کا استعمال
### Laws of Exponents and their Applications

**1- قوتوں کی جمع کا قانون Law of Sum of Powers**

کسی حقیقی عدد a جبکہ $a \neq 0$ اور صحیح اعداد m اور n کے لیے اس قانون کو علامتی طور پر اس طرح لکھا جاتا ہے۔

$$a^m \times a^n = a^{m+n}$$

مثال 1:-
مختصر کیجئے۔ $x^3 \times x^4 \times x^6$

حل:-
$$x^3 \times x^4 \times x^6 = x^{3+4+6}$$
$$= x^{13}$$

مثال 2:-
مختصر کیجئے۔ $x^3 \times y^4 \times x^4 \times y^3 \times x^5 \times y^5$

حل:-
$$x^3 \times y^4 \times x^4 \times y^3 \times x^5 \times y^5 = x^3 \times x^4 \times x^5 \times y^3 \times y^4 \times y^5$$
$$= x^{3+4+5} \times y^{3+4+5}$$
$$= x^{12} \times y^{12}$$
$$= x^{12}\ y^{12}$$

مثال 3:-
مختصر کیجئے۔ $x^3 \times y^4 \times x^{-2} \times y^{-2}$

حل:-
$$x^3 \times y^4 \times x^{-2} \times y^{-2} = x^3 \times x^{-2} \times y^4 \times y^{-2}$$
$$= x^{3-2} \times y^{4-2}$$
$$= xy^2$$

## 2- قوتوں کی تفریق کے قوانین Laws of Subtraction of Powers

اگر $a$ ایک حقیقی عدد ہو جبکہ $a \neq 0$ اور $m, n$ کوئی سے دو صحیح اعداد ہوں، تو

$$\frac{a^m}{a^n} = a^{m-n}$$

اس کی تین صورتیں ہیں۔

نمبر 1-

جب: $m > n$

$$\frac{a^m}{a^n} = \frac{a \times a \times a \times \cdots \ m \text{ اجزاء تک}}{a \times a \times a \times \cdots \ n \text{ اجزاء تک}}$$
$$= a \times a \times a \times \cdots \ (m-n) \text{ اجزاء تک}$$
$$= a^{m-n}$$

**نمبر-2**

جب: $m = n$

اس صورت میں $\dfrac{a^m}{a^n} = \dfrac{a^m}{a^m} = \dfrac{a \times a \times a \times \cdots \text{ m اجزاءتک}}{a \times a \times a \times \cdots \text{ m اجزاءتک}}$

$= 1$

$= a^o$

$= a^{m-m}$

$= a^{m-n} \left[\because m = n\right]$

ہم $a^{-n}$ کواس طرح بیان کرتے ہیں $a^{-n} = \dfrac{1}{a^n}$ جبکہ $n$ صحیح عدد ہےاور $a$ حقیقی عدد ہےاور $a \neq 0$

**نمبر-3**

جب: $m < n$

اس صورت میں $\dfrac{a^m}{a^n} = \dfrac{a \times a \times a \times \cdots \text{ m اجزاءتک}}{a \times a \times a \times \cdots \text{ n اجزاءتک}}$

$= \dfrac{1}{a \times a \times a \times \cdots \text{ (n − m) اجزاءتک}}$

$= \dfrac{1}{a^{n-m}}$

$= a^{-(n-m)}$

$= a^{-n+m}$

$= a^{m-n}$

پس $\dfrac{a^m}{a^n} = a^{m-n}$ جب کہ $m < n$ یا $m = n$ یا $m > n$

**مثال 1:-** مختصر کیجئے۔ (i) $\frac{x^3\times x^5\times x^6}{x^2\times x^4\times x}$ (ii) $\frac{x^3\times x^4}{x^2\times x^5}$ (iii) $\frac{x^4\times x^5\times x^6}{x^5\times x^6\times x^8}$

**حل:-**

(i) $$\frac{x^3\times x^5\times x^6}{x^2\times x^4\times x} = \frac{x^{3+5+6}}{x^{2+4+1}}$$
$$= \frac{x^{14}}{x^7}$$
$$= x^{14-7}$$
$$= x^7$$

(ii) $$\frac{x^3\times x^4}{x^2\times x^5} = \frac{x^{3+4}}{x^{2+5}}$$
$$= \frac{x^7}{x^7}$$
$$= x^{7-7}$$
$$= x^0$$
$$= 1$$

(iii) $$\frac{x^4\times x^5\times x^6}{x^5\times x^6\times x^8} = \frac{x^{4+5+6}}{x^{5+6+8}}$$
$$= \frac{x^{15}}{x^{19}}$$
$$= x^{15-19}$$
$$= x^{-4}$$

**مثال 2:-** مختصر کیجئے۔ (i) $x^{1/5}\times x^{2/5}$ (ii) $(x^2y^3)^{1/6}$ (iii) $\left(\frac{x^{2/3}}{y^{3/4}}\right)^{1/2}$

**حل:-**

(i) $$x^{1/5}\times x^{2/5}$$
$$= x^{1/5+2/5}$$
$$= x^{\frac{1+2}{5}}$$
$$= x^{\frac{3}{5}}$$

(ii) $$(x^2y^3)^{1/6}$$
$$= x^{2/6}\times y^{3/6}$$
$$= x^{1/3}y^{1/2}$$

(iii) $$\left(\frac{x^{2/3}}{y^{3/4}}\right)^{1/2}$$
$$= \frac{(x^{2/3})^{1/2}}{(y^{3/4})^{1/2}}$$
$$= \frac{x^{1/3}}{y^{3/8}}$$

## 3- حاصل ضرب کی قوت کا قانون Law of Power of Product

اگر $a, b$ حقیقی عدد ہوں اور $a, b \neq 0$ اور $n$ صحیح عدد ہو، تو

$$(i)\ (a\,b)^n = a^n b^n$$

$$(ii)\ \left(\frac{a}{b}\right)^n = \frac{a^n}{b^n}$$

**مثال:-** مختصر کیجئے۔

$(i)\ (x\,y)^3 \quad (ii)\ (x\,y)^6 \quad (iii)\ \left(\frac{x}{y}\right)^5 \quad (iv)\ \left(\frac{x}{y}\right)^4$

**حل:-**

$(i)\quad (x\,y)^3 = x^3 y^3$

$(ii)\quad (x\,y)^6 = x^6 y^6$

$(iii)\quad \left(\frac{x}{y}\right)^5 = \frac{x^5}{y^5}$

$(iv)\quad \left(\frac{x}{y}\right)^4 = \frac{x^4}{y^4}$

## 4- قوتوں کی قوت کا قانون Law of Power of Power

اگر $a$ ایک حقیقی عدد ہو جبکہ $a \neq 0$ اور $m, n$ کوئی سے دو صحیح اعداد ہوں، تو

$$(a^m)^n = a^{m\,n}$$

**مثال:-** مختصر کیجئے۔

$(i)\ (x^3)^4 \quad (ii)\ (x^4)^6$

**حل:-**

$(i)\quad (x^3)^4$
$= x^{3\times4}$
$= x^{12}$

$(ii)\quad (x^4)^6$
$= x^{4\times6}$
$= x^{24}$

## مشق 6.2

1- درج ذیل میں اساس (Base) اور قوت نما (Exponent) لکھیے۔

(i) $16x^3$ (ii) $x^9$ (iii) $(4y)^3$

(iv) $(x-2)^3$ (v) $18x^5$ (vi) $5x^{3/2} \times x^{1/2}$

مختصر کیجئے اور جواب مثبت قوت نما میں لکھیے۔

2- $\sqrt{(a^2b^3)^6}$ 3- $\sqrt[9]{(x^{-4}y^3)^{-3}}$ 4- $(x^a y^{-b})^3 \times (x^3y^2)^{-a}$

5- $\left(\frac{16x^2}{y^{-2}}\right)^{-1/4}$ 6- $\left(\frac{27x^3}{8a^{-3}}\right)^{-2/3}$ 7- $\left(\frac{a^{-1/2}}{4c^2}\right)^{-2}$

8- $\sqrt{a^{-2}b} \times 3\sqrt{ab^{-3}}$ 9- $\left(\frac{a^{-3}}{b^{-2/3}c}\right)^{-3/2} \div \frac{ab^2c}{a^2c}$ 10- $\frac{(a^4)^3(a^{-1}b)^{10}}{a^2b^7}$

11- $\frac{(x^3y)^3\ (2xy)^{-2}}{4x^{-4}y^{-5}}$ 12- $\frac{(a^{-5})^3 \times (ab)^{15}}{a^{-1}b^2}$ 13- $a^5b^4c^2 \div abc$

14- $(2ab^2)^2(3abc^2)^{-2} \div (ab)^{-4}(bca)^5$ 15- $\frac{2^3 \times 6^5}{3^{-3} \times 4^{-4}}$

16- $\frac{2^5 \times 9^{-1}}{27^{-3} \times 8^{-3}}$ 17- $(2^{-3}a^4b)^{-1} \times (4^{-2}b^{-5})$

حل کیجئے۔

18- $(3^2)^5 \div \left[9^3 \times 27^{-1}\right]$ 19- $\left(\frac{3}{4}\right)^{-2} \div \left(\left(\frac{4}{9}\right)^3 \times \left(\frac{27}{16}\right)^{-1}\right)$

20- $\left(\frac{2}{3}\right)^{-1} \div \left(\left(\frac{4}{9}\right)^{-2} \times 27\right)$ 21- $\frac{5^4}{3^7} \times \left(\frac{9}{15}\right)^3 \div \frac{27}{25}$

22- $a^{1/2}b^{2/3} \times a^{2/3}b^{1/4}$ 23- $a^{2/3}b^{5/6} \times a^{1/2}b \div (ab)^{1/3}$

24- $(a^{1/2}b^{1/3}c^{1/4})^6$ 25- $(a^{1/2}b^{1/3})^{4/3} \div (a^{1/3}b^{1/4})^{1/2}$

26- $a^{2/3} \times a^{1/2} \div a^{1/4}$

**27-** درج ذیل میں سے ہر ایک کو مختصر کیجیے۔

(i) $4^{3/5} \times 4^{1/5}$    (ii) $2^{1/8} \times 2^{3/8}$

(iii) $x^{3/4} \times x^{2/5}$    (iv) $5x^{1/3} \times 2x^{1/5}$

(v) $\frac{1}{2}y^{3/7} \times 4y^{2/7}$    (vi) $5x^{3/2} \times x^{1/2}$

**28-** درج ذیل میں سے ہر ایک کو مختصر کیجیے۔

(i) $a^{2/3}b^{3/4} \times a^{1/3}b^{3/4}$    (ii) $x^{3/5}y^{2/9} \times x^{1/5}y^{1/3}$

(iii) $2ab^{1/3} \times 3a^{3/5}b^{4/5}$    (iv) $6x^{3/7} \times \frac{1}{3}x^{1/4}y^{2/5}$

(v) $x^3y^{1/2}z^{1/3} \times x^{1/6}y^{1/3}z^{1/2}$

**29-** درج ذیل میں سے ہر ایک کو مختصر کیجیے۔

(i) $3^{1/2} \div 3^{1/3}$    (ii) $\frac{x^{4/4}}{x^{5/9}}$    (iii) $\frac{2x^{3/4}}{4x^{3/5}}$

(iv) $\frac{25y^{3/5}}{20y^{1/4}}$    (v) $x^3y^2 \div x^{4/3}y^{3/5}$    (vi) $a^{5/9}b^{2/3} \div a^{2/5}b^{2/5}$

(vii) $10x^{4/5}y \div 5x^{2/3}y^{1/4}$    (viii) $\frac{5a^{3/4}b^{3/5}}{20a^{1/5}b^{1/4}}$

## 6.3 سائنسی ترقیم SCIENTIFIC NOTATION

سائنس کی کچھ شاخوں میں ہم بہت بڑے اور بہت چھوٹے اعداد استعمال کرتے ہیں۔ روشنی کی رفتار 186000 میل (یا 29933.24 کلومیٹر) فی سیکنڈ یا 30,000,000,000 سینٹی میٹر فی سیکنڈ ہے۔ ہائیڈروجن ایٹم کا رداس 0.00000073 سینٹی میٹر بالترتیب بہت بڑے اور بہت چھوٹے اعداد کی مثالیں ہیں۔ ایکس رے (X-Ray) کا طول موج 0,0000001 سینٹی میٹر ایک اور بہت چھوٹے عدد کی مثال ہے۔

ان اعداد کو لکھنے کا ایک آسان طریقہ دریافت کیا گیا ہے جسے سائنسی ترقیم کہتے ہیں۔

اس طریقہ میں ایک عدد 'a' کو دو اعداد کے حاصل ضرب کے طور پر لکھا جاتا ہے جن میں ایک عدد صفر اور 10 کے درمیان ہوتا ہے اور دوسرا عدد 10 کے مثبت یا منفی قوت نما کی صورت میں ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر

$$a = b \times 10^n$$

**مثال 1:-** درج ذیل کو سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

(i) 100 (ii) 1000 (iii) 10000 (iv) $\frac{1}{1000}$ (v) $\frac{1}{10000}$

**حل:-**

(i) $100 = 1 \times 10^2$

(ii) $1000 = 1 \times 10^3$

(iii) $10000 = 1 \times 10^4$

(iv) $\frac{1}{1000} = 1 \times 10^{-3}$

(v) $\frac{1}{10000} = 1 \times 10^{-4}$

**مثال 2:-** درج ذیل کو سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

(i) 90.85 (ii) 112.3 (iii) 12.35 (iv) 0.00018 (v) 0.0000281

**حل:-**

(i) $90.85 = \frac{9085}{100}$

$= 9085 \times 10^{-2}$

$= 9.085 \times 10^3 \times 10^{-2}$

$= 9.085 \times 10^{3-2}$

$= 9.085 \times 10^1$

*(ii)* 112.3

$$= \frac{1123}{10}$$
$$= 1123 \times 10^{-1}$$
$$= 1.123 \times 10^{3} \times 10^{-1}$$
$$= 1.123 \times 10^{2}$$
$$= 1.123 \times 10^{2}$$

*(iii)* 12.35

$$= \frac{1235}{100}$$
$$= 1235 \times 10^{-2}$$
$$= 1.235 \times 10^{+3} \times 10^{-2}$$
$$= 1.235 \times 10^{+3-2}$$
$$= 1.235 \times 10$$

*(iv)* 0.00018

$$= \frac{18}{100000}$$
$$= 18 \times 10^{-5}$$
$$= 1.8 \times 10 \times 10^{-5}$$
$$= 1.8 \times 10^{-4}$$

*(v)* 0.0000281

$$= \frac{281}{10000000}$$
$$= 281 \times 10^{-7}$$
$$= 2.81 \times 10^{2} \times 10^{-7}$$
$$= 2.81 \times 10^{2-7}$$
$$= 2.81 \times 10^{-5}$$

سائنسی ترقیم میں مثبت عدد کو دو اعداد کے حاصل ضرب کے طور پر لکھا جاتا ہے۔اس میں پہلے عدد کو دیئے گئے عدد کے بائیں جانب سے پہلے ہندسے کے بعد اعشاریہ لگا کر حاصل کیا جاتا ہے۔

دوسرے عدد کے لیے 10 کا قوت نما حاصل کرنے کے لیے ہم ہندسوں کی تعداد کو گنتے ہیں جو کہ اعشاریہ کی اصل جگہ اور نئی جگہ کے درمیان آتے ہیں۔اگر اعشاریہ کی جگہ بائیں جانب بدل دی جائے تو 10 کی قوت مثبت جب کہ دائیں جانب تبدیل کرنے سے 10 کی قوت منفی ہوگی۔

مثال 1:-

$18.42 \times 10^{-4}$ کو اعشاریہ کی شکل میں لکھیے۔

حل:-

$$18.42 \times 10^{-4}$$

$$= \frac{1842}{100} \times 10^{-4}$$

$$= \frac{1842}{100 \times 10^{4}}$$

$$= \frac{1842}{1000000}$$

$$= 0.001842$$

مثال 2:-

50,00,000 کو سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

حل:-

$$50,000,000$$

$$= 5 \times 10000000$$

$$= 5 \times 10^{7}$$

# مشق 6.3

درج ذیل کو سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

1- $0.051$ 2- $89.99$

3- $0.424$ 4- $2566324$

5- $0.00000075$

اعشاریہ کی شکل میں لکھیے۔

6- $0.86\times10^{4}$ 7- $1.345\times10^{-5}$

8- $5.1\times10^{-9}$ 9- $0.525\times10^{-7}$

10- $636.5\times10^{-6}$

مختصر کیجئے اور جواب سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

11- $\dfrac{0.96\times10^{7}}{2\times10^{4}}$ 12- $\dfrac{2.61\times4\times10^{8}}{10^{3}}$

13- $\dfrac{521\times10^{3}\times12}{2\times10^{2}}$

-14 $4.5\times10^{5}$ سینٹی میٹر کو میٹر میں تبدیل کیجئے اور جواب اعشاریہ کی شکل میں لکھیے۔

-15 زمین کا رداس 6400 کلو میٹر ہے اسے میٹر میں تبدیل کیجئے اور جواب کو سائنسی ترقیم میں لکھیے۔

## 6.4 لوگارتھم LOGARITHM

الخوارزی نے لوگارتھم کے لیے کافی کام کیا۔ سترویں صدی میں جان نیپئر (John Napier) نے لوگارتھم میں مزید تبدیلیاں کیں اور اس کے لیے ایک جدول تیار کیا۔ اس نے ان جدول کے لیے ایک اساس 'e' تیار کیا۔ 'e' کی قیمت 2.7183 ہے۔ جان نیپئر اور ہینری برگز (Henry Briggs) نے اساس 10 کا جدول تیار کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنایا۔ بعد میں ہینری برگز نے منصوبہ کو مکمل کیا اور اساس 10 میں جدول تیار کیے۔

سوئٹزرلینڈ کے جابسٹ برگی (Jobst Burgi) نے 1620 عیسوی میں اینٹی لوگارتھم کے لیے ایک جدول تیار کیا۔ اعداد پر حسابی عوامل کو ان جدولوں کے استعمال نے آسان بنا دیا۔

### 6.4.1 کسی عدد کا لوگارتھم Logarithm of a Number

فرض کیا، $a > 0$ اور $a \neq 1$ اگر $y$ ایک مثبت عدد ہو تو

$x = \log_a y$ اگر اور صرف اگر $a^x = y$

$$a^x = y \Leftrightarrow \log_a y = x \quad ................(1)$$

($\log_a y$ کو اس طرح بیان کیجئے "$y$ کا لوگارتھم اساس '$a$' کے ساتھ")

**مثال 1:-** درج ذیل کو قوتِ نمائی شکل میں تبدیل کیجئے۔

(i) $\log_5 25 = 2$ (ii) $\log_3 \frac{1}{9} = -2$ (iii) $\log_{10} 1000 = 3$

**حل:-** $\log_a y = x \Leftrightarrow a^x = y$ کو استعمال کرتے ہوئے۔

(i) $\log_5 25 = 2 \Leftrightarrow 5^2 = 25$

(ii) $\log_3 \frac{1}{9} = -2 \Leftrightarrow 3^{-2} = \frac{1}{9}$

(iii) $\log_{10} 1000 = 3 \Leftrightarrow 10^3 = 1000$

**مثال 2:-** $\log_3(x+1) = 2$ کو حل کیجئے۔

**حل:-** $\log_a y = x \Leftrightarrow a^x = y$ کو استعمال کرتے ہوئے۔

$3^2 = x + 1$ یا $x + 1 = 9$

$\Rightarrow x = 8$

## 6.4.2 کامن لوگارتھم Common Logarithm

اساس 10 میں شمار کیا گیا لوگارتھم کامن لوگارتھم کہلاتا ہے۔ ہم $log_{10}m$ کو صرف $log\ m$ سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$10^1 = 10 \Leftrightarrow \log 10 = 1\ ;\ 10^2 = 100 \Leftrightarrow \log 100 = 2$$

$$10^3 = 1000 \Leftrightarrow \log 1000 = 3. etc.$$

$$10^{-1} = \frac{1}{10} = 0.1 \Leftrightarrow \log (0.1) = -1,$$

$$10^{-2} = \frac{1}{100} = 0.01 \Leftrightarrow \log (0.01) = -2$$

مثال:- حل کیجئے۔ $(i)\ \log\ (x-2) = 1 \qquad (ii)\ \log\ (x+3) = 2$

حل:-

$\log_a y = x \Leftrightarrow a^x = y$ کو استعمال کرتے ہوئے۔

$$(i)\ \log\ (x-2) = 1 \quad \Rightarrow \quad 10^1 = x-2 \quad \Rightarrow \quad x-2 = 10$$

$$\Rightarrow \quad \boxed{x = 12}$$

$$(ii)\ \log\ (x+3) = 2 \quad \Rightarrow \quad x+3 = 10^2 \quad \Rightarrow \quad x+3 = 100$$

$$\Rightarrow \quad \boxed{x = 97}$$

## خاصہ اور مینٹیسا Characteristic and Mantissa of a Log of a Number

کسی عدد کے لوگارتھم کے دو حصے ہوتے ہیں۔ صحیح عددی حصے کو خاصہ (Charatiristic) اور کسری حصے کو مینٹیسا (mantissa) کہتے ہیں۔

مینٹیسا کو ہمیشہ مثبت لیا جاتا ہے۔ جبکہ خاصہ صفر، مثبت یا منفی ہوسکتا ہے۔ جب خاصہ منفی ہو تو ہم اس ہندسے پر لائن (Bar) لگا دیتے ہیں۔ جو خاصہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یعنی ہم $-2$ کو $\bar{2}$ لکھتے ہیں۔ $\bar{2}.7638$ کا مطلب $-2 + 0.7638$ ہے۔

## 6.4.3 عدد کا لوگارتھم معلوم کرنا Finding the Logarithm of a Number

### عدد کا خاصہ Characteristic of a Number

فرض کیا عدد $m \times 10^p$ ہے تب خاصہ 'p' ہے یا

(i) اگر کوئی عدد ایک یا ایک سے زیادہ ہے تو اس کا خاصہ (Characteristic) کسر اعشاریہ (Decimal point) کی بائیں طرف کے ہندسوں کی تعداد سے ایک کم ہوگا۔

(ii) اگر کوئی عدد ایک سے کم ہو تو اس کا خاصہ منفی (Negative number) ہو گا جس کی عددی قیمت (Numerical value) عدد کے اعشاریہ اور پہلے نمایاں ہندسہ کے درمیان صفروں کی تعداد سے ایک زیادہ ہوگی۔

مثال کے طور پر:

| عدد | معیاری شکل | خاصہ |
|---|---|---|
| 5376.4 | $5.3764 \times 10^3$ | 3 |
| 537.64 | $5.3764 \times 10^2$ | 2 |
| 53.764 | $5.3764 \times 10^1$ | 1 |
| 5.3764 | $5.3764 \times 10^0$ | 0 |
| 0.5376 | $5.376 \times 10^{-1}$ | $\bar{1}$ |
| 0.0537 | $5.37 \times 10^{-2}$ | $\bar{2}$ |
| 0.00537 | $5.37 \times 10^{-3}$ | $\bar{3}$ |
| 0.0000046 | $4.6 \times 10^{-6}$ | $\bar{6}$ |

### عدد کا مینٹیسا Mantissa of a Number

ہم مینٹیسا کو لوگارتھم کے جدول کی مدد سے معلوم کرتے ہیں۔ مینٹیسا معلوم کرنے کے لیے کسی عدد میں نقطہ اعشاریہ کے مقام کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ ہم اپنے آپ کو صرف چار ہندسی عدد کے مینٹیسا معلوم کرنے تک پابند رکھتے ہیں۔ مثلاً

log(45), log(.45), log(.045), log(.0045) کا مینٹیسا ایک ہی عدد ہے۔ مینٹیسا ہمیشہ صفر سے بڑا اور ایک سے چھوٹا عدد ہوتا ہے۔

(i) لوگارتھم کے جدول کی مدد سے 4385 کا مینٹیسا معلوم کرنے کے لیے ہم 43 کی قطار میں سیدھا جاتے ہوئے عدد 8 کے کالم میں ایک عدد معلوم کرتے ہیں اس عدد میں پانچ کے کالم میں اسی قطار میں (Mean difference) معلوم کر کے جمع کرتے ہیں۔

پس 4385 کا مینٹیسا $.6420 = (6415+5)$ ہے۔

(ii) لوگارتھم کی مدد سے 438 کا مینٹیسا معلوم کرنے کے لیے ہم 43 کی قطار میں سیدھا جاتے ہوئے 8 کے کالم میں عدد معلوم کرتے ہیں جو کہ 0.6415 ہے۔

(iii) لوگارتھم کی مدد سے 43 کا مینٹیسا معلوم کرنے کے لیے ہم 43 کی قطار میں سیدھا جاتے ہوئے صفر کے کالم میں عدد معلوم کرتے ہیں جو کہ 0.6335 ہے۔

(iv) لوگارتھم کی مدد سے 4 کا مینٹیسا معلوم کرنے کے لیے ہم 40 کی قطار میں سیدھا جاتے ہوئے صفر کے کالم میں عدد معلوم کرتے ہیں جو کہ 0.6021 ہے۔

پس ہمارے پاس:

$\log 4385 = 3.6420$ , $\log 0.4385 = \bar{1}.6420$

$\log 438.5 = 2.6420$ , $\log 0.04385 = \bar{2}.6420$

$\log 43.85 = 1.6420$ , $\log 0.004385 = \bar{3}.6420$

$\log 4.385 = 0.6021$ , $\log 0.0004385 = \bar{4}.6420$

اور $\log 43 = 1.6415$

$\log 4.3 = 0.6415$

مزید $\log 4 = 0.6021$

$\log .04 = \bar{2}.6021$

## 6.4.4 اینٹی لوگارتھم کا تصور Concept of Antilogarithm

$\log m = n$ سے مراد ہے کہ $m = n$ اینٹی لوگارتھم اسی طرح $\log 1000 = 3$ سے مراد ہے $1000 = 3$ اینٹی لوگارتھم

کسی عدد کا اینٹی لوگارتھم معلوم کرنے کے لیے ہم عدد کا کسری حصہ استعمال کرتے ہیں اور اینٹی لوگارتھم جدول کو اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح ہم لوگارتھم جدول پڑھتے ہیں۔

اینٹی لوگارتھم جدول سے متعلقہ عدد معلوم کرنے کے بعد ہم نقطہ اعشاریہ کو اس طرح لگاتے ہیں۔

## نمبر1-

جب خاصہ'n' ہوتو نقطہ اعشاریہ کو $(n+1)th$ ہندسہ کے بعد لگاتے ہیں۔

مثلاً اگر ہم 0.2346 اینٹی لوگارتھم معلوم کرنا چاہتے ہیں تو

(i) عدد $= 0.2346$

خاصہ $= n = 0$

مینٹیسا $= .2346$

اینٹی لوگارتھم جدول سے مینٹیسا 2346. کے لیے 1724 ہے۔ چونکہ خاصہ صفر ہے یعنی $n = 0$، اس لیے نقطہ اعشاریہ $(0 + 1)th$ یا بائیں طرف سے پہلے ہندسہ کے بعد عدد 1724 میں لگایا جاتا ہے۔

پس اینٹی لوگارتھم $0.2346 = 1.724$

(ii) اگر ہم 2.6019 اینٹی لوگارتھم معلوم کرنا چاہتے ہیں تو

عدد $= 2.6019$

خاصہ $= n = 2$

مینٹیسا $= .6019$

اینٹی لوگارتھم جدول کی مدد سے مینٹیسا 6019. کے لیے عدد 3998 ہے۔ نقطہ اعشاریہ کو $(2 + 1)th$ ہندسہ یا عدد کے بائیں طرف سے تیسرے ہندسے کے بعد لگایا جائے گا۔

پس اینٹی لوگارتھم $2.6019 = 399.8$

(iii) اسی طرح اگر ہم 5.2612 اینٹی لوگارتھم معلوم کرنا چاہتے ہیں تو

عدد $= 5.2612$

خاصہ $= n = 5$

مینٹیسا $= .2612$

اینٹی لوگارتھم جدول کی مدد سے مینٹیسا 0.2612 کے لیے عدد 1825 ہے۔ نقطہ اعشاریہ $(5 + 1)th$ ہندسہ کے بعد عدد 1825 کے بائیں طرف سے چھٹے ہندسے کے بعد لگایا جائے گا۔

پس اینٹی لوگارتھم $5.2612 = 182500.00$

عدد 1825 میں چار ہندسے ہیں اس لیے ہم اس عدد کے دائیں طرف دو صفر لگا کر اسے 6 ہندسی عدد بنا دیتے ہیں۔ ان دو صفر کے بعد نقطہ اعشاریہ لگایا جائے گا۔

## نمبر 2-

جب خاصہ $\bar{n}$ ہو تو نقطہ اعشاریہ اس طرح لگایا جاتا ہے کہ پہلا نمایاں عدد $n$ ویں درجہ پر ہوگا۔

مثلاً اگر ہم $\bar{1}.4356$ اینٹی لوگارتھم معلوم کرنا چاہتے ہوں تو

(i) عدد $= \bar{1}.4356$

خاصہ $= \bar{n} = \bar{1}$

مینٹیسا $= .4356$

اینٹی لوگارتھم جدول کی مدد سے مینٹیسا 0.4356 کے لیے عدد 2727 ہے۔ چونکہ، $\bar{n} = \bar{1}$ اس سے پہلا نمایاں عدد نقطہ اعشاریہ سے پہلے درجہ پر ہوگا۔

پس $\bar{1}.4356 = 0.2727$ اینٹی لوگارتھم

(ii) اسی طرح اگر ہم $\bar{3}.1459$ اینٹی لوگارتھم معلوم کرنا چاہتے ہوں تو

عدد $= \bar{3}.1459$

خاصہ $= \bar{n} = \bar{3}$

مینٹیسا $= .1459$

اینٹی لوگارتھم جدول کی مدد سے مینٹیسا 0.1459 کے لیے عدد 1399 ہے۔ چونکہ، $\bar{n} = \bar{3}$ اس لیے ایک نمایاں عدد نقطہ اعشاریہ کے بعد تیسرے درجہ پر ہوگا۔

پس $\bar{3}.1459 = 0.001399$ اینٹی لوگارتھم

مثال 1:- قیمت معلوم کیجئے۔

(i) اینٹی لوگارتھم 0.654 (ii) اینٹی لوگارتھم 1.204

(iii) اینٹی لوگارتھم $\bar{1}.3612$ (iv) اینٹی لوگارتھم $\bar{3}.4568$

حل:-

(i) اینٹی لوگارتھم (0.654) $= 4.508$

(ii) اینٹی لوگارتھم (1.204) $= 16.00$

(iii) اینٹی لوگارتھم ($\bar{1}.3612$) $= 0.2297$

(iv) اینٹی لوگارتھم ($\bar{3}.4568$) $= 0.002863$

مثال 2:-

(i) $\bar{1}.3612,\ 3.1946,\ \bar{2}.0018$ اور $\bar{3}.4619$ کو جمع کیجئے۔

(ii) 2.1375 میں سے $\bar{4}.6342$ تفریق کیجئے۔

(iii) $\bar{3}.4103$ کو 6 سے ضرب دیجئے۔

(iv) $\bar{5}.1820$ کو 15 سے تقسیم کیجئے۔

حل:-

(i) $\bar{1}.3612 + 3.1946 + \bar{2}.0018 + \bar{3}.4619$

$$= -1 + 0.3612 + 3.1946 - 2 + 0.0018 - 3 + 0.4619$$

$$= -6 + (.3612 + 3.1946 + .0018 + .4619)$$

$$= -6 + (4.0195)$$

$$= -2 + 0.0195$$

$$= \bar{2}.0195$$

$$(ii)\ 2.1375-\bar{4}.6342 = 2.1375-[-4+.6342]$$
$$= 2.1375+4-.6342$$
$$= 6.1375-.6342$$
$$= 5.5033$$

$$(iii)\ \bar{3}.4103\times 6 = (-3+.4103)\times 6$$
$$= -18+2.4618$$
$$= (-18+2)+.4618$$
$$= -16+.4618$$
$$= \overline{16}.4618$$

$$(iv)\ (\bar{5}.1820)\div 15 = (-5.1820)\div 15$$
$$= (-5+.1820)\div 15$$
$$= -4.9180\div 15$$
$$= -0.3212$$
$$= -1+(1-(.3212))$$
$$= \bar{1}.6788$$

## مثال 3:-

(i) اگر $\log x = 0.5019$ ہو تو x معلوم کیجئے۔

(ii) اگر $\log x = \bar{2}.5321$ ہو تو x معلوم کیجئے۔

حل:-

(i) $\log x = 0.5019$

$\log x$ کا خاصہ $= 0$

$\log x$ کا مینٹیسا $= .5019$

اینٹی لوگارتھم کے جدول سے مینٹیسا کے لیے ہمارے پاس جو عدد ہے وہ

$$0.5019 = 3170+7 = 3177$$

چونکہ خاصہ صفر ہے اس لیے نقطہ اعشاریہ $(1 + 0)$ ویں ہندسے یعنی 3 کے بعد لگایا جاتا ہے۔

$x =$ اینٹی لوگارتھم $(0.0519)$

$x = 3.177$

(ii) $\log x = \bar{2}.5321$

$\log x$ کا خاصہ $= \bar{2}$

$\log x$ کا مینٹسا $= .5321$

اب اینٹی لوگارتھم جدول میں ہمارے پاس مینٹیسا کے لیے عدد ہے۔

$.5321 = 3404 + 1 = 3405$

چونکہ خاصہ $\bar{2}$ ہے اس لیے نقطہ اعشاریہ کو اس طرح لگایا جائے گا کہ ہمارے پاس پہلا نمایاں عدد اعشاریہ کے بعد دوسرے درجہ پر ہو۔

$x =$ اینٹی لوگارتھم $\bar{2}.5321$

$= 0.03405$

پس $x = 0.03405$

## مشق 6.4

-1 درج ذیل میں دیئے گئے اعداد کا خاصہ لکھیے۔

(i) 6350 (ii) 2035.6 (iii) 2.057

(iv) 0.8657 (v) 0.0732 (vi) 0.000721

-2 درج ذیل کی قیمت لکھیے۔

(i) $\log 52.13$ (ii) $\log 6.304$ (iii) $\log 0.6127$

(iv) $\log 0.0057$ (v) $\log 0.00003$

-3 اگر $\log 6374 = 3.8044$ ہو تو درج ذیل کی قیمت معلوم کیجیے۔

(i) $\log 6.374$ (ii) $\log 0.6374$ (iii) $\log 0.00637$

-4 (i) اگر $\log x = \bar{2}.0374$ ہو تو $x$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

(ii) اگر $\log x = 0.1597$ ہو تو $x$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

(iii) اگر $\log x = 4.4236$ ہو تو $x$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

## 6.5 لوگارتھم کے قوانین LAWS OF LOGARITHM

(i) $\log_a (m n) = \log_a m + \log_a n$

(ii) $\log_a \left(\frac{m}{n}\right) = \log_a m - \log_a n$

(iii) $\log_a m^n = n \log_a m$

ثبوت:

(i) اگر $m$ اور $n$ مثبت حقیقی اعداد ہوں اور $a$ ایک ممکن اساس ہو تو فرض کیجئے کہ

$$x = \log_a m \text{ ..........(i)}$$
$$y = \log_a n \text{ ..........(ii)}$$

اس لیے $a^x = m, \; a^y = n$

پس $m n = a^x . a^y = a^{x+y}$

اس طرح $\log_a m n = x + y$

$$= x + y$$

$x$ اور $y$ کی قیمتیں (i) اور (ii) کی مدد سے درج کرنے سے $\boxed{\log_a m n = \log_a m + \log_a n}$

(ii) اگر $m$ اور $n$ مثبت حقیقی اعداد ہوں اور $a$ ایک ممکن اساس ہے (جبکہ $a > 1$) تو فرض کیجئے کہ۔

$$x = \log_a m \text{ ...(i)}$$
$$y = \log_a n \text{ ...(ii)}$$

اس لیے $a^x = m, \; a^y = n$

$$\frac{m}{n} = \frac{a^x}{a^y}$$
$$= a^x . a^{-y}$$
$$= a^{x-y}$$

$$\log_a\left(\frac{m}{n}\right) = x - y$$

x اور y کی قیمتیں (i) اور (ii) کی مدد سے درج کرنے سے $\boxed{\log_a\left(\frac{m}{n}\right) = \log_a m - \log_a n}$

(iii) فرض کیجئے کہ $x = \log_a m$

$$a^x = m$$

اور $(a^x)^n = m^n$

$$m^n = (a^x)^n$$

$$= a^{nx}$$

اس لیے $\log_a m^n = nx$

x کی قیمت درج کرنے سے $\boxed{\log_a m^n = n\log_a m}$

## 6.6 لوگارتھم کا استعمال APPLICATION OF LOGARITHM

اساس 10 میں لوگارتھم کو کامن لوگارتھم کہتے ہیں۔ ہم $\log_{10} m$ کو $\log m$ سے ظاہر کریں گے۔

**مثال 1:-** ثابت کیجئے۔

(i) $3\log 2 + \log 5 = \log 40$

(ii) $\log 2 + 2\log 5 - \log 3 - 2\log 7 = \log\left(\frac{50}{147}\right)$

(iii) $\log\left(\frac{9}{14}\right) + \log\left(\frac{35}{24}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right) = 0$

(iv) $7\log\left(\frac{16}{15}\right) + 5\log\left(\frac{25}{24}\right) + 3\log\left(\frac{81}{80}\right) = \log 2$

حل:-

$$(i)\ L.H.S = 3\log 2 + \log 5$$

$$= \log 2^3 + \log 5$$

$$= \log 8 + \log 5$$

$$= \log (8 \times 5)$$

$$= \log 40$$

$$= R.H.S$$

پس $3\log 2 + \log 5 = \log 40$

$$(ii)\ L.H.S\ \log 2 + 2\log 5 - \log 3 - 2\log 7$$

$$= \log 2 + \log 5^2 - (\log 3 + 2\log 7)$$

$$= \log 2 + \log 25 - (\log 3 + \log 7^2)$$

$$= \log(2 \times 25) - (\log 3 + \log 49)$$

$$= \log(50) - (\log 3 \times 49)$$

$$= \log 50 - \log 147$$

$$= \log\left(\frac{50}{147}\right)$$

$$= R.H.S$$

$$(iii)\ L.H.S = \log\left(\frac{9}{14}\right) + \log\left(\frac{35}{24}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right)$$

$$= \log\left(\frac{9}{14} \times \frac{35}{24}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right)$$

$$= \log\left(\frac{3}{2}\times\frac{5}{8}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right)$$

$$= \log\left(\frac{15}{16}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right)$$

$$= 0$$

$$= R.H.S$$

پس $\log\left(\frac{9}{14}\right) + \log\left(\frac{35}{25}\right) - \log\left(\frac{15}{16}\right) = 0$

(iv) $L.H.S = 7\log\left(\frac{16}{15}\right) + 5\log\left(\frac{25}{24}\right) + 3\log\left(\frac{81}{80}\right)$

$$= \log\left(\frac{16}{15}\right)^7 + \log\left(\frac{25}{24}\right)^5 + \log\left(\frac{81}{80}\right)^3$$

$$= \log\left[\left(\frac{16}{15}\right)^7 \times \left(\frac{25}{24}\right)^5 \times \left(\frac{81}{80}\right)^3\right]$$

$$= \log\left[\left(\frac{2^4}{3\times 5}\right)^7 \times \left(\frac{5^2}{2^3\times 3}\right)^5 \times \left(\frac{3^4}{2^4\times 5}\right)^3\right]$$

$$= \log\left[\frac{2^{28}}{3^7\times 5^7} \times \frac{5^{10}}{2^{15}\times 3^5} \times \frac{3^{12}}{2^{12}\times 5^3}\right]$$

$$= \log\left[2^{28-15-12} \times 5^{10-7-3} \times 3^{12-7-5}\right]$$

$$= \log\left[2^1 \times 5^0 \times 3^0\right]$$

$$= \log[2\times 1\times 1]$$

$$= \log 2$$

$$= R.H.S$$

مثال 2:- حل کیجئے۔

(i) $\frac{\log 32}{\log 4}$ (ii) $\frac{\log 27}{\log 9}$

حل:-

(i) $$\frac{\log 32}{\log 4} = \frac{\log 2^5}{\log 2^2}$$
$$= \frac{5\log 2}{2\log 2}$$
$$= \frac{5}{2}$$

پس $$\frac{\log 32}{\log 4} = \frac{5}{2}$$

(ii) $$\frac{\log 27}{\log 9} = \frac{\log 3^3}{\log 3^2}$$
$$= \frac{3\log 3}{2\log 3}$$
$$= \frac{3}{2}$$

پس $$\frac{\log 27}{\log 9} = \frac{3}{2}$$

مثال 3:- لوگارتھم کا جدول استعمال کیے بغیر مختصر کیجئے۔

(i) $\log 5 + \log 6 - \log 2$

(ii) $\log 88.44 + \log 66.76 - \log 48.55$

(iii) $\log 7.44 + \log 5 + \log 99 - \log 7$

حل:-

(i) $\log 5 + \log 6 - \log 2$
$$= \log(5\times 6) - \log 2$$
$$= \log\left(\frac{5\times 6}{2}\right)$$

(ii) $\log 88.44 + \log 66.76 - \log 48.55$

$$= \log(88.44 \times 66.76) - \log 48.55$$

$$= \log\left(\frac{88.44 \times 66.76}{48.55}\right)$$

(iii) $\log 7.44 + \log 5 + \log 99 - \log 7$

$$= \log(7.44 \times 5 \times 99) - \log 7$$

$$= \log\left(\frac{7.44 \times 5 \times 99}{7}\right)$$

مثال 4:- $\frac{25.36 \times 2.4569}{847.5}$ کو لوگارتھم کے جدول کی مدد سے حل کیجئے۔

حل:- فرض کیا: $x = \frac{25.36 \times 2.4569}{847.5}$

تب $\log x = \log\left(\frac{25.36 \times 2.4569}{847.5}\right)$

$$= \log(25.36 \times 2.4569) - \log(847.5)$$

$$= \log(25.36) + \log(2.4569) - \log(847.5)$$

$$= 1.4041 + 0.3903 - 2.9281$$

$$= -1.1337 = -1 - 0.1337$$

$$= -1 - 1 + 1 - 0.1337$$

$$= -2 + 0.8663$$

$x =$ اینٹی لوگارتھم $(\bar{2}.8663)$

$$x = 0.07351$$

## مثال 5:-

$\dfrac{8492\times 3.72}{47.82\times 52.24}$ کو لوگارتھم کے جدول کی مدد سے حل کیجئے۔

**حل:-** فرض کیا: $x = \dfrac{8492\times 3.72}{47.8\times 52.24}$

تب

$$\log x = \log\left(\frac{8492\times 3.72}{47.8\times 52.24}\right)$$

$$= \log(8432\times 3.72) - \log(47.8\times 52.24)$$

$$= \log 8492 + \log 3.72 - (\log 47.8 + \log 52.24)$$

$$= \log 8492 + \log 3.72 - \log 47.8 - \log 52.24$$

$$= 3.9290 + 0.5705 - 1.6794 - 1.7180$$

$$= 4.4995 - 3.3974$$

$$= 1.1021$$

$x =$ اینٹی لوگارتھم $(1.1021)$

$= 12.65$

پس دی ہوئی مساوی کی قیمت $= 12.65$

## مشق 6.5

1- حل کیجئے۔

(i) $\frac{\log 81}{\log 9}$ (ii) $\frac{\log 36}{\log 6}$ (iii) $\frac{\log 243}{\log 9}$

2- حل کیجئے۔

(i) $\log 5 + \log 4 + \log 3 - \log 6$

(ii) $\log 5 + \log 20 + \log 24 + \log 25 - \log 60$

(iii) $2\log 3 + 3\log 4 + 4\log 5 - 2\log 6$

(iv) $2\log 5 + \log 8 - \frac{1}{2}\log 4$

(v) $\log 200 + \log 5$

(جبکہ $\log 5 = \log\left(\frac{10}{2}\right) = \log 10 - \log 2 = 1 - \log 2$)

3- لوگارتھم کا جدول استعمال کیے بغیر حل کیجئے۔

(i) $\log 1.3472 + \log 22.79 - \log 5$

(ii) $\log 22.13 + \log 0.354 + \log 7 - \log 3$

(iii) $\log 57.86 + \log 4.385 - \log 2.391 - \log 3.072$

4- لوگارتھم کے جدول کی مدد سے حل کیجئے۔

(i) $\frac{2.38 \times 3.901}{4.83}$ (ii) $\frac{8.67 \times 3.94}{1.78}$

(iii) $\frac{25.36 \times 3.4569}{9.87 \times 8.93}$

**5-** ثابت کیجئے۔

(i) $\log\left(\frac{a^2}{bc}\right)+\log\left(\frac{b^2}{ca}\right)+\log\left(\frac{c^2}{ab}\right)=0$

(ii) $3\log 2+2\log 3+\log 5=\log 360$

(iii) $5\log 3-\log 9=\log 27$

(iv) $\log\left(\frac{75}{16}\right)+\log\left(\frac{32}{243}\right)-2\log\left(\frac{5}{9}\right)=\log 2$

(v) $2\log\left(\frac{11}{13}\right)+\log\left(\frac{130}{77}\right)-\log\left(\frac{55}{91}\right)=\log 2$

**6-** ثابت کیجئے۔ $3\log 4+2\log 5-\frac{1}{3}\log 64-\frac{1}{2}\log 16=2$

**7-** ثابت کیجئے۔ $\log(1\times 2\times 3)=\log 1+\log 2+\log 3$

**8-** لوگارتھم کا جدول استعمال کیجئے اور درج ذیل کو حل کیجئے۔

(i) $69.13\times 0.34\times 0.014$ (ii) $\frac{8.67\times 3.94}{1.78}$ (iii) $\frac{4}{3}\times 3.142\times(1.5)^3$

(iv) $\frac{(25.36)^2\times(0.4569)}{847.5}$ (v) $\frac{0.9876\times(16.42)^2}{(4.567)^{1/3}}$

(vi) $\sqrt{\frac{\sqrt[3]{0.0125}\times\sqrt{31.15}}{0.00081}}$ (vii) $\frac{(6.45)^3\times(0.00034)^{1/3}\times(981.9)}{(9.37)^2\times(8.93)^{1/4}\times(0.0617)}$

(viii) $\frac{(0.0437)^{2/3}\times(1.407)^2}{(0.0015)^{1/3}\times(1.235)^{1/7}}$

**9-** اگر $v=\sqrt{\frac{g\ell}{2\pi}}$ ہو تو $v$ معلوم کیجئے جبکہ $\ell=150,\ g=32.16,\ \pi=3.142$

**10-** اگر $H=\frac{I^2Rt}{4.2}$ ہو تو $H$ معلوم کیجئے جبکہ $I=1.3,\ R=6.7$ اور $t=25$

**11-** اگر $h=\frac{v}{\pi(R^2-r^2)}$ ہو تو $h$ معلوم کیجئے جبکہ $v=1190,\ R=83.6,\ r=62.4$ اور $\pi=3.14$

# جائزہ مشق 6

-1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) $\sqrt{3}$ کیسا عدد ہے؟

(a) ناطق عدد (b) غیر ناطق عدد

(c) قدرتی عدد (d) صحیح عدد

(ii) $\sqrt[3]{7}$ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) جذر (b) مجذور

(c) ناطق عدد (d) صحیح عدد

(iii) $\sqrt{3}$ میں 3 کو کیا کہتے ہیں؟

(a) جذر (b) مجذور

(c) صحیح عدد (d) قدرتی عدد

(iv) $a^n$ میں $n$ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) جذر (b) مجذور

(c) قوت نما (d) اساس

(v) $4^5$ میں 4 کو کیا کہتے ہیں؟

(a) اساس (b) قوت نما

(c) صحیح عدد (d) جذر

(vi) اساس 10 میں حل کیے گئے لوگارتھم کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مینٹیسا (b) کامن لوگارتھم

(c) خاصہ (d) قدرتی عدد

(vii) کسی عدد کے لوگارتھم میں صحیح عدد والے حصہ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) خاصہ (b) مینٹیسا

(c) اعشاریہ والا حصہ (d) حقیقی حصہ

(viii) کسی عدد کے لوگارتھم میں کسری حصہ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) خاصہ (b) مینٹیسا

(c) ناطق عدد (d) حقیقی حصہ

(ix) $\sqrt{\sqrt{2}} = ?$

(a) $2^2$  (b) $2$

(c) $2^{1/2}$  (d) $2^{1/4}$

(x) $\sqrt{2+\sqrt{3}}$ ایک جذر نہیں ہے کیونکہ $2+\sqrt{3}$ ایک

(a) غیر ناطق عدد ہے  (b) ناطق عدد ہے

(c) صحیح عدد ہے  (d) جذر ہے

2- خالی جگہ پر کیجئے۔

(i) اگر $\sqrt[n]{a}$ غیر ناطق عدد ہو جبکہ $a$ ناطق عدد ہو تو $\sqrt[n]{a}$ کو __________ کہتے ہیں۔

(ii) علامت $\sqrt[n]{\ }$ کو __________ کہتے ہیں۔

(iii) $3^5$ میں 5 کو __________ کہتے ہیں۔

(iv) $a^n$ میں $a$ کو __________ کہتے ہیں۔

(v) اساس 10 میں حل لوگارتھم کو __________ کہتے ہیں۔

(vi) کسی عدد میں لوگارتھم کے دو حصے ہوتے ہیں۔ صحیح عددی حصے کو __________ کہتے ہیں۔

(vii) کسی عدد کے لوگارتھم میں کسری حصہ کو __________ کہتے ہیں۔

3- مختصر کیجئے۔

(i) $(x^5y^3)^{1/2}\times(y^7x^3)^{-1/3}$

(ii) $(a^{1/4}b^{1/3})^{-1/2}\div(a^{1/3}b^{1/4})^{-3}$

4- حل کیجئے۔

(i) $x^{2/3}y^{5/8}\times y^{1/2}\div(xy)^{1/3}$

(ii) $\left(\frac{2}{5}\right)^{-1}\div\left(\frac{4}{25}\right)\times 625$

5- ثابت کیجئے $\log\frac{(3\times4\times5)}{7}=\log3+\log4+\log5-\log7$

6- درج ذیل کو لوگارتھم جدول کی مدد سے حل کیجئے۔

(i) $62.14\times0.32\times0.015$

(ii) $\frac{3.64\times3.94}{2.78}$

(iii) $\frac{(13.26)^2\times(0.4564)}{325.5}$

# خلاصہ

- اگر $\sqrt[n]{a}$ غیر ناطق عدد ہو جبکہ $a$ ایک ناطق عدد ہے تو $\sqrt[n]{a}$, $a$ کا $n$ واں جذر کہلاتا ہے۔

- علامت $\sqrt[n]{\ }$ جذر کی علامت کہلاتی ہے۔ جس کا انڈیکس $n$ ہے۔ $\sqrt[n]{a}$ میں $a$ کو مجذور کہتے ہیں۔

- کسی حقیقی عدد $a$ اور مثبت صحیح عدد $n$ کے لیے ہم $a^n$ کو بیان کرتے ہیں۔

$$a^n = a \times a \times a \times \ldots \times a \ (n \text{ مرتبہ})$$

یہاں $'a'$ کو اساس اور $n$ کو قوت نما کہتے ہیں۔

- اساس 10 میں حل کیے گئے لوگارتھم کو کامن لوگارتھم کہتے ہیں۔

- کسی عدد کے لوگارتھم کے دو حصے ہوتے ہیں۔ صحیح حصہ کو خاصہ اور کسری حصہ کو مینٹیسا کہتے ہیں۔

- سائنسی ترقیم ایک طریقہ تحریر ہے جس میں بہت بڑے اور بہت چھوٹے عدد کو $a = b \times 10^n$ کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔

- ایسا عدد جس کا مربع ایک غیر منفی عدد ہو حقیقی عدد کہلاتا ہے۔

یونٹ
# 7
# اعداد کے جمعی اور ضربی سلسلے
# ARITHMETIC AND GEOMETRIC SEQUENCES

- اعداد کا سلسلہ
- اعداد کا جمعی سلسلہ
- جمعی وسط
- اعداد کا ضربی سلسلہ
- ضربی وسط

**اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:**

- اعداد کا سلسلہ اور اس کے ارکان کیا ہیں۔
- کہ اعداد کا سلسلہ ایک قاعدہ یا استقرائی تعریف کے تحت ہے۔
- اعداد کا سلسلہ اعداد کا جمعی سلسلہ کیا ہے۔
- کسی جمعی سلسلے کی $n$ ویں رقم کیا ہے۔
- جمعی سلسلوں پر مبنی سوالات کیسے حل کرتے ہیں۔
- کہ دو اعداد کے درمیان جمعی وسط کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔
- دو اعداد کے درمیان $n$ جمعی وسط کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔
- کہ ضربی سلسلے کی پہچان کیا ہے۔
- کہ ہندسی سیکوئینس کی $nth$ یا نمائندہ رکن (General Term) کیسے معلوم کی جاتی ہے۔
- ضربی سلسلہ پر مبنی سوالات کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔
- کہ دو اعداد کے درمیان ضربی وسط کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے۔
- کہ دو اعداد کے درمیان $n$ ضربی وسط کیسے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(iii) میں قاعدہ یہ ہے کہ سلسلہ کی ہر رقم قدرتی اعداد کا مربع ہے۔

(iv) میں قاعدہ یہ ہے کہ '1' سے شروع کر کے اگلی رقم (Next Term) کو حاصل کرنے کے لیے پچھلی رقم (Preceeding Term) کو $\frac{1}{2}$ سے ضرب دی گئی۔

(i) تا (iv) میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہر ایک، ایک عددی سلسلہ (Number Sequence) ہے۔ یہی اعداد اس سلسلہ کو (Sequence) کی رقوم (Terms) کہلاتے ہیں۔

کسی بھی سلسلہ کو ظاہر کرنے کے لیے علامت $a_n$ یا $\{a_n\}$ یا $a_1, a_2, a_3, \cdots a_n, \cdots$ استعمال ہوتی ہے۔
(آخر میں دیے نقاط ... وغیرہ وغیرہ کہے جاتے ہیں)۔

$a_1$ = پہلی رقم = First term
$a_2$ = دوسری رقم = Second term
$a_3$ = تیسری رقم = Third term
............
............
$a_n$ = نمائندہ رقم یا nویں رقم = $n^{th}$ term or general term

## 7.1.1 محدود اور غیر محدود سلسلے Finite and Infinite Sequences

درج ذیل مترتب اعداد پر غور کیجئے۔

(i) $1,2,3,4,\cdots$ (ii) $1,3,5,7,\cdots, 15$

(iii) $1,\frac{1}{2},\frac{1}{4},\frac{1}{8},\cdots$ (iv) $2,4,6,8,\cdots, 20$

(v) $1,4,7,10,\cdots$ (vi) $1,\frac{1}{3},\frac{1}{9},\frac{1}{27},\cdots$

اگر کسی سلسلہ میں آخری رقم موجود ہو تو یہ محدود سلسلہ کہلاتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں میں (ii) اور (iv) محدود سلسلے ہیں۔

اگر کسی سلسلہ میں آخری رقم (Last Term) موجود نہیں تو یہ لامحدود سلسلہ کہلاتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں میں (i)، (iii)، (v) اور (vi) لامحدود سلسلے (Infinite Sequences) ہیں۔

## 7.1.2 قاعدہ کے تحت سیکوئینس کی بناوٹ

آیئے اب ہم سلسلہ کو n ویں رقم (nth term) کی مدد سے لکھتے ہیں اگر

اگر $a_n = 2n + 3$ جبکہ $n = 1, 2, 3, \dots, 8$ ہو تو

$a_1 = 2\times 1 + 3 = 2 + 3 = 5$

$a_2 = 2\times 2 + 3 = 4 + 3 = 7$

$a_3 = 2\times 3 + 3 = 6 + 3 = 9$

$a_4 = 2\times 4 + 3 = 8 + 3 = 11$

$a_5 = 2\times 5 + 3 = 10 + 3 = 13$

$a_6 = 2\times 6 + 3 = 12 + 3 = 15$

$a_7 = 2\times 7 + 3 = 14 + 3 = 17$

$a_8 = 2\times 8 + 3 = 16 + 3 = 19$

$a_1, a_2, a_3, \dots a_8$ کی مدد سے سلسلہ 19 ,17 ,15 ,13 ,11 ,9 ,7 ,5 حاصل ہوتا ہے
جس میں رقوم کا سلسلہ $\{a_n\}$ میں n کی جگہ 8,...,1,2,3 رکھنے سے حاصل ہوئیں۔

مثلاً

اگر $a_n = (-1)^{n+1}\ (n+3)$ اور $n = 1, 2, 3, 4$ ہو تو

$a_1 = (-1)^{1+1}\ (1+3) = (-1)^2\ (4) = 1\times 4 = 4$

$a_2 = (-1)^{2+1}\ (2+3) = (-1)^3\ (5) = -1\times 5 = -5$

$a_3 = (-1)^{3+1}\ (3+3) = (-1)^4\ 6 = 1\times 6 = 6$

$a_4 = (-1)^{4+1}\ (4+3) = (-1)^5\ 7 = -1\times 7 = -7$

لہٰذا سلسلہ 7−, 6, 5−, 4 حاصل ہوتا ہے۔

ہم n ویں رقم میں n کی مخصوص قیمت درج کر کے مطلوبہ رقم لکھ سکتے ہیں۔

## مشق 7.1

**-1** درج ذیل کی پہلی تین رقوم (Terms) لکھیے۔

(i) $a_n = n+3$ (ii) $a_n = (-1)^n n^3$ (iii) $a_n = 3n+5$

(iv) $a_n = \frac{n+1}{2n+5}$ (v) $a_n = \frac{1}{(2n-1)^2}$ (vi) $a_n = n+3=2$

(vii) $a_n = \frac{1}{3^n}$ (viii) $a_n = 3n-5$ (ix) $a_n = (n+1)a_{n-1}, a_1 = 1$

**-2** درج ذیل سلسلوں کی نشاندہی کی گئی رقم معلوم کیجیے۔

(i) $2, 6, 11, 17, \cdots, a_8$ (ii) $1, 3, 12, 60, \cdots, a_7$ (iii) $1, \frac{1}{3}, \frac{1}{9}, \frac{1}{27}, \cdots, a_6$

(iv) $-1, 1, 3, 5, \cdots, a_9$ (v) $\frac{1}{3}, \frac{2}{5}, \cdots, a_5$ (vi) $1, -3, 5, -7, \cdots, a_9$

**-3** مندرجہ ذیل سلسلوں میں اگلی چار رقوم لکھیے۔

(i) $12, 16, 21, 27, \cdots$ (ii) $1, 3, 7, 15, 31, \cdots$ (iii) $-1, 2, 12, 40, \cdots$

(iv) $9, 11, 14, 17, 19, 22, \cdots$ (v) $4, 8, 12, 16, \cdots$ (vi) $-2, 0, 2, 4, 6, 8, 10, \cdots$

## 7.2 جمعی سلسلہ Arithmetic Sequence (progression)

جمعی سلسلہ (مخفف A.P) اعداد کی ایسی ترتیب ہوتی ہے جس میں پچھلی رقم سے اگلی رقم ایک قدر مشترک (Common difference) 'd' جمع کر کے حاصل کی جاتی ہے۔

فرض کیا کسی جمعی سلسلہ میں 'a' پہلی رقم اور 'd' قدر مشترک (Common difference) ہو تو اس کی دوسری رقم $a + d$ جبکہ تیسری رقم $a + 2d$ ہوتی ہے۔ ان میں سے ہر رقم میں 'd' کا عددی سر رقم کی حیثیت میں سے '1' کم ہے۔ اس طرح $a + 9d$ 10 ویں رقم کو ظاہر کرتی ہے۔

چونکہ n ویں رقم پہلی رقم کے بعد $(n-1)$ مقام پر آتی ہے لہٰذا یہ رقم d کا عددی سر $(n-1)$ رکھنے سے حاصل ہوگی۔

**نمائندہ ٹرم (جنرل ٹرم) = n ویں رقم** $= a_n = a + (n-1)d.$

اگر $n = 12$ ہو تو 12 ویں رقم $= a_{12} = a + (12-1)d$

$= a + 11d$

**مثال 1:-** اس A.P کی $n$ ویں رقم اور 14 ویں رقم معلوم کیجیے جس کی پہلی رقم 2 اور مشترکہ قدر (Common difference) 5 ہے۔

**حل:-** چونکہ $a_1 = a = 2,\ d = 5$

ہم جانتے ہیں $a_n = a + (n-1)d$

$$= 2 + (n-1)5$$
$$= 2 + 5n - 5$$
$$= 2 - 5 + 5n$$
$$= 5n - 3$$

$n$ ویں رقم $= a_n = 5n - 3$

اب $n = 14$ رکھنے سے

$$a_{14} = a + (14-1)d$$
$$= 2 + 13 \times 5$$
$$= 2 + 65$$
$$= 67$$
$$a_{14} = 67$$

**مثال 2:-** اگر کسی جمعی سلسلہ کی 5 ویں رقم 16 اور 20 ویں رقم 46 ہو تو اس کی 15 ویں رقم کیا ہوگی۔

**حل:-** چونکہ $a_5 = 16$ اور $a_{20} = 46$

چونکہ $a_n = a + (n-1)d$ ......... (i)

اس لیے مساوات (i) میں $n = 5$ رکھنے سے

$$a_5 = a + (5-1)d$$
$$16 = a + 4d \text{ ......... (ii)}$$

مساوات (i) میں $n = 20$ رکھنے سے

$$a_{20} = a + (20-1)d$$
$$46 = a + 19d \text{ ......... (iii)}$$

مساوات (ii) کو (iii) میں سے تفریق کرنے سے

$$46 - 16 = a - a + 19d - 4d$$

$$30 = 15d \Rightarrow \boxed{d = 2}$$

$d = 2$ مساوات (ii) میں رکھنے سے

$$16 = a + 4 \times 2$$

$$16 = a + 8 \Rightarrow 16 - 8 = a$$

$$\Rightarrow \boxed{a = 8}$$

مساوات (i) میں $n = 15$، $d = 2$ اور $a = 8$ رکھنے سے

$$a_{15} = a + (15 - 1)d$$

$$= 8 + 14 \times 2$$

$$= 8 + 28$$

$$= 36$$

لہٰذا $\boxed{a_{15} = 36}$

**مثال 3:-** جمعی سلسلہ میں رقم کی تعداد معلوم کیجئے۔

جبکہ $a_1 = 3, \ d = 4, \ a_n = 59$

**حل:-** ہمیں معلوم ہے کہ $a_1 = a = 3, \ d = 4, \ a_n = 59$

چونکہ $a_n = a + (n - 1)d$

اس لیے $59 = 3 + (n - 1)4$

$$= 3 + 4n - 4$$

$$= 4n - 1$$

$$60 = 4n$$

$$n = \frac{60}{4} = 15$$

$$\boxed{n = 15}$$

**مثال 4:-** اگر $a_{n-3} = 2n - 12$ ہو تو $a_n$ معلوم کریں۔

**حل:-** ہمیں معلوم ہے کہ $a_{n-3} = 2n - 12$

$n$ کی جگہ $n + 3$ رکھنے سے

$$a_{n+3-3} = 2(n+3) - 12$$

$$a_n = 2n + 6 - 12$$

$$= 2n - 6$$

$$\boxed{a_n = 2n - 6}$$

## مشق 7.2

-1 مندرجہ ذیل میں مطلوبہ رقم معلوم کریں۔

(i) $3, 7, 11, \cdots,$ 61ویں رقم
(ii) $-4, -7, -10, \cdots, a_{19}$
(iii) $6, 4, 2, \cdots,$ 45ویں رقم
(iv) $9, 14, 19, \cdots, a_{14}$
(v) $11, 6, 1, \cdots, a_{18}$

-2 جمعی سلسلہ کا کلیہ استعمال کرتے ہوئے نامعلوم عنصر (Element) معلوم کیجئے۔

$$a_n = a + (n-1)d$$

(i) $a = 2,\ a_n = 402,\ n = 26,$
(ii) $a_n = 81,\ d = -3,\ n = 18$
(iii) $a = 5,\ a_n = 61,\ n = 15$
(iv) $a = 16,\ a_n = 0,\ d = -\frac{1}{4}$
(v) $a = 10,\ a_n = 400,\ d = 5$
(vi) $a_n = 261,\ d = 4,\ n = 18$

-3 جمعی سلسلہ کی 15ویں رقم معلوم کریں جبکہ تیسری رقم 8 اور مشترکہ قدر (Common difference) $\frac{1}{3}$ ہے۔

-4 جمعی سلسلہ $6, 2, -2, \ldots,$ کی کونسی رقم $-146$ ہے؟

-5 جمعی سلسلہ $5, 2, -1, \ldots$ کی کونسی رقم $-118$ ہے؟

-6 جمعی سلسلہ کی کتنی رقم (Terms) ہیں کہ جس میں $a_1 = a = 11,\ a_n = 68,\ d = 3$ ہو۔

-7 جمعی سلسلہ $2-x,\ 3-2x,\ 4-3x, \ldots,$ کی 11ویں رقم معلوم کیجئے۔

-8 جمعی سلسلہ کی $n$ویں رقم معلوم کیجئے جبکہ $a_{n-5} = 3n + 9$

-9 جمعی سلسلہ $\left(\frac{3}{4}\right)^2, \left(\frac{3}{7}\right)^2, \left(\frac{3}{10}\right)^2, \ldots,$ کی $n$ویں رقم معلوم کیجئے۔

-10 اگر جمعی سلسلہ کی $n$ویں رقم $3n - 5$ ہو تو جمعی سلسلہ معلوم کیجئے۔

## 7.3 جمعی وسط Arithmetic Mean

کوئی عدد 'A' دو اعداد $a$ اور $b$ کے درمیان جمعی وسط $(A.M)$ کہلاتا ہے اگر $a, A, b$ ایک جمعی سلسلہ میں ہوں۔

مشترکہ قدر (Common Difference)

$$A - a = b - A$$
$$A + A = a + b$$
$$2A = a + b$$
$$A = \frac{a+b}{2}$$

**مثال 1:-** 4 اور 8 کے درمیان جمعی وسط $(A.M)$ معلوم کیجئے۔

**حل:-** $a = 4,\ b = 8$

اس لیے

$$A = \frac{a+b}{2}$$
$$= \frac{4+8}{2}$$
$$= \frac{12}{2} = 6$$
$$A = 6$$

> $A.M$: جمعی وسط
> Arithematic Mean
> کو ظاہر کرتا ہے۔

**مثال 2:-** $6\sqrt{5}$ اور $2\sqrt{5}$ میں جمعی وسط معلوم کیجئے۔

**حل:-** چونکہ $a = 2\sqrt{5},\ b = 6\sqrt{5}$

اس لیے

$$A = \frac{a+b}{2}$$
$$= \frac{2\sqrt{5} + 6\sqrt{5}}{2}$$
$$= \frac{8\sqrt{5}}{2}$$
$$= 4\sqrt{5}$$

## 7.3.2 دو اعداد کے درمیان $n$ جمعی وسط

## "n" Arithmetic Means Between Two Numbers

فرض کیا کہ دو اعداد $a, b$ کے درمیان مطلوبہ "$n$" جمعی وسط $A_1, A_2, A_3 \cdots A_n$ اس طرح ہیں کہ $a, A_1, A_2, A_3 \cdots, A_n, b$ ایک جمعی سلسلہ ہے۔

یہاں $a_1 = a, \quad a_{n+2} = b,$ کیونکہ اس جمعی سلسلہ میں رقوم کی تعداد $n + 2$ ہے۔

کلیہ $a_n = a + (n-1)d$ کا استعمال کرتے ہوئے

$$a_{n+2} = a + (n+2-1)d$$

$$b = a + (n+1)d$$

$$b - a = (n+1)d$$

$$\frac{(b-a)}{n+1} = d \quad \text{یا} \quad \boxed{d = \frac{b-a}{n+1}}$$

$$A_1 = a + d = a + \frac{b-a}{n+1} = \frac{an+a+b-a}{n+1} = \frac{na+b}{n+1}$$

$$A_2 = a + 2d = a + 2\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+2b-2a}{n+1} = \frac{na+a+2b}{n+1} = \frac{(n-1)a+2b}{n+1}$$

$$A_3 = a + 3d = a + 3\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+3b-3a}{n+1} = \frac{na-2a+3b}{n+1} = \frac{(n-2)a+3b}{n+1}, \cdots,$$

$$A_n = a + nd = a + n\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+nb-na}{n+1} = \frac{a+nb}{n+1}$$

**مثال 1:-** اگر $a$ اور $b$ کے درمیان $8$ اور $12$ دو جمعی وسط ہوں تو $a$ اور $b$ معلوم کیجئے۔

**حل:-** چونکہ $a, 8, 12, b$ ایک جمعی سلسلہ میں ہیں۔

لہٰذا $d =$ مشترکہ قدر (Common difference)

$$= a_3 - a_2$$

$$= 12 - 8 = 4$$

$$b = a_4$$

$$= a_3 + d$$

$$b = 12 + 4 = 16$$

$$a = a_2 - d$$

$$= 8 - 4 = 4$$

لہٰذا $a = 4, b = 16$

**مثال 2:-** $\sqrt{3}$ اور $9\sqrt{3}$ کے درمیان تین جمعی وسط معلوم کیجئے۔

**حل:-** فرض کیا $\sqrt{3}$، $9\sqrt{3}$ کے درمیان $A_1, A_2, A_3$ تین جمعی وسط ہیں۔

اس طرح $\sqrt{3}, A_1, A_2, A_3, 9\sqrt{3}$ ایک جمعی سلسلہ ہیں۔

یہاں $a_1 = a = \sqrt{3},\ n = 5,\ a_5 = 9\sqrt{3}$

اس لیے $a_n = a + (n-1)d$

$$a_5 = a + (5-1)d$$

$$9\sqrt{3} = a + 4d$$

$$9\sqrt{3} = \sqrt{3} + 4d$$

$$9\sqrt{3} - \sqrt{3} = 4d$$

$$4d = 8\sqrt{3}$$

$$d = 2\sqrt{3}$$

لہٰذا $A_1 = a + d = \sqrt{3} + 2\sqrt{3} = 3\sqrt{3}$

$$A_2 = A_1 + d = 3\sqrt{3} + 2\sqrt{3} = 5\sqrt{3}$$

$$A_3 = A_2 + d = 5\sqrt{3} + 2\sqrt{3} = 7\sqrt{3}$$

پس $\sqrt{3}, 9\sqrt{3}$ کے درمیان $3\sqrt{3}, 5\sqrt{3}, 7\sqrt{3}$ مطلوبہ تین جمعی وسط ہیں۔

## مشق 7.3

1- درج ذیل کے درمیان جمعی وسط معلوم کیجئے۔

(i) $-3, 7$ (ii) $x-1, x+7$

(iii) $\sqrt{7}, 3\sqrt{7}$ (iv) $x^2+x+1$ ; $x^2-x+1$

2- اگر $a$ اور $b$ کے درمیان 3، 6 دو جمعی وسط ہیں تو $a$ اور $b$ معلوم کیجئے۔

3- 11 اور 19 کے درمیان تین جمعی وسط معلوم کیجئے۔

4- $6\sqrt{2}$ اور $2\sqrt{2}$ کے درمیان تین جمعی وسط معلوم کیجئے۔

5- 5 اور 8 کے درمیان چھ جمعی وسط معلوم کیجئے۔

6- 8 اور 12 کے درمیان سات جمعی وسط معلوم کیجئے۔

7- اگر 5 اور $b$ کے درمیان جمعی وسط 10 ہو تو $b$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

8- اگر $a$ اور 10 کے درمیان جمعی وسط 40 ہو تو $a$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

9- اگر دو اعداد $a$ اور $b$ کے درمیان 9.5 اور 13 تین جمعی وسط ہوں تو $a$ اور $b$ کی قیمت معلوم کیجئے۔

## 7.4 ضربی سلسلہ Geometric Sequence (progression)

ضربی سلسلہ Geometric Progression (مختصراً G.P)، اعداد کی ایسی ترتیب ہے کہ جس میں ہر آنے والا عدد (رقم) پچھلی رقم کو ایک مقررہ مقدار (مشترکہ نسبت/ضارب Common Ratio) سے ضرب دے کر حاصل ہوتا ہے۔ مشترکہ نسبت کو '$r$' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جبکہ ترتیب میں ہر عدد، ضربی سلسلہ کی رقم (Term) کہلاتی ہے۔ '$r$' کبھی بھی صفر نہیں ہوتا۔ پس '$r$' کی قیمت:

$$r = \frac{a_2}{a_1} = \frac{a_3}{a_2} = \frac{a_4}{a_3} = \dots = \frac{a_n}{a_{n-1}} = \dots$$

کسی بھی ضربی سلسلہ میں اگر پہلی رقم '$a$' ہو اور مشترکہ نسبت '$r$' ہو تو دوسری رقم '$ar$' ہوگی اور تیسری رقم $ar^2$ ہوگی۔ ہر رقم میں '$r$' کا قوت نما اس رقم کے مقام سے ایک کم ہوتا ہے اس طرح 8 ویں رقم $ar^7$ ہوگی۔ جبکہ $n$ ویں رقم $ar^{n-1}$ ہوگی۔

پس ضربی سلسلہ کی نمائندہ رقم یوں ہوگی $a_n = ar^{n-1}$ ۔

**مثال 1:-** اس ضربی سلسلہ کی 5 ویں رقم معلوم کیجئے۔ جس میں $a = 2$ اور $r = 3$ ہو۔

**حل:-** جیسا کہ معلوم ہے کہ $a = 2$ , $r = 3$ , $n = 5$, $a_5 = ?$

چونکہ $a_n = ar^{n-1}$

$$a_5 = ar^{5-1}$$
$$a_5 = 2(3)^4$$
$$= 2\times 81$$
$$= 162$$
$$\boxed{a_5 = 162}$$

**مثال 2:-** اگر کسی ضربی سلسلہ میں $a_7 = \frac{-64}{729}$ , $a_4 = \frac{8}{27}$ ہو تو $a_{10}$ معلوم کیجئے۔

**حل:-** چونکہ $a_4 = \frac{8}{27}$ , $a_7 = \frac{-64}{729}$

یہاں پہلے ہم $a$ اور $r$ کی قیمتیں معلوم کریں گے۔

چونکہ $a_n = ar^{n-1}$

لہٰذا $a_4 = ar^{4-1}$

$$\frac{8}{27} = ar^3$$
$$ar^3 = \frac{8}{27} \quad ........(i)$$

اور $a_7 = ar^{7-1}$

$$\frac{-64}{729} = ar^6$$
$$ar^6 = -\frac{64}{729} \quad ........(ii)$$

اب مساوات $(ii)$ کو $(i)$ پر تقسیم کرنے سے

$$\frac{ar^6}{ar^3} = \frac{\frac{-64}{729}}{\frac{8}{27}}$$

$$r^3 = \frac{-64\times 27}{729\times 8} = -\frac{8}{27} = \left(-\frac{2}{3}\right)^3$$

$$r = -\frac{2}{3}$$

مساوات $(i)$ میں $r = -\frac{2}{3}$ رکھنے سے

$$a\left(-\frac{2}{3}\right)^3 = \frac{8}{27} \Rightarrow a\left(-\frac{2}{3}\right)^3 = \left(\frac{2}{3}\right)^3$$

$$a = -1$$

پس $a_{10} = ar^{10-1}$

$$= (-1)\left(\frac{2}{3}\right)^9 = -\left(\frac{2}{3}\right)^9$$

## مشق 7.4

-1 ضربی سلسلہ $2,8,32,\ldots$ میں 7 ویں رقم لکھیے۔

-2 ضربی سلسلہ $2,6,18,\ldots$ کی 11 ویں رقم معلوم کیجئے۔

-3 ضربی سلسلہ $-\frac{3}{2},3,-6,\ldots$ کی 6 ویں رقم معلوم کیجئے۔

-4 ضربی سلسلہ $4,-12,36,\ldots$ کی 5 ویں رقم معلوم کیجئے۔

-5 دیئے گئے ضربی سلسلہ کی $a$ ، $n$, $a_n$ اور $r$ میں سے نامعلوم کی قیمت معلوم کیجئے۔

(i) $r = 10$ , $a_n = 100$ , $a = 1$ (ii) $a_n = 400$ , $r = 2$ , $a = 25$

(iii) $a = 128$ , $r = \frac{1}{2}$ , $a_n = \frac{1}{4}$

-6 ایسے ضربی سلسلہ کی 11 ویں رقم معلوم کیجئے جس کی 5 ویں رقم کی قیمت 9 اور مشترک نسبت 2 ہے۔

-7 ایسے ضربی سلسلہ کی 13 ویں رقم کیا ہوگی جس میں 7 ویں رقم 25 اور مشترکہ نسبت 3 ہے۔

-8 اگر $a,b,c,d$ ایک ضربی سلسلہ میں ہوں تو ثابت کیجئے کہ $a-b,\ b-c,\ c-d$ بھی ضربی سلسلہ میں ہیں۔

-9 اگر $\frac{a_5}{a_3} = \frac{4}{9}$ اور $a_2 = \frac{4}{9}$ ہو تو ضربی سلسلہ کی $n$ ویں رقم کیا ہوگی؟

-10 ضربی سلسلہ میں تین یکے بعد دیگرے اعداد معلوم کیجئے جن کا مجموعہ 26 اور حاصل ضرب 216 ہو۔

-11 $x,1,\frac{1}{x},\ldots$ ضربی سلسلہ کی 30 ویں رقم معلوم کیجئے۔

-12 $x,x^3,x^5,\ldots$ ضربی سلسلہ کی $P$ ویں رقم معلوم کیجئے۔

## 7.5 ضربی وسط Geometric Mean (G.M)

دو اعداد '$a$' اور '$b$' کے درمیان '$G$' ضربی وسط کہلاتا ہے اگر $a,G,b$ ایک ضربی سلسلہ میں ہوں۔

یعنی

$$\frac{G}{a} = \frac{b}{G}$$

$$G^2 = ab$$

$$G = \pm\sqrt{ab}$$

جبکہ $a,b$ کے درمیان مثبت ضربی وسط $\sqrt{ab}$ ہے۔

**مثال 1:-** 3 اور 27 کے درمیان ضربی وسط معلوم کیجئے۔

**حل:-** چونکہ $a = 3, \; b = 27$

لہٰذا
$$G = \pm\sqrt{ab}$$
$$= \pm\sqrt{3\times 27}$$
$$= \pm\sqrt{81}$$
$$= \pm 9$$

**مثال 2:-** $2x^2$ اور $8y^4$ کے درمیان ضربی وسط معلوم کیجئے۔

**حل:-** چونکہ $a = 2x^2 \; , \; b = 8y^4$

اس لیے
$$G = \pm\sqrt{ab}$$
$$= \pm\sqrt{2x^2\times 8y^4}$$
$$= \pm\sqrt{16x^2y^4}$$
$$= \pm\sqrt{(4xy^2)^2}$$
$$= \pm 4xy^2$$

### 7.5.1 دو اعداد کے درمیان 'n' ضربی وسط
### 'n' Geometric Means Between Two Numbers

فرض کیا دو اعداد '$a$' اور '$b$' کے درمیان $G_1, G_2, G_3 \dots, G_n$ مطلوبہ $n$ ضربی سلسلہ ہیں۔

اس طرح $a, G_1, G_2, G_3 \dots, G_n, b$ ایک ضربی سلسلہ میں ہیں۔

اب اس ضربی سلسلہ میں رقوم کی تعداد $n + 2$ بنتی ہے۔

جس میں $a_{n+2} = b \; , \; a_1 = a$

تو $a_n = ar^{n-1}$

میں $n$ کی قیمت $n + 2$ رکھنے سے

$$a_{n+2} = ar^{n+2-1}$$
$$b = ar^{n+1}$$
$$r^{n+1} = \frac{b}{a}$$
$$r = \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{1}{n+1}}$$

$$G_1 = a \times r = a \times \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{1}{n+1}}$$

$$G_2 = G_1 \times r = ar^2 = a\left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{2}{n+1}}$$

$$G_3 = G_2 \times r = ar^3 = a\left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{3}{n+1}}$$

$$\vdots \quad \vdots \quad \vdots \quad \vdots$$

$$G_n = G_{n-1} \times r = ar^n = a \times \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{n}{n+1}}$$

**مثال 1:-** 4 اور $\frac{1}{2}$ کے درمیان دو ضربی وسط معلوم کیجیے۔

**حل:-** فرض کیا 4 اور $\frac{1}{2}$ کے درمیان $G_1, G_2$ دو مطلوبہ ضربی وسط معلوم کیجیے۔

یہاں $a = 4 \ , n = 4 \ , a_4 = \frac{1}{2},$

چونکہ $a_n = ar^{n-1}$

اس لیے $a_4 = ar^{4-1}$

$$\frac{1}{2} = ar^3$$

$$ar^3 = \frac{1}{2}$$

$$4r^3 = \frac{1}{2}$$

$$r^3 = \frac{1}{8} = \frac{1}{2^3}$$

$$r^3 = \left(\frac{1}{2}\right)^3$$

$$r = \frac{1}{2}$$

پس $G_1 = a \times r = 4 \times \frac{1}{2} = 2$

$$G_2 = G_1 \times r = 2 \times \frac{1}{2} = 1$$

# مشق 7.5

-1 ضربی وسط معلوم کیجئے۔ (i) 9 اور 5 میں (ii) 4 اور 9 میں (iii) 2- اور 8- میں

-2 دو ضربی وسط لکھیے۔ (i) 1 اور 8 کے درمیان (ii) 3 اور 81 کے درمیان

-3 تین ضربی وسط لکھیے۔ (i) 1 اور 16 کے درمیان (ii) 2 اور 32 کے درمیان

-4 3 اور 96 کے درمیان چار حقیقی ضربی وسط لکھیے۔

-5 دو اعداد کا جمعی وسط 5 ہے جبکہ ان کا مثبت ضربی وسط 4 ہے۔ اعداد معلوم کیجئے۔

-6 دو اعداد کا مثبت ضربی وسط 6 ہے اور ان کا جمعی وسط 10 ہے۔ اعداد معلوم کیجئے۔

-7 ثابت کیجئے کہ دو اعداد 4 اور 8 کا جمعی وسط ان کے ضربی وسط سے بڑا ہے۔

-8 160 اور 5 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

-9 486 اور 6 کے درمیان تین ضربی وسط لکھیے۔

-10 $\frac{1}{8}$ اور 128 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

-11 56 اور $-\frac{7}{16}$ کے درمیان چھ ضربی وسط لکھیے۔

-12 $\frac{32}{81}$ اور $\frac{9}{2}$ کے درمیان پانچ ضربی وسط لکھیے۔

# جائزہ مشق 7

**-1** صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) $a_n + n = 3$ کی تیسری رقم کیا ہے؟

(a) 3 (b) 6 (c) 9 (d) 0

(ii) $a_n = \dfrac{1}{(2n-1)^2}$ کی چوتھی رقم کیا ہے؟

(a) $\dfrac{1}{7}$ (b) $\dfrac{1}{49}$ (c) $\dfrac{1}{81}$ (d) 0

(iii) ... 2,6,11,17 میں $a_5$ کی قیمت کیا ہے؟

(a) 24 (b) 30 (c) 21 (d) 22

(iv) 12,16,21,27 میں اگلی رقم کیا ہے؟

(a) 34 (b) 30 (c) 31 (d) 32

(v) ...,3,7,11 کی $a_6$ کیا ہے؟

(a) 3 (b) 19 (c) 23 (d) 20

(vi) $\sqrt{3}$ اور $3\sqrt{3}$ میں جمعی وسط کیا ہے؟

(a) $2\sqrt{3}$ (b) $5\sqrt{3}$ (c) $9\sqrt{3}$ (d) $4\sqrt{3}$

(vii) $6\sqrt{5}$ اور $2\sqrt{5}$ میں جمعی وسط کیا ہے؟

(a) $4\sqrt{5}$ (b) $3\sqrt{5}$ (c) $5\sqrt{5}$ (d) $7\sqrt{5}$

(viii) ...,2,6,18 میں $a_5$ کی قیمت کیا ہے؟

(a) 160 (b) 161 (c) 162 (d) 30

(ix) $-3$ اور $-12$ کے درمیان ضربی وسط کیا ہے؟

(a) $\pm 6$ (b) $\pm 9$ (c) $\pm 36$ (d) $\pm 3$

(x) 1 اور 8 کے درمیان ضربی وسط کیا ہے؟

(a) $2\sqrt{2}$ (b) $\pm 2\sqrt{2}$ (c) $-2\sqrt{2}$ (d) $\sqrt{2}$

-2 خالی جگہ پر کیجئے۔

(i) کسی سلسلہ کی جنرل ٹرم یا $n$ ویں رقم کو ____________ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(ii) اگر $a_n = 2n + 3$ ہو تو $a =$ ____________

(iii) کسی A.P میں $a_n = a + (n-1)\,d$ کہلاتی ہے ____________

(iv) 5 اور 15 کے درمیان ____________ = جمعی وسط

(v) اگر $a, A, b$ ایک جمعی سلسلہ میں ہو تو $A =$ ____________

(vi) ایک ضربی سلسلہ میں "$r$" ____________ کہلاتا ہے۔

(vii) کسی ضربی سلسلہ میں $a_n =$ ____________

(viii) اگر $a,\ G,\ b$ ایک ضربی سلسلہ میں ہوں تو $G =$ ____________

(ix) 8 اور 2 کا مثبت ضربی وسط ____________ ہے۔

(x) $a_{n-5} = 3n + 9$ A.P کی $n$ ویں رقم کو ____________ ہے۔

-3 اس جمعی سلسلہ کی $n$ ویں رقم اور 18 ویں رقم معلوم کیجئے جس کی پہلی رقم 3 اور مشترک قدر 2 ہو۔

-4 جمعی سلسلہ $\left(\frac{3}{5}\right)^3, \left(\frac{3}{7}\right)^3, \left(\frac{3}{9}\right)^3, \ldots$ کی $n$ ویں رقم معلوم کیجئے۔

-5 اگر $a$ اور 16 کا جمعی وسط 24 ہو تو '$a$' کی قیمت معلوم کیجئے۔

-6 ایسی 15 ویں رقم کا ضربی سلسلہ معلوم کیجئے جس کی 7 ویں رقم 27 اور مشترک نسبت 3 ہے۔

-7 $\frac{1}{2}$ اور 16 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

-8 ضربی سلسلہ کی تین ایسی متواتر رقوم لکھیے جن کا مجموعہ 26 اور حاصل ضرب 216 ہو۔

## خلاصہ

- اعداد کی ایسی ترتیب جس میں ہر اگلی رقم خاص قاعدہ کے اطلاق سے حاصل کی گئی ہو اور یہ قاعدہ اس رقم کے مقام کا تعین بھی کرتا ہو۔ یعنی کہ اس ترتیب کے تمام اراکین سلسلہ وار مخصوص ترتیب میں ہوں۔ اعداد کی ایسی ترتیب کو سلسلہ (Sequence) کہتے ہیں۔

- ایسا سلسلہ جس میں ہر اگلی رقم، پچھلی رقم میں ایک مقررہ عدد (مشترکہ قدر) جمع کر کے حاصل کی گئی ہو۔ جمعی سلسلہ *Arithematic Sequence* کہلاتی ہے۔

- کوئی عدد '$A$' دو اعداد '$a$'، '$b$' کے درمیان جمعی وسط کہلاتا ہے اگر $a, A, b$ ایک جمعی سلسلہ میں ہوں۔

- ایک سلسلہ جس میں ہر اگلی رقم، پچھلی رقم کو ایک مشترکہ نسبت سے ضرب دے کر حاصل کی ہو۔ ضربی سلسلہ کہلاتی ہے۔

- "$G$" دو اعداد '$a$' اور '$b$' کے درمیان ضربی وسط کہلاتا ہے اگر $a, G, b$ ایک ضربی سلسلہ میں ہوں۔

یونٹ

# 8

# سیٹ اور تفاعل
# SETS AND FUNCTIONS

- سیٹوں پر عوامل
- ثنائی روابط
- تفاعل

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- Q اور N,Z,W,E,O,P کی علامت سے ظاہر کئے گئے سیٹوں کی شناخت کیا ہیں۔
- سیٹوں پر $(\cup, \cap, \backslash, ...)$ کے عوامل کیا ہیں۔
- سیٹوں پر مندرجہ ذیل عوامل کیسے کرائیں۔
    - یونین *Union*
    - تقاطع *Intersection*
    - کمپلیمنٹ *Complement*
- دو یا تین سیٹوں پر یونین اور تقاطع کے درج ذیل خواص کی تصدیق کیسے کرنا ہے۔
    - یونین اور تقاطع کی خاصیت مبادلہ
    - یونین اور تقاطع کی خاصیت تلازم
- وین اشکال سے مندرجہ ذیل کا اظہار کیسے کرنا ہے۔
    - سیٹوں کا یونین اور انٹرسیکشن
    - سیٹ کا کمپلیمنٹ
- وین اشکال سے مندرجہ ذیل کا ثبوت فراہم کیسے کرنا ہے۔
    - سیٹوں کے یونین اور انٹرسیکشن کے قوانین مبادلہ
    - سیٹوں کے یونین اور انٹرسیکشن کے لحاظ سے قوانین تلازم
    - ڈی مارگن کے قوانین
- ثنائی ربط *(Binary Relation)* کی تعریف کرنا اور اس کی ڈومین *(Domain)* اور رینج *(Range)* کا تعین کرنا۔
- تفاعل *(Funtion)* کی تعریف کرنا اور اس کی ڈومین *(Domain)* اور رینج *(Range)* کی پہچان کیسے کرنا ہے۔
- مندرجہ ذیل کو واضح کیسے کرنا ہے۔
    - ان ٹو فنکشن
    - ون۔ون فنکشن
    - ان ٹو، ون۔ون فنکشن *(Injective Function)*
    - آن ٹو فنکشن *(Surjective Function)*
    - ون۔ون، آن ٹو فنکشن *(Bijective Function)*

## 8.1 سیٹ Set

کائنات کی ہر چیز چاہے وہ جاندار ہو یا بے جان "شے" کہلاتی ہے۔ ہم مخصوص اشیاء کے اجتماع یا اکٹھ کو مخصوص نام دیتے ہیں جیسا کہ "ہاکی ٹیم"، "بھیڑوں کا ریوڑ"، "پھولوں کا گلدستہ" وغیرہ۔

سیٹ سے مراد واضح متعارف اشیاء کا اجتماع یا اکٹھ ہے۔ یعنی کہ اشیاء کا اجتماع یا اکٹھ اس طرح سے لیا گیا ہو کہ بغیر کسی شک وشبہ کے ہم بتا سکیں کہ کوئی دی ہوئی شے کا اس اکٹھ سے تعلق ہے یا نہیں۔

واضح متعارف اشیاء کے اکٹھ کو "سیٹ" کہتے ہیں۔
کسی سیٹ کے نام کو بالعموم حروف تہجی $A, B, C, \ldots X, Y, Z$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

سیٹ میں موجود اشیاء ممبران یا ارکان کہلاتے ہیں۔ اراکین سیٹ کو چھوٹے حروف تہجی یا اعداد سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر

(i) $A = \{1,3,4,5\}$
(ii) $B = \{a,e,i,o,u\}$ تمام سیٹ کہلاتے ہیں۔
(iii) $C = \{1,3,5,7,9, \cdots\}$

اگر کوئی شے $x$ سیٹ '$A$' سے تعلق رکھتی ہو تو اسے یوں لکھتے ہیں $x \in A$ جس کا مطلب ہے $x$، سیٹ '$A$' کا رکن ہے۔
اور اگر کوئی شے $x$ سیٹ '$A$' سے تعلق نہ رکھتی ہو تو ہم لکھتے ہیں $x \notin A$۔

### اہم سیٹ Important Sets

### قدرتی اعداد کا سیٹ Set of Natural Number

گنتی کے اعداد مثلاً $1, 2, 3 \ldots$ وغیرہ قدرتی اعداد کہلاتے ہیں۔ قدرتی اعداد کا سیٹ '$N$' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$N = \{1,2,3,4,5, \ldots\}$$

### مکمل اعداد کا سیٹ Set of Whole Numbers

مکمل اعداد کے سیٹ کو '$W$' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$W = \{0,1,2,3,4,5, \cdots\}$$

## صحیح اعداد کا سیٹ Set of Integers

صحیح اعداد کے سیٹ کو علامت 'Z' سے ظاہر کیا

$$Z = \{\cdots ,-3,-2,-1,0,1,2,3,\cdots \}$$

## جفت اعداد کا سیٹ Set of Even Numbers

جفت اعداد کے سیٹ کو 'E' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$E = \{\cdots ,-4,-2,0,2,4,6,8, \cdots \}$$

## طاق اعداد کا سیٹ Set of Odd Numbers

طاق اعداد کے سیٹ کو 'O' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$O = \{\cdots ,-3,-1,1,3,5, \cdots \}$$

## مفرد اعداد کا سیٹ Set of Prime Numbers

مفرد اعداد کے سیٹ کو 'P' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$P = \{2,3,5,7,11,13,17, \cdots \}$$

مفرد اعداد ایسے اعداد ہیں جو کہ '1' اور اپنے آپ پر تقسیم ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ کسی اور عدد سے تقسیم نہیں ہوتے۔

## ناطق اعداد کا سیٹ Set of Rational Numbers

ناطق اعداد کے سیٹ کو 'Q' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$Q = \{\frac{p}{q} : q \neq 0,\ p,\ q \in Z\}$$

## 8.1.1 سیٹوں پر عوامل Operations on Sets

حساب، میں اعداد پر جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کے عوامل کی طرح سیٹوں پر یونین، تقاطع اور کمپلیمنٹ جیسے عوامل ہوتے ہیں۔

### سیٹوں کا یونین (Union of Sets)

اگر A اور B کوئی سے دو سیٹ ہوں تو سیٹ A اور سیٹ B کے یونین سے مراد اُن ممبران پر مشتمل سیٹ ہوتا ہے جو کہ سیٹ A اور سیٹ B کے تمام ارکان ہوں۔

لہٰذا $A \cup B = \{x : x \in A \text{ or } x \in B\}$

مثال کے طور پر اگر $A = \{1,2,3,4,5\}$

ہو تو $B = \{2,4,6,8,10\}$

$$A \cup B = \{1,2,3,4,5\} \cup \{2,4,6,8,10\}$$

$$= \{1,2,3,4,5,6,8,10\}$$

## مثالیں:-

(i) $A \cup B$ معلوم کیجیے اگر

$A = \{a,b,c\}$ اور $B = \{a,e,i,o,u\}$

حل:- $A = \{a,b,c\}, B = \{a,e,i,o,u\}$

تو $A \cup B = \{a,b,c\} \cup \{a,e,i,o,u\}$

$$= \{a,b,c,e,i,o,u\}$$

(ii) $C \cup D$ معلوم کیجیے اگر

$C = \{2,3,4,5\}$ اور $D = \{6,7\}$

حل:- چونکہ $C = \{2,3,4,5\}, D = \{6,7\}$

تو $C \cup D = \{2,3,4,5,\} \cup \{6,7\}$

$$= \{2,3,4,5,6,7\}$$

(iii) $E \cup F$ معلوم کیجیے اگر

$E = \{1,2,3,5,7\}$ اور $F = \{2,4,6,8\}$

حل:- $E = \{1,2,3,5,7\}, F = \{2,4,6,8\}$

$$E \cup F = \{1,2,3,5,7\} \cup \{2,4,6,8\}$$

$$= \{1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8\}$$

## سیٹوں کا تقاطع Intersection of Sets

دو سیٹوں A اور B کا تقاطع $A \cap B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ ان ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو A اور B دونوں کے مشترکہ ارکان ہوں۔

لہٰذا $A \cap B = \{x : x \in A \wedge x \in B\}$

**مثال:-** اگر $A \cap B$ معلوم کیجئے

(i) $A = \{2,3,5,7,11\}$ , $B = \{1,3,5,7,9\}$

(ii) $A = \{3,6,9,12,15,18,21,24\}$ , $B = \{4,8,12,16,20,24,28,32\}$

(iii) $A = \{1,2,3,4,6,12\}$ , $B = \{1,2,3,4,6,9,18\}$

**حل:-**

(i) چونکہ $A = \{2,3,5,7,11\}$ , $B = \{1,3,5,7,9\}$

اس لیے $A \cap B = \{2,3,5,7,11\} \cap \{1,3,5,7,9\}$

$= \{3,5,7\}$

(ii) چونکہ $A = \{3,6,9,12,15,18,21,24\}$ , $B = \{4,8,12,16,20,24,28,32\}$

لہٰذا $A \cap B = \{3,6,9,12,15,18,21,24\} \cap \{4,8,12,16,20,24,28,32\}$

$= \{12,24\}$

(iii) چونکہ $A = \{1,2,3,4,6,12\}$ , $B = \{1,2,3,4,6,9,18\}$

$A \cap B = \{1,2,3,4,6,12\} \cap \{1,2,3,4,6,9,18\}$

$= \{1,2,3,4,6\}$

## یونیورسل سیٹ Universal Set

اگر کچھ سیٹ زیر بحث ہوں تو ان میں ایک سیٹ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ وہ ان سب سیٹوں کا فوقی سیٹ (Super Set) ہو۔ ایسا سیٹ یونیورسل سیٹ کہلاتا ہے۔ جسے ہم علامت 'U' سے ظاہر کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر

اگر $A = \{1,2\}$, $B = \{2,3\}$, $C = \{1,3\}$ ہو تو $U = \{1,2,3\}$ تمام سیٹوں A,B,C کا فوقی سیٹ Super set ہے اور سیٹ A,B,C سیٹ U کے تحتی سیٹ کہلاتے ہیں۔

## سیٹ کا کمپلیمنٹ Complement of a Set

فرض کریں کہ '$A$'، کسی یونیورسل سیٹ کا تحتی سیٹ ہے۔ تو سیٹ $A$ کا کمپلیمنٹ سیٹ، یونیورسل سیٹ $U$ کے لحاظ سے، سیٹ $U$ کے ان تمام ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ $A$ میں نہ ہوں اسے علامتی طور پر $A'$، $U - A$ یا $A^c$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

پس $A' = \{x | x \in U \wedge x \notin A\}$

$x \in A' \Rightarrow x \notin A$

اور $x \in A \Rightarrow x \notin A'$

یادرہے کہ

$$A^c = U - A$$
$$U^c = U - U = \Phi, \ \Phi^c = U - \Phi = U$$
$$(A^c)^c = U - A^c = A$$

**مثال 1:-**

اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,7\}$ اور $A = \{3,4,5\}$ ہو تو $A^c$ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

چونکہ $U = \{1,2,3,4,5,6,7\}$

اس لیے $A = \{3,4,5\}$

تو $A^c = U - A$

$= \{1,2,3,4,5,6,7\} - \{3,4,5\}$

لہٰذا $A^c = \{1,2,6,7\}$

**مثال 2:-**

اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$ اور $A = \{2,3,5,7\}$ ہو تو $A^c, A \cup A^c, A \cap A^c$ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

چونکہ $U = \{1,2,3,4,5,6,7,8\},$

$A = \{2,3,5,7\}$

اس لیے $A^c = U - A$

$= \{1,2,3,4,5,6,7,8\} - \{2,3,5,7\}$

$= \{1,4,6,8\}$

اب $A \cup A^c = \{2,3,5,7\} \cup \{1,4,6,8\}$

$= \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$

$= U$

$$A \cap A^c = \{2,3,5,7\} \cap \{1,4,6,8\}$$
$$= \{\ \}$$
$$= \Phi$$

یعنی کہ
$A \cup A^c = U$ اور $A \cap A^c = \Phi$

**مثال 3:-**

اگر $A = \{9,10,11,12,...,20\}$, $U = \{1,2,3,...,20\}$ ہو تو $A^c$, $A \cup A^c$ اور $A \cap A^c$ معلوم کیجیے۔

**حل:-**

$$A^c = U - A$$
$$= \{1,2,3,...,20\} = \{9,10,11,12,...,20\}$$
$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$

اب

$$A \cup A^c = \{9,10,11,12,...,20\} \cup \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$
$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8,9...,20\}$$
$$= U$$
$$A \cap A^c = \{9,10,11,12,...,20\} \cap \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$
$$= \{\ \}$$
$$= \Phi$$

$A \cup A^c = U$ اور $A \cap A^c = \Phi$

## دوسیٹوں کا فرق Difference of two sets

اگر $A$ اور $B$ دو سیٹ ہوں۔ تو $A$ سے $B$ کا فرق سیٹ $A$ کے ان ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ $B$ میں موجود نہ ہوں۔ علامتی طور پر اسے $A-B$ یا $A \setminus B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح $B$ سے $A$ کا فرق سیٹ $B$ کے ان ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ $A$ میں موجود نہ ہوں جسے $B-A$ یا $B \setminus A$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(i) فرض کیا کہ $A = \{2,3,4,5\}$, $B = \{2,4,6,8\}$

تب $A-B = \{2,3,4,5\} - \{2,4,6,8\} = \{3,5\}$

اور $B-A = \{2,4,6,8\} - \{2,3,4,5\} = \{6,8\}$

(ii) فرض کیا $A = \{3,4,5,6,7\}$, $B = \{1,2,3,4,7,8,9,10\}$

$A \setminus B = \{3,4,5,6,7\} \setminus \{1,2,3,4,7,8,9,10\} = \{5,6\}$

اور $B \setminus A = \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \setminus \{3,4,5,6,7\}$

$= \{1,2,8,9,10\}$

$A - B \neq B - A$

## 8.1.2 سیٹوں کے یونین کے خواص Properties of Union of Sets

### خاصیت مبادلہ Commutative Property

کوئی سے دو سیٹوں A اور B کے لیے

$$A \cup B = B \cup A$$

فرض کیا کہ

$$A \cup B = \{x : x \in A \text{ or } x \in B\}$$
$$= \{x : x \in B \text{ or } x \in A\}$$
$$= B \cup A$$

پس

$$A \cup B = B \cup A$$

### خاصیت تلازم Associative Property

کوئی سے تین سیٹوں A,B,C کے لیے

$$(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$$

فرض کیا

$$(A \cup B) \cup C = \{x : x \in (A \cup B) \text{ or } x \in C\}$$
$$= \{x : (x \in A \text{ or } x \in B) \text{ or } x \in C\}$$
$$= \{x : x \in A \text{ or } (x \in B \text{ or } x \in C)\}$$
$$= \{x : x \in A \text{ or } x \in (B \cup C)\}$$
$$= A \cup (B \cup C)$$

پس

$$(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$$

**مثال:-** اگر $A = \{1,2,3,4\}$ , $B = \{7,8,9,10\}$ اور $C = \{2,6\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ

(a) $A \cup B = B \cup A$

(b) $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

**حل:-** چونکہ $A = \{1,2,3,4\}$ , $B = \{7,8,9,10\}$ , $C = \{2,6\}$

(a) اس لیے

$$A \cup B = \{1,2,3,4\} \cup \{7,8,9,10\}$$
$$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \text{.......... (i)}$$

$$B \cup A = \{7,8,9,10\} \cup \{1,2,3,4\}$$
$$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \text{.......... (ii)}$$

نتائج (i) اور (ii) سے

$$A \cup B = B \cup A$$

(b) $(A \cup B) \cup C = (\{1,2,3,4\} \cup \{7,8,9,10\}) \cup \{2,6\}$

$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \cup \{2,6\}$

$= \{1,2,3,4,6,7,8,9,10\}$..........(i)

$A \cup (B \cup C) = \{1,2,3,4\} \cup (\{7,8,9,10\} \cup \{2,6\})$

$= \{1,2,3,4\} \cup \{2,6,7,8,9,10\}$

$= \{1,2,3,4,6,7,8,9,10\}$..........(ii)

نتائج (i) اور (ii) سے $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

## Properties of Intersection of Sets سیٹوں پر تقاطع کے خواص

### خاصیت مبادلہ Commutative Property

کسی دو سیٹوں A اور B کے لیے

$$A \cap B = B \cap A$$

ثبوت: فرض کیا کہ $A \cap B = \{x : x \in A \text{ and } x \in B\}$

$= \{x : x \in B \text{ and } x \in A\}$

$= \{x : x \in (B \cap A)\}$

$= B \cap A$

پس $A \cap B = B \cap A$

### خاصیت تلازم Associative Property

کوئی سے تین سیٹوں A,B,C کے لیے

$$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$$

فرض کیا کہ $(A \cap B) \cap C = \{x : x \in (A \cap B) \text{ and } x \in C\}$

$= \{x : (x \in A \text{ and } x \in B) \text{ and } x \in C\}$

$= \{x : x \in A \text{ and } x \in B \text{ and } x \in C\}$

$= \{x : x \in A \text{ and } (x \in B \text{ and } x \in C)\}$

$= \{x : x \in A \text{ and } x \in (B \cap C)\}$

$= \{x : x \in A \cap (B \cap C)\}$

$= A \cap (B \cap C)$

پس $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

## 8.1.3 وین اشکال Venn Diagram

سیٹوں کے درمیان تعلق کو مناظری لحاظ سے ظاہر کرنے کے لئے، ہم سیٹوں کو اشکال کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔ جو کہ وین اشکال کہلاتی ہیں۔ وین اشکال کو سب سے پہلے انگریز ماہر منطق اور ریاضی دان جان وین *John Venn* (1834-1883) نے استعمال کیا۔

وین اشکال میں عموماً یونیورسل سیٹ کو ایک مستطیلی علاقہ اور اس کے متعلقہ تحتی سیٹوں کو اس کے اندر بند علاقوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثلاً اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,\}$ اور $A = \{3,4,5\}$




دی ہوئی شکل میں مستطیلی علاقہ یونیورسل سیٹ $U$ کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ اس کے اندر دائروی بند علاقہ سیٹ $A$ کو ظاہر کرتا ہے۔

$A$ سے باہر $U$ کا نقاط دار علاقہ $A$ کے کمپلیمنٹ یعنی $A^c$ کو ظاہر کرتا ہے پس $A^c = \{1,2,6\}$

## سیٹوں کا یونین اور تقاطع Union and Intersection of Sets

فرض کیا $U = \{1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8\}$

اور $A = \{1, 3, 4, 5\}$ اور $B = \{2, 4, 5, 6\}$

اس کے کوئی دو تحتی سیٹ ہیں تب۔




شکل میں مستطیلی علاقہ $U$ کائناتی سیٹ کو ظاہر کرتا ہے چونکہ $A$ اور $B$ دو متقاطع سیٹ ہیں۔ لہٰذا دو متقاطع دائرے $A$ اور $B$ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(1) $A$ اور $B$ سے گھرا ہوا علاقہ $A \cup B$ ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا $A \cup B = \{1, 3, 4, 5\} \cup \{2, 4, 5, 6\} = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$

(2) دونوں سیٹوں $A$ اور $B$ کا مشترکہ علاقہ $A \cap B$ کو ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا $A \cap B = \{1, 3, 4, 5\} \cap \{2, 4, 5, 6\} = \{4, 5\}$

## 8.1.4 سیٹوں کی یونین اور تقاطع کی خاصیت مبادلہ وین اشکال میں

### سیٹوں کا یونین جب دو سیٹ غیر متراکب ہوں When two Sets are Disjoint




شکل میں لکیر دار اور نقاط دار حصہ $A \cup B$ کو ظاہر کرتا ہے اور یہی نقاط دار اور لکیر دار حصہ $B \cup A$ کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ جس کا مطلب ہوا کہ $A \cup B$ اور $B \cup A$ کو ایک ہی طرح کا حصہ ظاہر کرتا ہے پس

$$A \cup B = B \cup A$$

### سیٹوں کا یونین جب سیٹ متراکب ہوں When two Sets are Overlapping




دی گئی شکل میں نقاط دار، نقاط دار اور لکیر دار حصہ $A \cup B$ کو ظاہر کرتا ہے اور اسی طرح لکیر دار، لکیر دار اور نقاط دار اور نقاط دار حصہ $B \cup A$ کو ظاہر کرتا ہے لہٰذا $A \cup B = B \cup A$

### سیٹوں کا تقاطع جب دونوں سیٹ غیر متراکب ہوں When two Sets are Disjoint




شکل میں لکیر دار حصہ سیٹ A کو جبکہ نقاط دار حصہ سیٹ B کو ظاہر کرتا ہے۔ یعنی کہ $U$ کا کوئی بھی حصہ $A \cap B$ اور $B \cap A$ کو ظاہر نہیں کرتا۔

پس $A \cap B = B \cap A$

### سیٹوں کا تقاطع جب دونوں سیٹ متراکب ہوں When two Sets are Overlapping




شکل میں نقاط دار، نقاط دار اور لکیر دار حصہ A سیٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ لکیر دار اور نقاط دار، لکیر دار حصہ سیٹ B کو ظاہر کرتا ہے۔ لکیر دار اور نقاط دار حصہ دونوں سیٹوں کا مشترکہ علاقہ ہے جو کہ $A \cap B$ اور $B \cap A$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $A \cap B = B \cap A$

## سیٹوں کی یونین اور تقاطع کی خاصیت تلازم وین اشکال میں

### سیٹوں کا یونین جب تینوں سیٹ غیر متراکب ہوں When three Sets are Disjoint




شکل میں لکیردار حصہ $(A \cup B) \cup C$ اور $A \cup (B \cup C)$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

### سیٹوں کا یونین جب تینوں سیٹ متراکب ہوں When three Sets are Overlapping




شکل میں لکیردار حصہ $(A \cup B) \cup C$ اور $A \cup (B \cup C)$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

### سیٹوں کا تقاطع جب تینوں سیٹ غیر متراکب ہوں When three Sets are Disjoint




دی ہوئی شکل کا کوئی بھی حصہ $A \cap (B \cap C)$ اور $(A \cap B) \cap C$ ظاہر نہیں کرتا۔

پس $A \cap (B \cap C) = (A \cap B) \cap C$

### سیٹوں کا تقاطع جب تینوں سیٹ متراکب ہوں When three Sets are overlapping




دی ہوئی شکل کا سایہ دار حصہ $A \cap (B \cap C)$ اور $(A \cap B) \cap C$ کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا $A \cap (B \cap C) = (A \cup B) \cap C$

## ڈی مارگن کے قوانین De Morgan's Laws

یونیورسل سیٹ $U$ کے دو تحتی سیٹوں $A$ اور $B$ کے لئے




$$(A \cup B)^c = A^c \cap B^c \quad (i)$$

$$(A \cap B)^c = A^c \cup B^c \quad (ii)$$

شکل میں ☰ لائنوں سے ظاہر کیا گیا حصہ $A \cup B$ کو جبکہ |||| حصہ $(A \cup B)^c$ کو ظاہر کرتا ہے۔




شکل میں # چیک دار حصہ $A^c \cap B^c$ کو ظاہر کرتا ہے۔ لہٰذا دونوں اشکال میں |||| اور # ایک ہی جگہ ہیں۔

پس $(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$

اس کا دوسرا قانون طلبہ کے لیے بطور مشق چھوڑ دیا گیا ہے۔

**مثال :-** اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\}$، $A = \{2,3,4,6,7,8,9,10\}$ اور $B = \{2,3,5,7,9\}$ ہو تو ڈی مارگن کے قوانین ثابت کیجئے۔

**حل :-** چونکہ $A = \{2,3,4,6,7,8,9,10\}$

$B = \{2,3,5,7,9\}$

(a) $A \cup B = \{2,3,4,6,7,8,9,10\} \cup \{2,3,5,7,9\}$

$= \{2,3,4,5,6,7,8,9,10\}$

$(A \cup B)^c = U - (A \cup B)$

$= \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\} - \{2,3,4,5,6,7,8,9,10\}$

$= \{1,11,12\} ......(i)$

$$A^c = U - A$$

$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\} - \{2,3,4,5,6,7,8,9,10\}$$

$$= \{1,11,12\}$$

$$B^c = U - B$$

$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\} - \{2,3,5,7,9\}$$

$$= \{1,4,6,8,10,11,12\}$$

$$A^c \cap B^c = \{1,11,12\} \cap \{1,4,6,8,10,11,12\}$$

$$= \{1,11,12\} \ldots\ldots (ii)$$

(i) اور (ii) کی مدد سے

$$(A \cup B)^c = A^c \cup B^c$$

(b) $A \cap B = \{2,3,4,6,7,8,9,10\} \cap \{2,3,5,7,9\}$

$$= \{2,3,7,9\}$$

$$(A \cap B)^c = U - (A \cap B)$$

$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\} - \{2,3,7,9\}$$

$$= \{1,4,5,6,8,10,11,12\} \ldots\ldots (i)$$

$$A^c = U - A$$

$$= \{1,5,11,12\}$$

$$B^c = U - B$$

$$= \{1,4,6,8,10,11,12\}$$

$$A^c \cup B^c = \{1,4,6,8,10,11,12\} \ldots\ldots (ii)$$

(i) اور (ii) کی مدد سے

$$(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$$

# مشق 8.1

-1 اگر $A = \{1,4,7,8\}$, $B = \{4,6,8,9\}$ اور $C = \{3,4,5,7\}$ ہو تو درج ذیل معلوم کیجئے۔

(i) $A \cup B$ (ii) $B \cup C$

(iii) $A \cap C$ (iv) $A \cap (B \cap C)$

(v) $(A \cup B) \cup C$ (vi) $(A \cap B) \cap C$

-2 اگر $A = \{1,7,11,15,17,21\}$, $B = \{11,17,19,23\}$ اور $C = \{2,3,5\}$ ہو تو

ثابت کیجئے کہ $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

-3 اگر $A = \{2,4,6\}$, $B = \{3,6,9,12\}$ اور $C = \{4,6,8,10\}$ ہو تو

ثابت کیجئے کہ $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$

-4 اگر $A = \{2,3,5,7,9\}$, $B = \{1,3,5,7\}$ اور $C = \{2,3,4,5,6\}$ ہو تو

ثابت کیجئے کہ $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

-5 اگر $U = \{7,8,9,10,11,12,13,14\}$

$A = \{7,10,13,14\}$

اور $B = \{7,8,11,12\}$ ہو تو

ثابت کیجئے کہ $(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$

-6 ڈی مارگن کے قوانین ثابت کیجئے اگر $U = \{4,6,8,9,10\}$, $A = \{4,6\}$ اور $B = \{6,8,9\}$

-7 اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}$, $A = \{2,3,6,9\}$

اور $B = \{1,3,6,7,8\}$ ہو تو

ثابت کیجئے کہ $(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$

-8 خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) $A \cup A =$ ________ (ii) $A \cap A =$ ________

(iii) $A \cup \Phi =$ ________ (iv) $A \cap \Phi =$ ________

(v) $\Phi \cup \Phi =$ ________ (vi) $(A \cap B)^c =$ ________

(vii) $(A \cup B)^c =$ ________ (viii) $(A^c)^c =$ ________

(ix) $\Phi \cap \Phi^c =$ ________ (x) $A \cap A^c =$ ________

## 8.2 ثنائی ربط BINARY RELATION

دو غیر خالی سیٹ $A = \{1,2\}$ اور $B = \{3,4\}$ لیجیے پھر $A\times B = \{(1,3),(1,4),(2,3),(2,4)\}$ جبکہ $A, A\times B$ سے $B$ کارتیسی حاصل ضرب (Cartesian Product) کہلاتا ہے۔ $A\times B$ کے ارکین $(1,3),(1,4),(2,3)$ اور $(2,4)$ مترتب جوڑے کہلاتے ہیں۔

اسی طرح $B\times A = \{(3,1),(3,2),(4,1),(4,2)\}$، $B$ سے $A$ کارتیسی حاصل ضرب کہلاتا ہے۔ بالعموم $A\times B \neq B\times A$ درج ذیل $A\times B$ کے تمام تحتی سیٹ (Sub sets) $A$ سے $B$ ثنائی روابط (A to B, Binary Relations) کہلاتے ہیں۔

$R_1 = \{\ \}$, $R_2 = \{(1,3)\}$, $R_3 = \{(1,4)\}$

$R_4 = \{(2,3)\}$, $R_5 = \{(2,4)\}$, $R_6 = \{(1,3),(1,4)\}$

$R_7 = \{(1,3),(2,3)\}$, $R_8 = \{(1,3),(2,4)\}$, $R_9 = \{(1,4),(2,3)\}$

$R_{10} = \{(1,4),(2,4)\}$, $R_{11} = \{(2,3),(2,4)\}$, $R_{12} = \{(1,3),(1,4),(2,3)\}$

$R_{13} = \{(1,3),(2,3),(2,4)\}$, $R_{14} = \{(1,4),(2,3),(2,4)\}$,

$R_{15} = \{(1,3),(1,4),(2,4)\}$, $R_{16} = \{(1,3),(1,4),(2,3),(2,4)\}$.

کسی بھی ثنائی ربط کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین پر مشتمل سیٹ اس ثنائی ربط کا ڈومین (Dom) کہلاتا ہے۔ جبکہ مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام پر موجود ارکین کا سیٹ اس ثنائی ربط کی رینج (Range) کہلاتا ہے۔ درج ذیل مثال پر غور کیجیے۔

$A = \{1,2,3\}$, $B = \{3,4\}$,

$A\times B = \{(1,3),(1,4),(2,3),(2,4),(3,3),(3,4)\}$

ہم $A\times B$ کا ایک تحتی سیٹ لیتے ہیں۔

$R_1 = \{(1,3),(2,4),(3,4)\}$

$R_1$ ایک ربط یا ثنائی ربط ہے۔

ڈومین $R_1 = \{1,2,3\}$

رینج $R_1 = \{3,4\}$

اسی طرح اگر $A = \{4,5,6\}$ ہو تو

$A\times A = \{(4,4),(4,5),(4,6),(5,4),(5,5),(5,6),(6,4),(6,5),(6,6)\}$

تو ہم $A\times A$ کا تحتی سیٹ 'R' اس طرح لیتے ہیں کہ $R = \{(4,4),(5,5),(6,6)\}$

ڈومین $R = \{4,5,6\}$

رینج $R = \{4,5,6\}$

**مثال :-** اگر $C = \{1,2\}$ ہوتو $C \times C$ میں ثنائی روابط کی تعداد لکھیے۔

**حل :-**

چونکہ $C = \{1,2\}$

$C \times C = \{(1,1),(1,2),(2,1),(2,2)\}$

تو $C \times C$ کے ثنائی روابط کی تعداد $2^4$ یا $16$ ہوگی۔

## 8.3 تفاعل FUNCTION

دو سیٹوں $A$ اور $B$ میں اسی طرح کا ثنائی ربط '$f$' ایسا ہو کہ

(i) $'f' = A$ ڈومین

(ii) '$f$' کے ہر مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے اراکین میں تکرار (Repetition) نہ ہو۔

تب '$f$' کو $A$ سے $B$ کی جانب فنکشن کہتے ہیں اور اسے یوں ظاہر کرتے ہیں۔ $f : A \to B$

**مثال :-**

$A = \{1,2,3\}$ , $B = \{x,y,z\}$

$A \times B = \{(1,x), (2,x), (3,x), (1,y), (2,y), (3,y), (1,z), (2,z), (3,z)\}$




درج ذیل دو ثنائی روابط لیجیے۔

$f_1 = \{(1,x),(2,y),(1,z)\}$

$f_2 = \{(1,y),(2,x),(3,y)\}$

ثنائی ربط $f_1$ :

(i) $f_1 \subset A \times B.$

(ii) Dom $f_1 \neq A$

(iii) '$f_1$' کے مترتب جوڑوں $(1,x),(1,z)$ کے پہلے ارکان میں تکرار پائی جاتی ہے۔

لہٰذا $f_1$ ایک ثنائی ربط ہے مگر فنکشن نہیں ہے۔ رینج $f_1 = \{x, y, z\}$




ثنائی ربط $f_2$ :

(i) $f_2 \subset A \times B$

(ii) ڈومین $f_2 = \{1, 2, 3\} = A$

(iii) $f_2$ کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے اراکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔

رینج $f_2 = \{x, y\} \subset B$ لیکن رینج $f_2 \neq B$

لہٰذا $f_2$، $A$ سے $B$ کی جانب فنکشن ہے۔

## اِن ٹو فنکشن Into Function

اگر $f$، $A$ سے $B$ کی جانب فنکشن ہو۔

یعنی رینج $f \subset B$ مگر رینج $f \neq B$

تو $f$ کو $A$ ان ٹو $B$ فنکشن کہتے ہیں۔

### مثال:-




$A = \{l, m, n\}, \quad B = \{3, 5, 7\}$

$A \times B = \{(l, 3), (l, 5), (l, 7), (m, 3), (m, 5), (m, 7), (n, 3), (n, 5), (n, 7)\}$

ایک ثنائی ربط 'f' لیا۔

$f = \{(l, 5), (m, 5), (n, 5)\}$

ہم دیکھتے ہیں کہ

(i) $f \subset A \times B$

(ii) ڈومین $f = \{l, m, n\} = A$

(iii) $f$ کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے اراکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔ یا یوں کہ سیٹ $A$ کا ہر ایک رکن ایک اور صرف ایک مرتبہ سیٹ $B$ کے ایک رکن سے جوڑا گیا ہے۔

(iv) رینج $f = \{5\} \subset B$ لیکن رینج $f \neq B$

لہٰذا "f" "A ان ٹو B" فنکشن ہے۔

ایک اور ثنائی ربط 'r'، پر غور کیجئے۔ جو کہ یوں ہے۔




$r = \{(\ell,7), (m,3), (n,3)\}$.

(i) $r \subset A \times B$

(ii) ڈومین $r = \{\ell, m, n\} = A$

(iii) مترتب جوڑوں میں سیٹ $A$ کے ہر ایک رکن کو سیٹ $B$ کے ارکان سے جوڑا گیا ہے۔
یعنی کہ $r$ کے کسی دو مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے اراکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔

(iv) رینج $r = \{3,7\} \neq B$

لہٰذا 'r' $A$ ان ٹو $B$ فنکشن ہے۔

آیئے سیٹ 'S' $A$ سے $B$ کی جانب ایک اور ثنائی ربط لیتے ہیں۔

$S = \{(\ell,3), (\ell,5), (m,7), (n,3)\}$




(i) $S \subset A \times B$

(ii) $\text{Dom } S = \{\ell, m, n\} = A$

(iii) مترتب جوڑوں $(\ell,3)$, $(\ell,5)$ میں پہلے رکن '$\ell$' کی تکرار ہے یعنی $\ell \in A$ کو $3,5 \in B$ کے دو اراکین سے جوڑا گیا ہے۔

**لہٰذا 'S' ایک فنکشن نہیں ہے۔**

## ان جیکٹو فنکشن Injective Function

اگر 'f' A ان ٹو B اس طرح سے فنکشن ہو کہ 'f' کے کسی دو مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام کے ارا کین ایک جیسے نہ ہوں۔ تو پھر f کو "ان جیکٹو" فنکشن کہتے ہیں۔

مثلاً $A = \{2,3\}, \quad B = \{a,b,c\},$

$f = \{(2,a),(3,b)\}$

(i) ڈومین $f = \{2,3\} = A$

(ii) f کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارا کین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔

(iii) رینج $f \neq B$

لہٰذا 'f' A ان ٹو B فنکشن ہے۔

(iv) f کے مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام کے ارا کین ایک جیسے نہیں (تکرار نہیں پائی جاتی)

پس 'f' ون۔ ون ہے۔ لہٰذا 'f' ان جیکٹو فنکشن ہے۔




## آن ٹو فنکشن Surjective Function

اگر 'f' سیٹ A ٹو B ایسا فنکشن ہو کہ 'f' کی رینج سیٹ B کے برابر ہو یعنی رینج $f = B$، تب 'f' A آن ٹو B فنکشن کہلاتا ہے۔

مثال کے طور پر

$A = \{1,2,3\}, \ B = \{x,y\}$

$f = \{(1,x),(2,x),(3,y)\}$

رینج $f = \{x,y\} = B$

لہٰذا 'f' A آن ٹو B فنکشن ہے۔



**مثال:-** فرض کیا




$C = \{p, q, r\}$

$D = \{2, 3\}$

$C \times D = \{(p,2), (q,2), (r,2), (p,3), (q,3), (r,3)\}$

$g = \{(p,2), (q,2), (r,3)\}$

(i) $g$ ڈومین $= \{p, q, r\}$

(ii) $g$ کے کسی بھی دو مترتب جوڑوں کے پہلے ارکان میں تکرار نہیں پائی جاتی ہے۔
لہٰذا $C, g$ سے $D$ کی جانب فنکشن ہے۔

(iii) رینج $(g) = D$

پس $C$ ,'g' آن ٹو $D$ فنکشن ہے۔

**مثال:-** فرض کیا




$A = \{3, 5, 7\}$

$B = \{x, y, z\}$

$A \times B = \{(3,x), (3,y), (3,z), (5,x), (5,y), (5,z), (7,x), (7,y), (7,z)\}$

$f = \{(3,x), (5,y), (7,z)\}$

(i) $f$ ڈومین $= \{3, 5, 7\} = A$

(ii) 'f' کے کسی بھی دو مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکان میں تکرار نہیں پائی جاتی ہے۔
لہٰذا 'f' $A$ سے $B$ فنکشن ہے۔

(iii) رینج $f = B$

پس 'f' $A$ آن ٹو $B$ فنکشن ہے۔

## بائی جیکٹو فنکشن Bijective Function

اگر 'f' سیٹ A سے سیٹ B میں اس طرح فنکشن ہو کہ




(i) 'f' A آن ٹو B فنکشن ہو۔

(ii) 'f' ون۔ون فنکشن ہو۔

تو پھر 'f' بائی جیکٹو فنکشن کہلاتا ہے۔

دی گئی شکل میں 'f' ون۔ون اور آن ٹو فنکشن ہے۔

$f = \{(1,a),(2,b),(3,c)\}$

**مثال:-** فرض کیا

$X = \{7, 8, 9\},\ \ Y = \{d, e, f\}$

تب، $X \times Y = \{(7,d),(8,d),(9,d),(7,e),(8,e),(9,e),(7,f),(8,f),(9,f)\}$

اور $h = \{(7,e),(8,d),(9,f)\}$




(i) $h \subset X \times Y$

(ii) ڈومین $h = \{7,8,9\} = X$

(iii) $h$ کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکان میں کوئی تکرار نہ ہے۔

یعنی ڈومین میں تکرار نہیں۔ لہٰذا 'h' X سے Y کی جانب فنکشن ہے۔

(iv) رینج $h = Y = \{d, e, f\}$

پس h، X آن ٹو Y فنکشن ہے۔

(v) مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام کے ارکان جو کہ Y سے ہیں میں تکرار نہیں ہے۔

لہٰذا 'h' (ون۔ون) فنکشن ہے۔ اس لیے 'h' بائی جیکٹو فنکشن ہے۔

# مشق 8.2

-1 اگر $A = \{3,5,6\}$, $B = \{1,3\}$ ہو تو $A \times B$ اور $B \times A$ معلوم کیجئے۔
اور خود سے دو دوثنائی روابط لکھ کر ان کی ڈومین اور رینج معلوم کیجئے۔

-2 اگر $A = \{-2,1,4\}$ تو $A$ میں دو ثنائی روابط لکھ کر اُن کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

-3 مندرجہ ذیل میں ہر ایک کے ممکن ثنائی روابط کی تعداد لکھیے۔

(i) $C \times C$ میں جبکہ $C$ کے ارکان کی تعداد 3 ہے۔

(ii) $A \times B$ میں جبکہ $A$ میں 3 ارکان اور $B$ میں 4 ارکان ہوں۔

-4 اگر $L = \{1,2,3\}$ اور $M = \{2,3,4\}$ ہو تو 'R' ثنائی ربط ایسا لکھیے کہ:
$R = \{(x,y) | x \in L , y \in M \wedge y \leq x\}$ اور $R$ کی ڈومین اور رینج بھی لکھیے۔

-5 اگر $X = \{0,3,5\}$ اور $Y = \{2,4,8\}$ ہو تو $X \times Y$ میں چار ثنائی روابط لکھیے۔

-6 اگر $A = \{a,b,c\}$ اور $B = \{2,4,6\}$ اور $f = \{(a,4),(b,4),(c,4)\}$
ایک $A \times B$ سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجئے کہ 'f' $A$ ان ٹو $B$ فنکشن ہے۔

-7 اگر $A = \{\ell, m, n\}$ اور $B = \{1,2,3\}$ اور $g = \{(\ell,3) (m,1) (n,1)\}$
ایک $A \times B$ سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجئے کہ 'g' $A$ ان ٹو $B$ فنکشن ہے۔

-8 اگر $A = \{1,3,5\}$ اور $B = \{x,y,z\}$ اور $g = \{(1,x),(3,y),(5,z)\}$
ایک $A \times B$ سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجئے کہ $g$, $A$ آن ٹو $B$ فنکشن ہے۔

# جائزہ مشق 8

1۔ صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو $A \cup B = ?$

(a) $\Phi$ (b) $B \cup A$ (c) $A \cap B$ (d) $B \cap A$

(ii) اگر A اور B دو متراکب (Overlapping) سیٹ ہوں تو $A \cap B = ?$

(a) $\Phi$ (b) $B \cap A$ (c) $A \cap B$ (d) $B \cup A$

(iii) دو سیٹوں A اور B کے لیے $A \cup B = B \cup A$ کہلاتا ہے۔

(a) خاصیت مبادلہ (b) خاصیت تلازم (c) ڈی مارگن کا قانون (d) دو سیٹوں کا کمپلیمنٹ

(iv) $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$ کہلاتی ہے۔

(a) خاصیت مبادلہ (b) خاصیت تلازم (c) ڈی مارگن کا قانون (d) سیٹوں کا تقاطع

(v) اگر $U = \{1,2,3,4\}$، $A = \{4\}$ تو $A^c = ?$

(a) $\{1,2,3\}$ (b) $\Phi$ (c) $\{1\}$ (d) $\{1,2,3,4\}$

(vi) اگر $U = \{1,2,3\}$، $A = \{1\}$ ہو تو $U - A = ?$

(a) $\{2,3\}$ (b) $\{1,2\}$ (c) $\{1,3\}$ (d) $\Phi$

(vii) $(A \cup B)^c = ?$

(a) $A^c \cup B^c$ (b) $A^c \cap B^c$ (c) $(A \cap B)^c$ (d) $\Phi$

(viii) $(A \cap B)^c = ?$

(a) $A^c \cap B^c$ (b) $A^c \cup B^c$ (c) $A \cap B$ (d) $A \cup B$

(ix) اگر $R = \{(4,5),(5,4),(5,6),(6,4)\}$ ہو تو ڈومین $(R) = ?$

(a) $\{4,6\}$ (b) $\{4,5\}$ (c) $\{4,5,6\}$ (d) $\{5,6\}$

(x) اگر $R = \{(4,5),(5,4),(5,6),(6,4)\}$ ہو تو رینج $(R) = ?$

(a) $\{4\}$ (b) $\{5\}$ (c) $\{6\}$ (d) $\{4,5,6\}$

2- خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) $(A \cup B)' =$ ____________

(ii) $(A \cap B)' =$ ____________

(iii) $A \cup (B \cup C) =$ ____________

(iv) $A \cap (B \cap C) =$ ____________

(v) اگر $A$ اور $B$ دو سیٹ ہوں تو $A \cup B = B \cup A$ ____________ کہلاتی ہے۔

(vi) اگر $A$ اور $B$ دو سیٹ ہوں تو $A \cap B = B \cap A$ ____________ کہلاتی ہے۔

(vii) دو سیٹوں کے کارتیسی حاصل ضرب کا تحتی سیٹ ____________ کہلاتا ہے۔

(viii) اگر $R_1 = \{(1,2),(3,4),(5,6)\}$ ہو تو $R_1$ کی ڈومین ____________ ہے۔

(ix) اگر $R_1 = \{(1,2),(3,4),(5,6)\}$ ہو تو $R_1$ کی رینج ____________ ہے۔

(x) اگر $f : A \to B$ ہو تو سیٹ $A$ کے ہر رکن کی امیج ____________ میں ہوگی۔

3- اگر $A=\{1,2,3,4,5,6\}$, $B=\{2,3,4,6\}$ اور $C=\{2,3,4,7,8,9\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ

$$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$$

4- اگر $A=\{2,3,4\}$, $B=\{3,6,9,12\}$ اور $C=\{4,6,8,10\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ

$$A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$$

5- اگر $A=\{2,3,4\}$ اور $B=\{1,3\}$ ہو تو $A \times B$ اور $B \times A$ لکھیے۔ نیز ان میں دو، دو ثنائی روابط بھی بنایئے۔

6- درج ذیل میں ممکن ثنائی روابط کی تعداد لکھیے۔

(i) $C \times C$ میں اگر $C$ میں ارکان کی تعداد 4 ہو۔

(ii) $A \times B$ میں اگر $A$ میں 2 اور $B$ میں 3 ارکان ہوں۔

7- اگر $R = \{(a,b) : a,b \in W, 3a + 2b = 16\}$ ہو تو $R$ کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

# خلاصہ

- واضح اور جدا جدا اشیاء کے اجتماع یا اکٹھ کو سیٹ کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قدرتی اعداد کا سیٹ | $N = \{1,2,3,\cdots\}$ |
| مکمل اعداد کا سیٹ | $W = \{0,1,2,3,\cdots\}$ |
| صحیح اعداد کا سیٹ | $Z = \{\cdots -3,-2,-1,0,1,2,3,\cdots\}$ |
| ناطق اعداد کا سیٹ | $Q = \{\frac{p}{q} \mid p,q \in Z, q \neq 0\}$ |
| غیر ناطق اعداد کا سیٹ | $Q'$ |
| حقیقی اعداد کا سیٹ | $R = Q \cup Q'$ |

- اگر زیر بحث سیٹ اس طرح سے ہوں کہ ان میں ایک ایسا سیٹ ہو جو ان تمام سیٹوں کا فوقی (سُپر) سیٹ ہو تو ایسا سیٹ یونیورسل سیٹ کہلاتا ہے جسے علامت '$U$' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- اگر سیٹ $A$ کسی یونیورسل سیٹ $U$ کا تحتی سیٹ ہو تو $A$ کمپلیمنٹ جسے $A'$ , $A^c$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔$U$ کے ان تمام ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو $A$ میں نہ ہوں اسے ہم $A$ کا کمپلیمنٹ کہتے ہیں۔
- اگر $A$ اور $B$ کوئی سے دو سیٹ ہوں تو کارتیسی ضرب $A \times B$ کا ہر تحتی سیٹ $A$ سے $B$ کی جانب ثنائی ربط کہلاتا ہے۔
- ایک ثنائی ربط '$f$' دو غیر خالی سیٹوں $A$ اور $B$ کے درمیان اس طرح ہو کہ
  (i) $f$ ڈومین $= A$
  (ii) ثنائی ربط '$f$' کوئی سے بھی دو مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکان میں تکرار نہ ہو تو '$f$' کو $A$ سے $B$ کا فنکشن کہتے ہیں۔
- دو سیٹوں $A$ اور $B$ کے یونین سے مراد ان ارکان کا سیٹ ہے جو یا تو $A$ میں یا $B$ میں ہوں اسے $A \cup B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- دو سیٹوں $A$ اور $B$ کا تقاطع جسے $A \cap B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے، سے مراد ایسا سیٹ ہے جو $A$ اور $B$ دونوں کے مشترک ارکان پر مشتمل ہو۔
- اگر $A$ اور $B$ دو سیٹ ہوں تو $A$ سے $B$ کے فرق سے مراد $A$ کے ان ارکان کا سیٹ جو سیٹ $B$ میں نہ ہوں اسے علامتی طور پر $(A-B)$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

یونٹ

9

# خطی گراف
# LINEAR GRAPHS

- کارتیسی مستوی اور خطی گراف
- گراف مبادلہ

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- کہ حقیقی اعداد کے جوڑے کو مترتب جوڑے کے طور پر لے سکتے ہیں۔
- مترتب جوڑے کی پہچان کیا ہے مثلاً مترتب جوڑے $(2,3)$ کو کسی امتحانی مرکز میں لگی سیٹنگ پلان میں سیٹ کا تعین دوسری قطار اور تیسرے کالم کی صورت میں کر سکیں۔
- کہ کسی مستطیلی یا کارتیسی مستوی پر ایک دوسرے پر متقاطع محددی خطوط جو نقطہ پر قطع کرتے ہوں کو ظاہر کرتے ہیں۔
- کہ مبداء $(O)$ اور محددی محوروں کی پہچان بطور X-axis محور اور Y-axis محور کیا ہے۔
- کہ کسی مترتب جوڑے $(a,b)$ کو محددی مستوی پر ظاہر کیسے کرتے ہیں۔
  - '$a$' کو x- محدد یا (Abscisa)
  - '$b$' کو y محدد یا (Ordinate)
- کہ دیے گئے نقاط کے سیٹ کو ملا کر جیومیٹری کی مختلف اشکال مثلاً خط۔ مثلث۔ یا مستطیل وغیرہ کیسے بنتے ہیں۔
- کہ دو متغیرات میں دی گئی مساواتوں کی ان متغیرات کی مساوات پر پورا اترنے والی جوڑا قیمتوں کا جدول بنانا۔
- کہ ریاضی کے کسی فقرہ کو ان جوڑوں کی مدد سے گراف میں ظاہر کیسے کرتے ہیں۔
- کہ مناسب سکیل کا تعین کر کے گراف کیسے بناتے ہیں۔
- گراف بنانا درج ذیل مساواتوں کی صورت میں۔
  - $y = mx + c$
  - $y = mx$
  - $x = a$
  - $y = c$
- کہ کسی جدول میں دی گئی عددی قیمتوں سے گراف کیسے بنتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے کسی فنکشن (تفاعل) کی ڈومین اور رینج کا تعین کیسے ہوتا ہے۔
- کہ راست تناسب میں دی گئی دو مقداروں کے باہمی تعلق کو گراف کی مدد سے واضح کیسے کیا جاتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے ایک مقدار کا دوسری مقدار سے موازنہ کیسے بنتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے مقداروں میں باہمی تبدیلی کا مطالعہ کیسے کیا جاتا ہے۔
  - میل اور کلومیٹر کا
  - ایکڑ اور ہیکڑ کا
  - سینٹی گریڈ سے فارن ہیٹ ڈگری کا
  - پاکستانی کرنسی سے کسی دوسرے ملک کی کرنسی میں تبادلہ

# 9.1 کارتیسی مستوی اور خطی گراف CARTESIAN PLANE AND LINEAR GRAPHS

## 9.1.1 دو حقیقی اعداد کا جوڑا بطور مترتب جوڑا
## Pair of Real Numbers as an Ordered Pair

دو مساوی سیٹوں کی تعریف کی رو سے کسی بھی دو ارکان '$a$' اور '$b$' کے لئے ہم لکھ سکتے ہیں $\{a,b\} = \{b,a\}$

تاہم اگر ہم ارکان کی ترتیب جس میں یہ رکن لکھے گئے ہوں کو اپنے ذہن میں رکھیں تو دو ارکان کا جوڑا جو ایک مخصوص ترتیب مین ہو مترتب جوڑا کہلاتا ہے اور اسے $(a,b)$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ پس اگر '$a$' اور '$b$' دو مختلف رکن ہوں تو $(a,b) \neq (b,a)$

عموماً اگر $(a_1,b_1) = (a_2,b_2) \Leftrightarrow a_1 = a_2$ اور $b_1 = b_2$ ہم مستوی پر کسی نقطہ کو $(x,y)$ سے ظاہر کرتے ہیں۔

## 9.1.2 مترتب جوڑے Ordered Pairs

کسی باغ کا مالی ایک مربع کھیت میں درختوں کو ترتیب دیتا ہے۔ درختوں کی نشاندہی اعداد سے کرتا ہے۔ کسی درخت کی نشاندہی کو زیادہ سہل بنانے کے لئے وہ اس درخت کو قطار نمبر اور کالم نمبر جس میں وہ موجود ہے سے نسبت دیتا ہے۔ درخت $H$، دوسری قطار اور تیسرے کالم میں موجود ہے جبکہ درخت $R$ قطار نمبر 4 اور کالم نمبر 3 میں موجود ہے۔




مالی درخت کے نمبر کے سامنے اِن عددی جوڑوں کو اس طرح لکھ سکتا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| $A(1,1)$, | $B(1,2)$, | $C(1,3)$, | $D(1,4)$, | $E(1,5)$ |
| $F(2,1)$, | $G(2,2)$, | $H(2,3)$, | $I(2,4)$, | $J(2,5)$ |
| $K(3,1)$, | $L(3,2)$, | $M(3,3)$, | $N(3,4)$, | $O(3,5)$ |
| $P(4,1)$, | $Q(4,2)$, | $R(4,3)$, | $S(4,4)$, | $T(4,5)$ |
| $U(5,1)$, | $V(5,2)$, | $W(5,3)$, | $X(5,4)$, | $Y(5,5)$ |

کیا ہم درخت نمبر $F, G, H, K$ اور $M$ کو اِن عددی جوڑوں سے لکھ سکتے ہیں۔

ہاں یہ بالترتیب $F(2,1), G(2,2), H(2,3), I(2,4), K(3,1)$ اور $M(3,3)$ ہیں۔

عددی جوڑے $(2,1), (2,2), (2,3), (2,4), (3,1), (3,3)$ وغیرہ مترتب جوڑوں کی مثالیں ہیں۔

## 9.1.3 مستطیلی یا کارتیسی مستوی Rectangular or Cartesian Plane

دی گئی تصویر میں ایک مستطیلی یا کارتیسی مستوی کو ظاہر کیا گیا ہے جو کہ نقطہ 'O' پر دو متقاطع محددی خطوط $XOX'$ اور $YOY'$ پر مشتمل ہے۔



## 9.1.4 مستطیلی مستوی میں مبداء (O) اور محددی محوروں کی پہچان




کسی بھی کارتیسی مستوی میں $XOX'$ اور $YOY'$ آپس میں نقطہ O پر عموداً متقاطع ہوتے ہیں، محددی محور کہلاتے ہیں۔ ہم O کو مبداء کہتے ہیں۔

افقی خط $XOX'$ کو X۔محور اور عمودی خط $YOY'$ کو Y۔محور کہتے ہیں۔

ہم لمبائی کی مناسب اکائی مقرر کر لیتے ہیں اور مبداء O کا تعین کر لیتے ہیں۔

اب ہم O کے دونوں جانب X۔محور پر اور Y۔محور پر برابر برابر نشان (جو کہ لمبائی کی مقررہ اکائی کے برابر ہوتے ہیں) لگاتے ہیں۔ $\overrightarrow{OX}$ اور $\overrightarrow{OY}$ کی جانب پیائش کو مثبت جبکہ $\overrightarrow{OX'}$ اور $\overrightarrow{OY'}$ پیائش کو منفی لیا جاتا ہے۔

## 9.1.5 مترتب جوڑا $(a,b)$ کو دکھانا، ابسیسا اور آرڈینیٹ کو پہچاننا

## Locating an Ordered Pair $(a,b)$, Recognizing Abscissa and Ordinate

فرض کیا $XOX'$ اور $YOY'$ دو محددی محور ہیں جبکہ P مستوی میں ایک نقطہ ہے۔ نقطہ P سے Y محور کے متوازی $XOX'$ پر عمود $\overline{MP}$ گرایا۔ اسطرح $\overline{OM} = a$ اور $\overline{MP} = b$ اور یوں P کے محددات $(a,b)$ میں ہوئے۔ ہم اس نقطہ کو $P(a,b)$ سے ظاہر کرتے ہیں۔ $(a,b)$ میں عدد 'a' کو نقطہ P کا x۔محددیا ابسیسا (Abscissa) جبکہ عدد 'b' کو نقطہ P کا y۔ محددیا آرڈینیٹ (Ordinate) کہتے ہیں۔



## 9.1.6 دیئے گئے نقاط کے سیٹ کو ملانے سے جیومیٹریکل اشکال بنانا
## Geometrical Shapes by Joining a Set of Given Points

**مثالیں:-** دیے گئے نقاط کی مدد سے قطعہ خط، مثلث اور مستطیل بنانا

(i) $A(-3,-4)$, $B(4,5)$, (ii) $A(2,3)$, $B(-3,4)$, $C(4,-5)$, (iii) $A(4,3)$, $B(-4,3)$, $C(-4,-3)$, $D(4,-3)$

**حل:-**




(i) مترتب جوڑے $A(-3,-4)$, $B(4,5)$ ہیں۔

نقطہ $A(-3,-4)$ کے لیے

ہم O سے X محور پر بائیں جانب 3 اکائیاں اور پھر وہاں سے Y۔محور کے متوازی X۔محور کے نیچے 4 اکائیاں چلتے ہیں۔

نقطہ $B(4,5)$ کے لیے

مبداء O سے ہم X۔محور پر دائیں جانب 4 اکائیاں چلتے ہیں اور پھر وہاں سے محور کے متوازی X۔محور کے اوپر 5 اکائیاں چلتے ہیں A اور B کو ملا کر AB قطعہ خط حاصل کریں۔

(ii) $A(2,3)$, $B(-3,4)$, $C(4,-5)$ دیے گئے مترتب جوڑے ہیں۔

نقطہ $A(2,3)$ کے لیے

X۔محور کے ساتھ مبداء 'O' کی دائیں جانب 2 یونٹ چلئے اور پھر 3 یونٹ X۔محور کے اوپر Y۔محور کے متوازی چلئے۔

نقطہ $B(-3,4)$ کے لیے

ہم X۔محور پر مبداء 'O' کی بائیں جانب 3 یونٹس اور پھر وہاں سے 4 یونٹ (اکائیاں) X۔محور کے اوپر Y۔محور کے متوازی چلتے ہیں۔

نقطہ $B(4,-5)$ کے لیے




ہم مبداء 'O' سے X۔محور پر دائیں جانب 4 یونٹ اور وہاں سے Y۔محور کے متوازی X۔محور پر عمود نیچے کی جانب 5 یونٹ چلتے ہیں۔ ہم مثلث ABC کے لیے A کو B سے، B کو C سے اور C کو A سے ملاتے ہیں۔

(iii) مترتب جوڑے $A(4,3)$, $B(-4,3)$, $C(-4,-3)$ $D(4,-3)$ دیے گئے ہیں۔

نقطہ $A(4,3)$ کے لیے

ہم 4 یونٹ X۔محور پر مبداء 'O' سے دائیں جانب اور پھر وہاں سے 3 یونٹ Y۔محور کے متوازی X۔محور سے اوپر چلتے ہیں۔

نقطہ $B(-4,3)$ کے لیے




ہم X۔محور پر مبداء 'O' کی بائیں جانب 4 یونٹ اور وہاں سے 3 یونٹ X۔محور کے اوپر حرکت کرتے ہیں۔

نقطہ $C(-4,-3)$ کے لیے

ہم X۔محور پر مبداء 'O' کی بائیں جانب 4 یونٹ اور پھر وہاں سے X۔محور کے نیچے 3 یونٹ چلتے ہیں۔

نقطہ $D(4,-3)$ کے لیے

ہم X۔محور پر مبداء 'O' کے دائیں جانب 4 یونٹ پھر X۔محور کے نیچے 3 یونٹ چلتے ہیں۔

ہم چکور ABCD کو حاصل کرنے کے لیے A کو B، B کو C، C کو D اور D کو A سے ملاتے ہیں۔

## 9.1.7 دو متغیرات میں یک درجی مساوات پر پورا اترنے والے مترتب جوڑوں کا جدول
## Table for Pairs of Values Satisfying a Linear Equation in two Variables

آیئے مساوات $y = 2x$ کو دیکھیں۔ ہم اُن اعداد کے چند جوڑے بناتے ہیں جو کہ مساوات $y = 2x$ پر پورا اترتے ہیں۔

جب $x = -2$ ہو تو $y = 2(-2) = -4$

$x = -1$ $\quad y = 2(-1) = -2$

$x = 0$ $\quad y = 2(0) = 0$

$x = 1$ $\quad y = 2(1) = 2$

$x = 2$ $\quad y = 2(2) = 4$

$x = 3$ $\quad y = 2(3) = 6$

عددوں کا جوڑا $x = -2$ ، $y = -4$ مساوات $y = 2x$ پر پورا اترتا ہے۔

اسی طرح $x = -1$ ؛ $y = -2$ اور $x = 2$ ، $y = 4$ وغیرہ مساوات $y = 2x$ پر پورا اترتے ہیں۔

ہم $x$ اور $y$ کے لئے وہ تمام قیمتیں جو مساوات $y = 2x$ پر پورا اتریں لکھ تو نہیں سکتے مگر ان تمام قیمتوں کو گراف کی صورت میں ظاہر کر سکتے ہیں۔

درج ذیل جدول (Table) میں $x$ اور $y$ کی قیمتوں کے چھ جوڑے مساوات $y = 2x$ پر پورا اترتے ہوئے لکھے گئے ہیں۔

| $x$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| $y = 2x$ | $-4$ | $-2$ | $0$ | $2$ | $4$ | $6$ |




درج بالا جدول میں مترتب جوڑے

$(-2,-4), (-1,-2), (0,0), (1,2), (2,4), (3,6)$

اِن چھ مترتب جوڑوں کو شکل میں دکھایا گیا ہے۔

## 9.1.8 دیے گئے جُملہ کا گراف اس کے نقاط کے جوڑوں کو ظاہر کر کے حاصل کرنا
## Plot the Pairs of Points to Obtain the Graph of a given Expression

مساوات $y = 3x + 1$ کو لیجئے۔

ہم $x$ اور $y$ کیلئے اعداد کے چند ایسے جوڑوں کو دیکھتے ہیں جو اس مساوات $y + 3x = 1$ پر پورا اترتے ہیں۔

جب

$$x = -1 \Rightarrow y = 3(-1) + 1 = -2$$
$$x = 0 \Rightarrow y = 3(0) + 1 = 1$$
$$x = 1 \Rightarrow y = 3(1) + 1 = 4$$
$$x = 2 \Rightarrow y = 3(2) + 1 = 7$$
$$x = 3 \Rightarrow y = 3(3) + 1 = 10$$

نیچے جدول میں $x$ اور $y$ کی قیمتوں کے پانچ جوڑے درج ہیں۔

| $x$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |
|---|---|---|---|---|---|
| $y = 3x + 1$ | $-2$ | $1$ | $4$ | $7$ | $10$ |

پانچ مترتب جوڑے

$A(-1,-2)$, $B(0,1)$, $C(1,4)$, $D(2,7)$, $E(3,10)$ ہیں۔




اب ہم اِن نقاط کے جوڑوں کو گراف پر ظاہر کرتے ہیں۔

نقطہ $A(-1,-2)$ کے لیے

ہم مبداء 'O' سے $X$۔محور پر بائیں جانب 1 یونٹ اور پھر وہاں سے $Y$۔محور کے متوازی 2 یونٹس $X$۔محور کے نیچے حرکت کرتے ہیں۔

نقطہ $B(0,1)$ کے لیے

ہم مبداء 'O' سے $Y$۔محور پر $X$۔محور سے اوپر 1 یونٹ حرکت کرتے ہیں۔

نقطہ $C(1,4)$ کے لیے

ہم مبداء 'O' سے $X$۔محور پر دائیں جانب 1 یونٹ پھر وہاں سے $Y$۔محور کے متوازی $X$۔محور سے اوپر عموداً 4 یونٹ حرکت کرتے ہیں۔

نقطہ $D(2,7)$ کے لیے

ہم مبداء 'O' سے $X$۔محور پر دائیں جانب 2 یونٹس پھر وہاں سے $Y$۔محور کے متوازی عموداً $X$۔محور سے اوپر 7 یونٹس حرکت کرتے ہیں۔

نقطہ $E(3,10)$ کے لیے

ہم مبداء 'O' سے $X$۔محور پر دائیں 3 یونٹس پھر وہاں سے $Y$۔محور کے متوازی عموداً $X$۔محور پر اوپر 10 یونٹس حرکت کرتے ہیں۔

پھر ہم $A$ کو $E$ سے ملا کر لائن $AE$ کھینچتے ہیں۔

## 9.1.9 گراف کھینچنے کے لئے مناسب سکیل کا انتخاب

## Choosing an Appropriate Scale to Draw a Graph

مساوات $y = 2x + 1$ کو لیتے ہیں۔

جب

$$x = -2, \quad y = 2(-2) + 1 = -3$$

$$x = -1, \quad y = 2(-1) + 1 = -1$$

$$x = 0, \quad y = 2(0) + 1 = 1$$

$$x = 1, \quad y = 2(1) + 1 = 3$$

$$x = 2, \quad y = 2(2) + 1 = 5$$

درج بالا x اور y کی قیمتوں کے 5 جوڑوں کی جدول نیچے بنائی جاتی ہے۔

| $x$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| $y = 2x + 1$ | $-3$ | $-1$ | $1$ | $3$ | $5$ |

X-محور اور Y-محور دونوں پر ہم 1 بڑا مربع = 1 یونٹ سکیل استعمال کرتے ہیں۔



# مشق 9.1

-1 نیچے درج کیے گئے نقاط کو گراف پر ظاہر کیجئے۔

(i) $A(2,-4)$ (ii) $B(3,2)$

(iii) $C(-5,-1)$ (iv) $D(6,-3)$

(v) $E(4,4)$ (vi) $F(-3,7)$

(vii) $G(0,7)$ (viii) $H(5,0)$

-2 نیچے دیئے گئے نقاط کے محددات لکھیے۔

(i) مبداء۔

(ii) ایسا نقطہ x۔محور پر بائیں جانب جو مبداء سے 5 یونٹس کے فاصلہ پر ہو۔

(iii) ایسا نقطہ x۔محور پر دائیں جانب جو مبداء سے 3 یونٹس کے فاصلہ پر ہو۔

(iv) ایسا نقطہ y۔محور پر x۔محور سے اوپر 4 یونٹس ہو۔

(v) ایسا نقطہ y۔محور پر x۔محور سے نیچے 6 یونٹس ہو۔

-3 درج ذیل نقاط کو گراف پیپر پر بنا کر اور ان کو ملا کر اشکال بنائیے۔

(i) $A(7,2)$, $B(-6,-3)$, $C(5,3)$

(ii) $A(0,-7)$, $B(3,-2)$, $C(4,0)$, $D(5,6)$, $E(7,8)$

(iii) $A(4,0)$, $B(0,4)$, $C(-4,0)$, $D(0,-4)$

(iv) $A(10,6)$, $B(-10,6)$, $C(-10,-6)$, $D(10,-6)$,

## 9.1.10 یک درجی مساوات $y = c$ کی شکل کا گراف
## Graphs of Linear Equations of the form $y = c$

$y = c$ کا گراف کھینچنے کے لئے ہم $y = c$ کو $x + y = c$ . $0$ کی شکل میں لکھ سکتے ہیں۔ گراف کھینچنے کا عمل مندرجہ ذیل مثال سے واضح کیا جاتا ہے۔

**مثال :-** مساوات $y = 5$ کا گراف کھینچئے۔

**حل :-**

مساوات $y = 5$ کو $y = 0 \times x + 5$ کی شکل میں لکھا جا سکتا ہے۔

مساوات میں $x = 0$ رکھنے سے ہمیں مساوات $y = 5$ حاصل ہوتی ہے۔

اسی طرح $y = 0.x + 5$ میں $x = \pm 1, \pm 2, \pm 3, \ldots$ رکھنے

سے بھی ہمیں $y = 5$ حاصل ہوتی ہے۔ $x$ کی تمام قیمتوں کے لیے

$y = 5$ یعنی $y$ کی قیمت مستقل ہی رہتی ہے۔

$x$ اور $y$ قیمتوں کا جدول کچھ یوں ہے۔

| $x$ | $-3$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $y$ | $5$ | $5$ | $5$ | $5$ | $5$ | $5$ | $5$ |



## یک درجی مساوات $x = a$ کی شکل کا گراف

## Graph of a Linear Equation of the form $x = a$

$x = a$ کا گراف کھینچنے کے لئے ہم $x = a$ کو $y = a$ . $0 + x$ کی شکل میں لکھ سکتے ہیں۔گراف کھینچنے کی وضاحت درج ذیل مثال سے کرتے ہیں۔

**مثال :-** $x = -2$ کا گراف کھینچئے۔

**حل :-**

مساوات $x = -2$ کو $y = -2$ . $0 + x$ کی شکل میں لکھا جاسکتا ہے۔

اگر ہم مساوات میں $y = 0$ رکھیں تو ہمیں $x = -2$ حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح مساوات $y = -2$ . $0 + x$ میں ...,$y=\pm1,\pm2,\pm3$ رکھنے سے $x = -2$ ہی حاصل ہوتا ہے۔

$y$ کی تمام قیمتوں کے لیے ہمیں $x = -2$ حاصل ہوتا ہے یعنی کہ $x$ کی قیمت مستقل ہے۔

$x$ اور $y$ کی قیمتوں کا جدول درج ذیل ہے۔

| $x$ | $-2$ | $-2$ | $-2$ | $-2$ | $-2$ | $-2$ | $-2$ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $y$ | $-3$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |



## Graph of a Linear Equation $y = mx$ یک درجی مساوات $y = mx$ کا گراف

$y = mx$ کا گراف کھینچنے کے لیے ہم مندرجہ ذیل مثال دیکھتے ہیں۔

**مثال :-** $y = 3x$ کا ترسیم (گراف) کھینچیے۔

**حل :-**

مساوات $y = 3x$ میں $x = \pm 1, \pm 2, \pm 3, ...$ رکھنے سے ہمیں

$y = \pm 3,\ \ y = \pm 6,\ \ y = \pm 9, ...$ حاصل ہوتا

$x$ اور $y$ کی قیمتوں کا جدول اور گراف نیچے یوں ہے۔

| $x$ | $-3$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $y$ | $-9$ | $-6$ | $-3$ | $0$ | $3$ | $6$ | $9$ |



## یک درجی مساوات $y = mx + c$ کا گراف Graph of an Equation $y = mx + c$

$y = mx + c$ کا گراف کھینچنے کے لیے ہم درج ذیل مثال کو لیتے ہیں۔

**مثال:-** $y = 2x + 6$ کا گراف کھینچیے۔

**حل:-**

اس مساوات کا گراف کھینچنے کے لیے ہم اس $x$۔ محور پر قاطع اور $y$۔ محور پر قاطع دیکھتے ہیں۔ $x$۔ محور پر قاطع کے لیے $y = 0$ رکھنے سے ہمیں $x = 3$ لہٰذا $x$۔ محور پر قاطع نقطہ $(3,0)$ اور $y$۔ محور پر قاطع کے لیے $x = 0$ رکھنے سے $y = 6$ یعنی قاطع نقطہ $(0,6)$ حاصل ہوتے ہیں۔

اسی طرح ...,$x = \pm 1, \pm 2, \pm 3$ رکھنے سے ہمیں $y$ کی قیمتیں درج ذیل جدول کے مطابق حاصل ہوتی ہیں۔

| $x$ | $-3$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ | $3$ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $y$ | $0$ | $2$ | $4$ | $6$ | $8$ | $10$ | $12$ |



## 9.1.11 دِی گئی جدول کی ترسیم (گراف) کھینچنا Draw a Graph from a given Table

ہم نیچے دِی گئی جدول کے نقاط کا گراف پیپر پر ترسیم (گراف) بناتے ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| $x$ | 6 | −6 | −6 | 6 |
| $y$ | 4 | 4 | −4 | −4 |

جدول سے ہمیں چار مترتب جوڑے
$A(6,4)$، $B(-6,4)$، $C(-6,-4)$ اور $D(6,-4)$ ملتے ہیں۔

نقطہ $A(6,4)$ کے لیے

ہم $x$-محور پر مبداء '$O$' سے دائیں جانب 6 یونٹس اور پھر $y$-محور کے متوازی $x$-محور کے عموداً اوپر 4 یونٹس چلتے ہیں۔

نقطہ $B(-6,4)$ کے لیے

ہم $x$-محور پر مبداء '$O$' کے بائیں جانب 6 یونٹس اور پھر $y$-محور کے متوازی $x$-محور کے نیچے عموداً 4 یونٹس اوپر کی جانب چلتے ہیں۔

نقطہ $C(-6,-4)$ کے لیے

ہم $x$-محور پر مبداء '$O$' کے بائیں جانب 6 یونٹس اور پھر $y$-محور کے متوازی $x$-محور کے نیچے عموداً 4 یونٹس چلتے ہیں۔

نقطہ $D(6,-4)$ کے لیے

ہم $x$-محور پر مبداء '$O$' کے دائیں 6 یونٹس پھر وہاں سے عموداً $x$-محور کے نیچے 4 یونٹس چلتے ہیں۔

ہم $A$ کو $B$، $B$ کو $C$، $C$ کو $D$ اور $D$ کو $A$ سے ملاتے ہیں تو مستطیل $ABCD$ حاصل ہوتی ہے۔



## 9.1.12 تفاعل (فنکشن) کی ڈومین اور رینج کی بذریعہ گراف نشاندہی

## Identification of Domain and Range of a Function Through Graph

شکل میں فنکشن $y = 2x + 1$ کا گراف دکھایا گیا ہے۔ یہ گراف درج ذیل مترتب جوڑوں کی مدد سے بنایا گیا ہے۔

$A(-2,-3)$, $B(-1,-1)$, $C(0,1)$, $D(1,3)$ اور $E(2,5)$

ہم ان مترتب جوڑوں سے $x$ اور $y$ کی قیمتوں پر مشتمل جدول تیار کرتے ہیں۔

| $x$ | $-2$ | $-1$ | $0$ | $1$ | $2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| $y$ | $-3$ | $-1$ | $1$ | $3$ | $5$ |

فنکشن $y = 2x + 1$ میں $x$ کی قیمتوں کا سیٹ ڈومین جبکہ $y$ کی قیمتوں پر مشتمل سیٹ اس فنکشن کی رینج کہلاتا ہے۔

پس فنکشن $y = 2x + 1$ کے لیے

فنکشن کی ڈومین کا سیٹ $\{-2,-1,0,1,2\}$

فنکشن کی رینج کا سیٹ $\{-3,-1,1,3,5\}$



# مشق 9.2

مندرجہ ذیل کے گراف کھینچیے۔

1. $y = 3x$
2. $y = x + 7$
3. $y = 2x - 3$
4. $y = 4x + 1$
5. $y = -\frac{x}{2} - \frac{3}{2}$
6. $y = x - 1$
7. $y = 2x - 3$
8. $y = 3x + 5$
9. $y = \frac{x}{2}$

-10 نقاط $A(1,0), B(7,0), C(1,8)$ کے گراف کھینچیے۔

-11 دیئے گئے جدولوں کے گراف کھینچیے۔

(i)

| x | 3 | 2 | 1 | 0 | −1 | −2 | −3 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| y | −5 | −3 | −1 | 1 | 3 | 5 | 7 |

(ii)

| x | −3 | −2 | −1 | 0 | 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| y | −1 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

دیئے گئے گراف کی مدد سے فنکشن کی ڈومین اور رینج معلوم کیجیے۔

12.



13.



14.


## 9.2 تحویلی گراف CONVERSION GRAPHS

اگر ہمیں چھٹیوں میں لندن جانا ہو تو ممکن ہے کہ ہمیں اشیاء کی پونڈوں (£ *Pounds*) اور پنیس (*Pence*) میں قیمتیں جاننا ذرا مشکل ہوں۔ مگر اگر ہمیں کرنسی کی شرح تبدیلی کا علم ہو تو ہم دیئے گئے روپوں کو پونڈوں میں اور دیے گئے پونڈوں کو روپوں میں تحویل کرنے کے لئے ایک سادہ سا خطی گراف استعمال کر سکتے ہیں۔

سیدھا خط جو اس مقصد کے لئے استعمال ہوتا ہے تحویلی گراف کہلاتا ہے۔

### 9.2.1 تحویلی گراف بطور خطی گراف Conversion Graph as a Linear Graph

کسی مربع کا احاطہ کا فارمولا $P = 4s$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جس میں $P$ یونٹ (اکائیاں) احاطہ اور '$s$' اکائیاں ایک ضلع کی لمبائی ہوتی ہے۔ یہ ایک راست تناسب کی مثال ہے۔ کیونکہ اِس میں ایک مقدار میں اضافہ سے دوسری مقدار میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

مثلاً

جب $s = 1 \Rightarrow P = 4 \times 1 = 4,$

جب $s = 2 \Rightarrow P = 4 \times 2 = 8,$

جب $s = 3 \Rightarrow P = 4 \times 3 = 12,$

جب $s = 4 \Rightarrow P = 4 \times 4 = 16,$

جب $s = 5 \Rightarrow P = 4 \times 5 = 20$

## 9.2.2 ایک مقدار سے دوسری مقدار میں تبدیلی کا بذریعہ گراف مطالعہ کرنا

## Read a given Graph to Know One Quantity Corresponding to Another

آیئے مندرجہ ذیل مثالوں پر غور کیجئے۔

مثال :-

نیچے دیا گیا گراف مختلف رقوم کی مقداروں کے لئے ڈالروں سے پونڈوں میں منتقلی کو ظاہر کرتا ہے۔

| $ | 50 | 100 | 200 | 250 |
|---|---|---|---|---|
| £ | 35 | 70 | 140 | 175 |

حل :-

(i) 50 ڈالر، 35 پونڈ میں تبدیل ہوتے ہیں۔

(ii) 100 ڈالر، 70 پونڈ میں تبدیل ہوتے ہیں۔

(iii) 150 ڈالر، 105 پونڈ میں تبدیل ہوتے ہیں۔

(iv) 250 ڈالر، 175 پونڈ میں تبدیل ہوتے ہیں۔



## مثال 2:-

درج ذیل گراف مساوی الاضلاع مثلث کے احاطہ اور اضلاع کے درمیان تعلق $P = 3S$ دکھایا گیا ہے۔
جبکہ 'S' کی قیمتیں 1 تا 20 ہیں۔

| $S$ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $P = 3S$ | .3 | 6 | 9 | 12 | 15 | 18 | 21 | 24 | 27 | 30 | 33 | 36 | 39 | 42 | 45 | 48 | 51 | 54 | 57 | 60 |




(i) ضلع کی لمبائی 1 یونٹ ہوتو احاطہ 3 یونٹ

(ii) ضلع کی لمبائی 3 یونٹ ہوتو احاطہ 9 یونٹ

(iii) $S = 4$ ، $P = 12$

(iv) $S = 6$ ، $P = 18$

(v) $S = 9$ ، $P = 27$

(vi) $S = 11$ ، $P = 33$

(vii) $S = 14$ ، $P = 42$

(viii) $S = 16$ ، $P = 48$

(ix) $S = 20$ ، $P = 60$

## مثال 3:-

مربع کے ضلع $S$ اور احاطہ $P$ کی لمبائیوں میں گراف فارمولا $P = 4S$ میں دکھایا گیا ہے۔ جبکہ '$S$' کی قیمتیں $1$ تا $15$ ہیں۔

| $S$ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $P = 4S$ | 4 | 8 | 12 | 16 | 20 | 24 | 28 | 32 | 36 | 40 | 44 | 48 | 52 | 56 | 60 |




(i) ضلع کی لمبائی 1 یونٹ کیلئے احاطہ 4 یونٹ

(ii) ضلع کی لمبائی 2 یونٹ ہو تو احاطہ 8 یونٹ

(iii) $P = 12، S = 3$

(iv) $P = 16، S = 4$

(v) $P = 20، S = 5$

(vi) $P = 24، S = 6$

(vii) $P = 28، S = 7$

(viii) $P = 32، S = 8$

(ix) $P = 36، S = 9$

(x) $P = 40، S = 10$

(xi) $P = 44، S = 11$

(xii) $P = 48، S = 12$

(xiii) $P = 52، S = 13$

(xiv) $P = 56، S = 14$

(xv) $P = 60، S = 15$

## 9.2.3 تحویلی گراف کا مطالعہ کرنا Read the Graph for Conversion

### میل اور کلومیٹر

تحویلی گراف کا مطالعہ کیجئے۔

تحویلی 1 میل = 1.6 کلومیٹر

(i) 0 میل = 0 کلومیٹر

(ii) 62.5 میل = 100 کلومیٹر

(iii) 125 میل = 200 کلومیٹر

(iv) 187.5 میل = 300 کلومیٹر

(v) 250 میل = 400 کلومیٹر



## ایکڑ اور ہیکٹر Acres and Hacters

جدول رقبہ کی مقداریں ایکڑوں سے ہیکٹروں میں تبدیلی کو ظاہر کرتا ہے۔

| ایکڑ | 1 | 4 | 10 | 12 |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ہیکٹر | 0.4046 | 1.6187 | 4.0468 | 4.8562 |

اِن نقاط کے گراف کو گراف پیپر پر ایکڑ کی قیمتوں 0 تا 30 اور ہیکٹروں 0 تا 12.1405 تک ظاہر کیا گیا۔ فرض کیا X-محور پر 2 چھوٹے مربع ایک اکائی کو ظاہر کرتے ہیں۔ جبکہ Y محور پر 1 چھوٹا مربع 0.2 یونٹس کو ظاہر کرتا ہے۔



# درجہ حرارت سینٹی گریڈ اور فارن ہائیٹ کی باہمی تبدیلی

## Degrees Celsius and Degrees Fahrenheit

دیا گیا گراف درجہ فارن ہائیٹ ($^\circ F$) کی تحویلی قیمت کو درجہ سینٹی گریڈ میں ظاہر کرتا ہے۔ گراف کا احتیاط کے ساتھ مطالعہ کیجئے اور سوالوں کے جوابات دیجئے۔

افقی محور یعنی $X$۔محور پر سینٹی گریڈ کو $10^\circ C$ کو 5 چھوٹے مربع کے برابر لے کر 0 درجہ تا 50 درجہ جبکہ عمودی محور یعنی $Y$۔محور پر فارن ہائیٹ $20^\circ F$ کو 5 چھوٹے مربع کے برابر رکھ کر گراف بنایا گیا۔

$$^\circ C = \frac{5}{9}(^\circ F - 32) \quad , \quad ^\circ F = \left(\frac{9}{5} \times ^\circ C\right) + 32$$ تبدیلی (کنورژن)




گراف کا استعمال کرتے ہوئے تبدیل کیجئے۔

(i) $95^\circ F$ کو $^\circ C$... میں

(ii) $113^\circ F$ کو $^\circ C$... میں

(iii) $150^\circ F$ کو $^\circ C$... میں

(iv) $86^\circ C$ کو $^\circ F$... میں

(v) $20^\circ C$ کو $^\circ F$... میں

(vi) $220^\circ F$ کو $^\circ C$... میں

# پاکستانی کرنسی کی دوسرے ملک کی کرنسی میں تبدیلی

## Pakistani Currency and another Currency

دیا گیا گراف برطانوی پونڈ کی مختلف قیمتوں کے برابر پاکستانی روپوں کی قدروں کو ظاہر کرتا ہے۔

افقی محور پر 5 چھوٹے مربع = 50£ اور عمودی محور پر 5 چھوٹے مربع = 10,000 روپے اور 125 روپے = 1£

گراف سے:

(i) 80£ = 10,000 روپے
(ii) 160£ = 20,000 روپے
(iii) 240£ = 30,000 روپے




گراف کا مطالعہ کرکے بتائیے کہ

(iv) 250£ = ____ روپے (v) 150£ = ____ روپے (vi) 100£ = ____ روپے

(vii) 5000 روپے = £ ____ (viii) 8000 روپے = £ ____

# مشق 9.3

**1-** جدول میں فارن ہائیٹ $^oF$ اور اس کے متساوی سینٹی گریڈ میں قیمتیں درج ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| درجہ حرارت فارن ہائیٹ $^oF$ | 57 | 126 | 158 | 194 |
| درجہ حرارت سینٹی گریڈ $^oC$ | 14 | 52 | 70 | 90 |

اِن نقاط کو $0^o$ تا $100^o$ اور فارن ہائیٹ سکیل $0^o$ تا $220^o$ گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔ جبکہ دونوں محوروں پر یونٹس $20 = 5^o$ چھوٹے مربع رکھیں۔ اپنے گراف کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل کی تبدیلی معلوم کیجئے۔

(a) $97\,^oF$ کو $^oC$ میں (b) $127\,^oF$ کو $^oC$ میں (c) $25\,^oC$ کو $^oF$ میں (d) $80\,^oC$ کو $^oF$ میں

**2-** دی گئی جدول مختلف رقوم کے لئے امریکی ڈالروں (\$) سے پونڈوں (£) میں تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| \$ | 50 | 100 | 200 |
| £ | 35 | 70 | 140 |

اِن نقاط کو گراف پیپر پر ظاہر کر کے اِن کو ملا کر ایک سیدھا خط حاصل کیجئے۔ دونوں محوروں پر یونٹس $50 = 5$ چھوٹے مربع لے کر گراف مکمل کیجئے۔ اپنے گراف کو درج ذیل تبدیلی کیلئے استعمال کیجئے۔

(a) $\$160 = £ \ldots$ (b) $\$160 = £ \ldots$

(c) $£160 = \$ \ldots$ (d) $£160 = \$ \ldots$

**3-** نیچے دیئے گئے جدول میں کلومیٹر کی مختلف قدروں کی متساوی میل میں قدریں دی گئی ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کلومیٹر | 0 | 100 | 200 | 300 |
| میل | 0 | 62.5 | 125 | 187.5 |

اِن قدروں کو گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔ x-محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 کلومیٹر جبکہ y-محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 میل رکھئے۔ اپنے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں کے لئے استعمال کیجئے۔

(a) میل ... = 140 کلومیٹر (b) میل ... = 175 کلومیٹر

(c) کلومیٹر ... = 50 میل (d) کلومیٹر ... = 100 میل

**4-** صفحہ نمبر 241 پر 9.2.3 آرٹیکل میں دیئے گئے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں میں لکھنے کے لئے استعمال کیجئے۔

(a) ہیکٹر ... = 16 ایکڑ (b) ہیکٹر ... = 18 ایکڑ

(c) ایکڑ ... = 6.0702 ہیکٹر (d) ہیکٹر ... = 24 ایکڑ

(e) ایکڑ ... = 11.3311 ہیکٹر

# پاکستانی کرنسی کی دوسرے ملک کی کرنسی میں تبدیلی

## Pakistani Currency and another Currency

دیا گیا گراف برطانوی پونڈ کی مختلف قیمتوں کے برابر پاکستانی روپوں کی قدروں کو ظاہر کرتا ہے۔

افقی محور پر 5 چھوٹے مربع = £50 اور عمودی محور پر 5 چھوٹے مربع = 10,000 روپے اور 125 روپے = £1

گراف سے:

(i) 80£ = 10,000 روپے

(ii) 160£ = 20,000 روپے

(iii) 240£ = 30,000 روپے




گراف کا مطالعہ کرکے بتایئے کہ

(iv) 250£ = ____ روپے (v) 150£ = ____ روپے (vi) 100£ = ____ روپے

(vii) 5000 روپے = £ ____ (viii) 8000 روپے = £ ____

# مشق 9.3

1- جدول میں فارن ہائیٹ $F^o$ اور اس کے متساوی سینٹی گریڈ میں قیمتیں درج ہیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| درجہ حرارت فارن ہائیٹ | $^oF$ | 57 | 126 | 158 | 194 |
| درجہ حرارت سینٹی گریڈ | $^oC$ | 14 | 52 | 70 | 90 |

اِن نقاط کو $0^o$ تا $100^o$ اور فارن ہائیٹ سکیل $0^o$ تا $220^o$ گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔ جبکہ دونوں محوروں پر یونٹس $20 = 5^o$ چھوٹے مربع رکھیں۔ اپنے گراف کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل کی تبدیلی معلوم کیجئے۔

(a) $97\,^oF$ کو $^oC$ میں (b) $127\,^oF$ کو $^oC$ میں (c) $25\,^oC$ کو $^oF$ میں (d) $80\,^oC$ کو $^oF$ میں

2- دی گئی جدول مختلف رقوم کے لئے امریکی ڈالروں ($) سے پونڈوں (£) میں تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| $ | 50 | 100 | 200 |
| £ | 35 | 70 | 140 |

اِن نقاط کو گراف پیپر پر ظاہر کر کے ان کو ملا کر ایک سیدھا خط حاصل کیجئے۔ دونوں محوروں پر یونٹس $50 = 5$ چھوٹے مربع لے کر گراف مکمل کیجئے۔ اپنے گراف کو درج ذیل تبدیلی کیلئے استعمال کیجئے۔

(a) $160 = £ ... (b) $160 = £ ...

(c) £160 = $ ... (d) £160 = $ ...

3- نیچے دیئے گئے جدول میں کلومیٹر کی مختلف قدروں کی متساوی میل میں قدریں دی گئی ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کلومیٹر | 0 | 100 | 200 | 300 |
| میل | 0 | 62.5 | 125 | 187.5 |

اِن قدروں کو گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔ $x$-محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 کلومیٹر جبکہ $y$-محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 میل رکھئے۔ اپنے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں کے لئے استعمال کیجئے۔

(a) میل ... = 140 کلومیٹر (b) میل ... = 175 کلومیٹر

(c) کلومیٹر ... = 50 میل (d) کلومیٹر ... = 100 میل

4- صفحہ نمبر 241 پر 9.2.3 آرٹیکل میں دیئے گئے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں میں لکھنے کے لئے استعمال کیجئے۔

(a) ہیکٹر ... = 16 ایکڑ (b) ہیکٹر ... = 18 ایکڑ

(c) ایکڑ ... = 6.0702 ہیکٹر (d) ہیکٹر ... = 24 ایکڑ

(e) ایکڑ ... = 11.3311 ہیکٹر

# جائزہ مشق 9

-1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) مبداء کے محددات کیا ہوتے ہیں؟

(a) (1,1) (b) (0,1) (c) (0,0) (d) (1,0)

(ii) کسی نقطہ کا Y۔محور سے عمودی فاصلہ کیا کہلاتا ہے؟

(a) افقی لائن (b) مبداء (c) عمودی لائن (d) محور

(iii) کسی نقطہ کا X۔محور سے عمودی فاصلہ کیا کہلاتا ہے؟

(a) افقی لائن (b) مبداء (c) ایپسا (d) آرڈینیٹ

(iv) $2x = y + 6$ میں $x = 1$ رکھنے سے $y = ?$

(a) $-4$ (b) $-8$ (c) 4 (d) 8

(v) $2x = y - 6$ میں $y = 2$ رکھنے سے $x = ?$

(a) $-2$ (b) 2 (c) $-4$ (d) 4

(vi) مساوات $y = c$ کی شکل میں گراف پر y محدد کیا ہوتا ہے؟

(a) $-1$ (b) 0 (c) c (d) 1

(vii) مساوات $y = a$ کے گراف پر x محدد کیا ہوتا ہے؟

(a) c (b) 1 (c) متغیر (d) a

(viii) $f(x) = \frac{x}{2}, 4 \le x \le 12, x$ جبکہ x ایک جفت عدد ہو تو $f(x)$ کی ڈومین کیا ہے؟

(a) {2,3,4,5,6} (b) {4,6,8,10} (c) {6,8,10} (d) {4,6,8,10,12}

(ix) اگر $y = 3x$ میں $x = 2$ رکھیں تو $y = ?$

(a) 2 (b) $-3$ (c) 6 (d) 0

2- خالی جگہ پُر کیجئے۔

(i) مستوی سطح جس میں ایک دوسرے کے عموداً نقطہ O پر متقاطع خطوط $XOX'$, $YOY'$ ________ کہلاتی ہے۔

(ii) Y۔محور سے عموداً فاصلہ ________ کہلاتا ہے۔

(iii) X۔محور سے عموداً فاصلہ ________ کہلاتا ہے۔

(iv) عددوں کا جوڑا $(2,3)$ ________ کہلاتا ہے۔

(v) افقی خط $XOX'$ ________ کہلاتا ہے۔

(vi) عموداً خط $YOY'$ ________ کہلاتا ہے۔

(vii) نقطہ $(-1,-2)$ کے اظہار کے لئے ہم مبداء O سے X۔محور پر بائیں جانب '1' یونٹ اور '2' یونٹ ________

(viii) مبداء کے محددات ________ ہوتے ہیں۔

(ix) خط کی مساوات جس میں y پایا جاتا ہو ________ کہلاتی ہے۔

(x) مساوات $2x + y = 6$ کے گراف میں X۔محور کا نقطہ قاطع ________ ہے۔

3- مندرجہ ذیل نقاط کو گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔

(i) $A(5,2)$, $B(-6,-3)$ اور $C(3,5)$

(ii) $A(0,-5)$, $B(3,-2)$, $C(3,0)$ اور $D(6,7)$

(iii) $A(8,4)$, $B(-6,3)$, $C(-5,-3)$ اور $D(10,-6)$

4- مندرجہ ذیل کا گراف بنائیے۔

(i) $y = 3x + 2$

(ii) $y = 2x + 1$

(iii) $y = x + 1$

(iv) $y = -\dfrac{x}{2} - \dfrac{5}{2}$

(v) $y = 3x + 4$

5- نقاط $A(2,0)$, $B(7,0)$ اور $C(1,8)$ کا گراف بنائیے۔

6- اگر $f(x) = \dfrac{x}{2}, 4 \le x \le 12$ ہو تو $f(x)$ کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

## خلاصہ

- سیٹوں کی برابری کی تعریف کی رو سے کسی بھی دو عناصر 'a' اور 'b' کے لئے $\{a,b\} = \{b,a\}$

- اعداد کے جوڑے $(3,2)$, $(3,1)$, $(2,4)$, $(2,3)$, $(2,2)$, $(2,1)$ وغیرہ وغیرہ مترتب جوڑوں کی مثالیں ہیں۔

- ہم ایک خطی گراف کو دی گئی مقدار میں روپوں کو پونڈوں میں پونڈوں کو روپوں میں تبدیل کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

یونٹ

10

# بنیادی شماریات
# BASIC STATISTICS

- تعددی تقسیم
- مجموعی تعدد
- مرکزی رجحان کی پیمائش
- انتشار کی پیمائش

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- کہ گروہی / جماعتی تعددی جدول کیسے تیار کیے جاتے ہیں۔
- کہ برابر اور نابرابر جماعتی وقفہ کے ساتھ ہسٹوگرام کیسے تیار ہوتے ہیں۔
- کہ تعددی کثیر الاضلاع کیسے بنتی ہے۔
- کہ مجموعی تعدد والی جدول کیسے بنتا ہے۔
- کہ مجموعی تعددی کثیر الاضلاع کیسے بنتی ہے۔
- کہ گروہی اور غیر گروہی مواد کیسے حاصل ہوتا ہے۔
  - کہ تعریف کے مطابق حسابی اوسط فرضی اوسط سے انحراف کا استعمال کیسے ہوتا ہے۔
  - کہ وسطانیہ، اعادہ، حسابی اوسط اور ہم آہنگ اوسط کیسے حل کرتے ہیں۔
- کہ حسابی وسط کی خصوصیات کیا ہیں۔
- کہ اوزانی اوسط، وسط اور متحرک اوسط کیسے نکالے جاتے ہیں۔
- کہ وسطانیہ، چوتھائیوں اور اعادہ کا بذریعہ گراف تخمینہ کیسے لگاتے ہیں۔
- کہ وسعت، تغیریت اور معیاری انحراف کی پیمائش کیسے کرتے ہیں۔

# 10.1 تعددی پھیلاؤ FREQUENCY DISTRIBUTION

## تعدد Frequency

جتنی مرتبہ دیے گئے مواد میں کوئی قدر پائی جاتی ہے۔ وہی اس کا تعدد یا فریکوینسی کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر %10 سے %20 نمبر حاصل کرنیوالے طلباء '3' ہوں تو 3 اس گروہ کا تعدد کہلاتا ہے۔ اگر 5 طلباء %20 تا %30 نمبر حاصل کرنیوالے ہوں تو اس گروہ کا تعدد 5 ہوگا۔

## تعددی جدول Frequency Table

ایسا جدول جس میں ہر سکور/قدر کا تعدد دیا گیا ہو تعددی جدول کہلاتا ہے۔

## 10.1.1 گروہی تعددی جدول Grouped Frequency Table

مقامی محکمہ صحت 5 سال کی عمر کے اپنے علاقے کے بچوں کے قد کے متعلق معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اپنے پہلے دورے میں ٹیم 90 بچوں کے قدوں کا ریکارڈ سینٹی میٹر میں دیئے گئے جدول کے مطابق حاصل کرتی ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 99 | 107 | 102 | 98 | 115 | 95 | 106 | 110 | 108 | 105 |
| 118 | 102 | 114 | 108 | 94 | 104 | 113 | 102 | 105 | 95 |
| 105 | 110 | 109 | 101 | 106 | 108 | 107 | 107 | 101 | 109 |
| 108 | 105 | 116 | 109 | 114 | 110 | 97 | 110 | 113 | 116 |
| 112 | 101 | 92 | 105 | 104 | 115 | 111 | 103 | 110 | 99 |
| 93 | 104 | 103 | 113 | 107 | 94 | 102 | 117 | 116 | 104 |
| 99 | 114 | 106 | 114 | 98 | 109 | 107 | 104 | 106 | 107 |
| 109 | 113 | 112 | 100 | 109 | 113 | 118 | 104 | 94 | 114 |
| 107 | 96 | 108 | 103 | 112 | 106 | 115 | 111 | 115 | 101 |

اس جدول میں بچوں کے قد کسی ترتیب کے بغیر لکھے گئے ہیں یعنی جیسے جیسے جو بچہ میڈیکل چیکنگ کے لیے آتا گیا اس کا قد ریکارڈ کر لیا گیا۔ ہمیں واضح نتائج کی خاطر اس ڈیٹا کو خاص ترتیب میں لکھنا ہے۔ ہم قدوں کو کچھ اس طرح گروہوں میں لکھتے ہیں۔

100 سینٹی میٹر تا 104 سینٹی میٹر; 95 سینٹی میٹر تا 99 سینٹی میٹر; 90 سینٹی میٹر تا 94 سینٹی میٹر

115 سینٹی میٹر تا 119 سینٹی میٹر; 110 سینٹی میٹر تا 114 سینٹی میٹر; 105 سینٹی میٹر تا 109 سینٹی میٹر

قدوں کو ان کی عددی قیمت کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ ہر ایک گروہ میں قدوں کی تعداد گن کر درج ذیل جدول میں لکھا گیا ہے۔

| قد سینٹی میٹر میں | موازنہ | تعداد |
|---|---|---|
| 90 – 94 | 𝍸 | 5 |
| 95 – 99 | 𝍸 \|\|\|\| | 9 |
| 100 – 104 | 𝍸 𝍸 𝍸 \|\| | 17 |
| 105 – 109 | 𝍸 𝍸 𝍸 𝍸 𝍸 \|\|\| | 28 |
| 110 – 114 | 𝍸 𝍸 𝍸 𝍸 \| | 21 |
| 115 – 119 | 𝍸 𝍸 | 10 |
| | | کل میزان: 90 |

## 10.1.2 کالمی نقشہ Histogram

جب ہم کالمی نقشہ اس طرح بناتے ہیں کہ ہر کالم کا رقبہ اس گروہ کے تعدد کے راست متناسب ہو تو ایسے نقشہ کو کالمی نقشہ (Histogram) کہتے ہیں۔

## مساوی جماعتی وقفوں کے لیے کالمی نقشہ Histogram with equal class intervals

درج ذیل مثالوں پر غور کیجئے۔

**مثال:-** مندرجہ ذیل مساوی جماعتی وقفوں کی جدول کا کالمی نقشہ تیار کیجئے۔

| اوزان (کلوگرام میں) | 50 – 59 | 60 – 69 | 70 – 79 | 80 – 89 | 90 – 99 | 100 – 109 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد | 15 | 30 | 35 | 15 | 3 | 2 |
| | | | | | کل تعداد : | 100 |

**حل:-** مندرجہ ذیل کالمی نقشہ تعددی جدول کی وضاحت کرتا ہے۔

(i) اوزان (کلوگرام میں) X۔محور پر مبداء 'O' کی دائیں جانب۔ جبکہ تعدد X۔محور کے اوپر Y۔محور کے ساتھ لیا گیا ہے۔

(ii) X۔محور پر ایک بڑا مربع =10 کلوگرام وزن۔ جبکہ Y۔محور پر ایک بڑا مربع =10 تعدد۔




ہر کالم کا رقبہ اس جماعت کے تعدد کے راست متناسب ہے۔

شکل ایک مساوی کالمی نقشہ ہے۔ ہر جماعت کا جماعتی وقفہ یکساں ہے لہٰذا ہر کالم کی چوڑائی یکساں ہے۔ لہٰذا ہر کالم کا رقبہ اس جماعت کے ارکان کی تعداد کے متناسب ہے۔

## غیر مساوی جماعتی وقفوں کے لیے کالمی نقشہ Histogram with unequal class intervals

مثال:-

درج ذیل تعددی جدول میں 100 آدمیوں کی ماہانہ تنخواہ کا جائزہ پیش کیا گیا۔

| تنخواہ روپوں میں | 0 – 1999 | 2000 – 3999 | 4000 – 5999 | 6000 – 9999 | 10000 – 19999 |
|---|---|---|---|---|---|
| تعدد | 20 | 36 | 25 | 14 | 5 |

حل:- جماعتی وقفے مساوی نہیں ہیں۔

پہلی تین جماعتوں میں وقفہ 2000 روپے کا ہے۔

چوتھی جماعت کا وقفہ 4000 روپے کا ہے جو کہ پہلی تین کے وقفے کا دوگنا ہے۔

پانچویں جماعت کا وقفہ 10,000 روپے ہے۔ جو کہ پہلی تین کے وقفے سے پانچ گنا ہے۔

اس گروہی تقسیم کو ہسٹوگرام پر ظاہر کرنے کے لئے ہم پہلے تین کالموں کی چوڑائی یکساں رکھتے ہیں۔

چوتھے کالم کی چوڑائی پہلے تین کالموں کی نسبت دوگنا رکھتے ہیں۔

پانچویں کالم کی چوڑائی پہلے تین کالموں کی نسبت پانچ گنا رکھتے ہیں۔

اب 14 تعدد کو لیجئے جو کہ گروپ 6000 روپے تا 9999 روپے میں واقع ہے۔ اگر ہم فرض کر لیں کہ تنخواہیں یکساں طور پر بڑھتی ہیں تو اس سے مراد یہ ہے کہ

سات افراد کی تنخواہ 6000 روپے سے 7999 روپے کے درمیان ہے۔

اور مزید سات افراد کی تنخواہ 8000 روپے سے 9999 روپے کے درمیان ہے۔

لہٰذا چوتھا کالم باقی تمام کالموں کے بالمقابل 7 یونٹس اونچا ہے۔ کیونکہ اس کالم کی چوڑائی دوسرے گروپ کے مقابلے میں دوگنا ہے۔ اس کا رقبہ اس کے تعدد کے متناسب بنتا ہے۔

اگر ہم یہ بھی تصور کریں کہ پانچویں گروپ میں آمدنی کو گروپ میں یکساں طور پر پھیلایا گیا ہے تب تو ہر ذیلی گروپ میں صرف ایک آدمی 2000 روپے والے وقفہ میں آتا ہے۔ اس لیے پانچواں کالم تمام گروپ سے ایک یونٹ اونچا بنتا ہے۔ پانچویں کالم کا رقبہ اس کے تعدد کے متناسب ہوگا۔




نوٹ۔ ہم عمودی محور کو تعدد کے اظہار کے لئے استعمال نہیں کرتے کیونکہ کالم کا رقبہ جو کہ تعدد کو ظاہر کرتا ہے نہ کہ اس کی بلندی۔

## 10.1.3 تعددی کثیرالاضلاع Frequency Polygon

تعددی کثیرالاضلاع بہت سارے اضلاع سے مل کر بننے والی بند شکل ہوتی ہے جسے بنانے کے لیے ہر گروہ کے کلاس مارک (کلاس/گروپ کا وسطی نقطہ) تعدد کے بالمقابل رکھ کر گراف پیپر پر نقاط لگائے جاتے ہیں۔ پھر ان نقاط کو سیدھی لائنوں سے ملا دیا جاتا ہے۔ تعددی کثیرالاضلاع ہسٹوگرام کی مستطیلوں کے اوپر کے اضلاع کے وسطی نقاط کو بھی ملانے سے حاصل ہوتی ہے۔

**مثال:-** تعددی جدول میں مواد وزن گھٹاؤ پروگرام میں 40 شرکاء کا وزن دیا گیا ہے۔

دیئے گئے ڈیٹا کو استعمال کر کے ظاہر کیجئے۔

(i) ہسٹوگرام (ii) تعددی کثیرالاضلاع سے ظاہر کریں۔

| تعدد | جماعتی وقفے |
|---|---|
| 2 | 60 — 70 |
| 5 | 70 — 80. |
| 9 | 80 — 90 |
| 12 | 90 — 100 |
| 7 | 100 — 110 |
| 3 | 110 — 120 |
| 2 | 120 — 130 |
| میزان: 40 | |

**حل:-**

(i) گراف پیپر پر محور بنایئے ($x$-محور، $y$-محور)

(ii) گراف کا عنوان لکھئے۔

(iii) افقی $x$-محور پر وزن (کلوگرام) میں اور عمودی $y$-محور پر تعدد لکھئے

(iv) افقی اور عمودی محوروں کے لیے سکیل مقرر کیجئے۔

(v) $x$-محور پر گراف کے آغاز سے پہلے اور اختتام کے بعد کم از کم جماعتی وقفے سے آدھی لمبائی چھوڑ دیجئے۔

(vi) 2 افراد کی بلندی تک بلند پہلا کالم پہلے جماعتی وقفہ کو ظاہر کرتا ہوا بنایئے۔

جز (iii) کو ایک جماعتی وقفہ کے لیے دہرائیے۔




(ii) مندرجہ بالا ہسٹوگرام $A$ کی تمام مستطیلوں کے اوپر والے اضلاع کے وسطی نقاط کی نشاندہی کیجئے۔ ان وسطی نقاط کو سیدھے خطوط سے اسطرح ملا کر پہلے کالم سے پہلے والے کالم کے وسطی نقطہ اور کالم کے وسطی نقطہ کو $x$-محور پر جاملائیں اور یوں ایک بند کثیر الاضلاع حاصل ہوتی ہے۔



# مشق 10.1

1- ایک جونیئر سکول کے 50 طلباء نے سکول کمپیوٹر کلب میں شمولیت اختیار کی۔ ان کی عمروں کا بنایا گیا ریکارڈ درج ذیل ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 8 | 9 | 10 | 7 | 8 | 8 | 11 | 10 | 9 |
| 7 | 8 | 9 | 9 | 10 | 11 | 11 | 10 | 9 | 8 |
| 8 | 7 | 9 | 7 | 10 | 7 | 10 | 8 | 9 | 11 |
| 10 | 11 | 8 | 10 | 9 | 8 | 9 | 7 | 11 | 10 |
| 9 | 10 | 10 | 11 | 10 | 11 | 7 | 11 | 10 | 9 |

تعددی جدول بنایئے جو کہ ہر عمر کے عدد کو ظاہر کرے۔ اس معلومات کو کالم چارٹ سے ظاہر کیجئے۔

2- مقامی مچھلی اور چپس کی دوکان پر ایک ہفتہ کی شام 56 گاہک آئے۔ انہوں نے دی گئی رقوم خرچ کیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 270 | 110 | 45 | 96 | 250 | 490 | 325 | 45 |
| 382 | 136 | 125 | 450 | 420 | 380 | 150 | 250 |
| 85 | 250 | 320 | 525 | 218 | 210 | 216 | 120 |
| 155 | 430 | 250 | 40 | 510 | 150 | 510 | 245 |
| 320 | 120 | 316 | 150 | 260 | 45 | 180 | 310 |
| 273 | 280 | 85 | 280 | 318 | 45 | 210 | 282 |
| 462 | 316 | 218 | 316 | 325 | 45 | 560 | 315 |

گروپوں 0–99 روپے، 100–199 روپے، 200–299 روپے، 300–399 روپے، 400–499 روپے، 500–599 روپے کو استعمال کرتے ہوئے تعددی جدول تیار کیجئے اور مواد کو کالم/بار چارٹ میں ظاہر کیجئے۔

3- ایک میلے میں فروخت کیے گئے 30 پاپ کارن کے بیگوں کے اوزان گرام میں دیئے گئے ہیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
